بھارتیہ اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق بھارت میں عمل تحویل کا مبارک وقت صبح ۲۱ مارچ ۴ بجکر ۵۱ منٹ سے صبح ۵ بجکر ۳۵ منٹ تک کا عرصہ خاص مبارک ہوگا۔ اس عرصہ میں عملیات اور تعویز تیار کرنا پڑا پُر تاثیر ہوتا ہے۔ عامل کو چاہئے کہ بروقت تحویل نہا دھوکر پاک اور صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک علیحدہ کمرے میں بیٹھ کر اپنے اشیٹ دیو یعنی خدا کی عبادت کریں۔ خوشبودار اگربتی دھوپ جلا کر مشرق کی جانب منہ کر کے بیٹھ جائیں اور شمس (آفتاب) کی بھگوان (خدا) تصور کرتے ہوئے بھوج پتر یا چاندی یا تانبہ کی پلیٹ پر ذیل لکھے تعویزوں میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کوئی سا تعویز یا عمل مور کی قلم سے اشیٹ گندھ سے لکھ کر پاک جگہ پر رکھیں۔ اس سے روحانی ودنیاوی مشکلات حل ہونگی۔

اشت گندھ سرخ چندن، سفید چندن، مشک کفور، خس اگر تگر، کستوری اور کبیران آٹھ چیزوں کو گنگا جل میں گھول کر سیاہی بنا کر لکھیں۔

نوگرہ جنتر		
اورہم ہرنیگ سوریائے نمہ	اوم ہرنیگ گورونمہ	اوم ہرنیگ شکرائے نمہ
اوم سوم سومائے نمہ	اوم ہرنیگ بدھائے نمہ	اوم ہرنیگ شینہ نمہ
اوم ہرنیگ بھومائے نمہ	اوم ہرنیگ راہونمہ	اوم ہرنیگ کیتوسے نمہ

اس جنتر کو نوگرہ استوتر کا پاٹھ کرنے بعد آٹھ دھاتوں کی پلیٹ پر کھدا کر یا اشٹ گندھ سے بھوج پتر پر لکھ کر نوروز عالم کے دن یا ردی پکھ، گورو پکھ وغیرہ شبھ مہورت تیار کر کے اپنے پاس رکھنے سے نوگرہوں کے ناقص اثر کو دور کرنے میں مدد ملتی ہے۔

گرہوں کا داخلہ راشی وکری مارگی طلوع۔غروب ۲۰۱۱ء

سورج (شمس) SUN

تاریخ	ماہ	راشی	گھنٹہ	منٹ
(سال کے شروع میں دھن راشی میں)				
۱۴	جنوری	مکر	۱۸	۴۴
۱۳	فروری	کنبھ	۷	۴۳
۱۴	مارچ	مین	۲۸	۳۳
۱۴	اپریل	میکھ	۱۳	۰۰
۱۵	مئی	برکھ	۹	۵۰
۱۵	جون	متھن	۱۶	۲۶
۱۶	جولائی	کرک	۲۷	۲۰
۱۷	اگست	سنگھ	۱۱	۴۸
۱۷	ستمبر	کنیا	۱۱	۴۷
۱۷	اکتوبر	تلا	۲۳	۴۶
۱۶	نومبر	برشچک	۲۳	۴۴
۱۶	دسمبر	دھن	۱۴	۱۳

منگل (مریخ) Mars

تاریخ	ماہ	راشی	گھنٹہ	منٹ
(سال کے شروع دھن میں)				
۸	جنوری	مکر	۱۲	۱
۱۵	فروری	کنبھ	۱۶	۴۶
۲۵	مارچ	مین	۱۸	۳۷
۳	مئی	میکھ	۱۴	۴۷
۱۲	جون	برکھ	۲۴	۵۳
۲۵	جولائی	متھن	۱۸	۲۶
۹	ستمبر	کرک	۱۵	۴۴
۳۰	اکتوبر	سنگھ	۲۲	۴
(سال کے آخر تک سنگھ راشی میں ہی گردش کریگا)				

بدھ (عطارد) (Mercury)

تاریخ	ماہ	راشی	گھنٹہ	منٹ
(سال کے شروع برشچک راشی میں)				
۷	جنوری	دھن	۲۴	۲۳
۳۱	جنوری	مکر	۵	۵۴
۱۸	فروری	کنبھ	۱۷	۳۲
۶	مارچ	مین	۲۰	۱۸
۲	اپریل (وکری)	مین	۱۰	۵۳
۲۸	مارچ	میکھ	۱۹	۳۹
۳۱	مارچ کو وکری		۲	۱۸
۲۳	اپریل سے مارگی		۱۵	۳۵
۱۱	مئی	میکھ	۸	۴۲

تاریخ	ماہ	بدھ راشی	گھنٹہ	منٹ
۳۰	مئی	برکھ	۲۴	۴
۱۴	جون	متھن	۶	۵۷
۲۸	جون	کرک	۲۴	۴۴
۲۰	جولائی	سنگھ	۱۱	۵۰
۳	اگست کو وکری		۹	۱۶
۱۶	اگست (وکری)	کرک	۲۴	۳۲
۲۶	اگست	مارگی	۲۷	۲۶
۴	ستمبر	سنگھ	۲۶	۱۸
۲۲	ستمبر	کنیا	۲۰	۵۸
۹	اکتوبر	تلا	۲۳	۳۲
۲۹	اکتوبر	برشچک	۱۵	۲۱

برہسپت یعنی مشتری (Jupiter)

تاریخ	ماہ	گھنٹہ	منٹ
(سال کے شروع میں مین میں)			
۸	مئی سے میکھ میں	۱۴	۱۴
۳۰	اگست کو وکری	۱۴	۴۶
۲۵	دسمبر سے مارگی	۲۷	۳۷

شکر یعنی زہرہ (Venus)

تاریخ	ماہ	راشی	گھنٹہ	منٹ
یکم	جنوری	برشچک	۱۶	۴۵
۲۹	جنوری	دھن	۲۸	۰۰
۲۵	فروری	مکر	۶	۱۳
۲۲	مارچ	کنبھ	۱۲	۴۰
۱۶	اپریل	مین	۱۰	۵۰
۱۰	مئی	میکھ	۲۹	۲۴
۴	جون	برکھ	۲۲	۰۰
۲۹	جون	متھن	۱۲	۳۰
۲۳	جولائی	کرک	۲۳	۵۴
۱۷	اگست	سنگھ	۷	۴۵
۱۰	ستمبر	کینا	۱۲	۴۰
۴	اکتوبر	تلا	۱۶	۱
۲۸	اکتوبر	برشچک	۱۹	۲
۲۱	نومبر	دھن	۲۲	۳۵
۱۵	دسمبر	مکر	۲۷	۴۸

سنیچر یعنی زحل (Saturn)

تاریخ	ماہ		گھنٹہ	منٹ
(سال کے شروع میں وکری ہوکر کنیا میں)				
۱۳	جون	شنی مارگی	۹	۲۰
۱۵	نومبر کو تلا میں		۱۰	۱۱

راہو (راس) Rahu

(سال کے شروع میں دھن راشی میں)

۶ جون کو برشچک میں ۱۵ ۱۱

کیتو

۶ جون کو برکھ میں ۱۵ ۱۱

(سال کے آخر تک برکھ میں ہی)

یورینس

سارا سال مین راشی میں ہی گردش کریگا

نیپچون

سارا سال کنبھ راشی میں ہی گردش کریگا

پلوٹو (Pluto)

سارا سال دھن راشی میں ہی گردش کریگا

۱۹ اپریل سے وکری ۱۴ ۱۰

۱۶ ستمبر کو مارگی ۲۳ ۵۰

گرہوں کا وکری۔مارگی ۲۰۱۱ء

بدھ

۳۰ مارچ کو وکری	۲۶	۱۸
۲۳ اپریل سے مارگی	۱۵	۳۵
۳ اگست کو وکری	۹	۱۶
۲۶ اگست سے مارگی	۲۷	۲۶
۲۴ نومبر کو وکری	۱۲	۳۶
۱۴ دسمبر سے مارگی	۷	۱۲

برہسپت

۳۰ اگست کو وکری	۱۴	۴۶
۲۵ دسمبر سے مارگی	۲۷	۳۷

منگل اور شکر

سال ۲۰۱۱ء کے دوران مارگی حالت میں ہی گردش کرینگے۔

سنیچر

سال کے شروع (جنوری) سے ہی کنیا راشی میں ہی وکری۔

۱۳ جون سے مارگی ۹ ۲۰

گرہوں کا غروب وطلوع ۲۰۱۱ء

منگل

سال ۲۰۱۱ء کے شروع میں ہی دھن راشی میں غروب ہے۔

۱۲۷ اپریل کو مین راشی میں طلوع ۳۱/۲۶

بدھ

۷ فروری پورب میں غروب	۷/۲۳
۱۲ مارچ پچھم سے طلوع	۲۹/۱
۱۲ اپریل پچھم میں غروب	۱۱/۷
۱۷ اپریل پورب سے طلوع	۵۴/۴
یکم جون پورب میں غروب	۱۲/۲۵
۲۴ جون پچھم میں طلوع	۵۰/۱۰
۱۰ اگست پچھم میں غروب	۲۲/۷
۱۸ اکتوبر پچھم میں سے طلوع	۴۰/۱۱
۲۸ نومبر پچھم میں غروب	۳/۱۷
۱۰ دسمبر پورب سے طلوع	۴۹/۲

برہسپت

۲۵ مارچ پچھم میں غروب	۴۱/۱۶
۲۴ اپریل پورب سے طلوع	۹/۱۳

شکر (غروب طلوع)

۲۴ جولائی پورب میں غروب	۵/۲۹
۱۲ اکتوبر پچھم سے طلوع	۱۸/۲۱

سنیچر

۲۶ ستمبر پچھم میں غروب	۵۴/۱۷
۱۳۱ اکتوبر پورب سے طلوع	۴۷/۶

گرہوں کے درجہ کن یوگ ۲۰۱۱ء

۱۴ جنوری بدھ راہو	(دھن)
۴ فروری سورج منگل	(مکر)
۱۶ مارچ بدھ برہسپتی	(مین)
۶ اپریل سورج برہسپتی	(مین)
۱۹ اپریل منگل بدھ	(مین)
۱۱ مئی برہسپتی شکر	(میکھ)
۱۶ مئی بدھ شکر	(میکھ)
۱۳ جون سورج بدھ	(برکھ)
۱۶ اگست سورج شکر	(کرک)
۳۰ ستمبر شکر شنی	(کنیا)
۱۴ اکتوبر سورج شنی	(کنیا)
۱۴ نومبر شکر راہو	(برشچک)
۶ دسمبر سورج راہو	(برشچک)
۲۶ دسمبر بدھ راہو	(برشچک)

نوٹ۔ جب دو مخالف گرہوں کا درجہ کن یوگ کسی کنڈلی میں بنتا ہو تو تب متعلقہ شخص کو پیچیدہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

از۔پنڈت پنالال جیوتشی

سنیچر کی ساڑھ ستی، ڈھیہ اور پایا کا بیان بابت ۲۰۱۱ء

(۲۰۱۱ء کے دوران سنیچر کا کنیا و تُلا راشیوں میں گردِش کا ثمرہ

سال ۲۰۱۱ء کے شروع میں سنیچر (۲۶ جنوری سے) وکری ہوکر کنیا راشی میں ہی گردش کر رہا ہے۔ ۱۳ جون کو مارگی ہوگا، اور پھر ۱۴ نومبر تک کنیا راشی میں ہی گردش کریگا۔ ۱۵ نومبر منگلوار کو بوقت متھن کے چندرماں صبح ۱۰ بجکر ۱۱ منٹ پر شنی تُلا راشی میں داخل ہوگا۔ سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ کے زیر اثر والے شخص کو گھریلو اور اقتصادی اُلجھنیں، جسمانی اور ذہنی بیماریاں، نزدیکی رشتہ داروں کے ساتھ بگاڑ، آمدن کے ذریعات کے راستہ میں اڑچنیں، خرچوں میں اضافہ اور گرہوں کے ناقص اثرات حاصل ہوتے ہیں۔ گزشتہ سال کے مفید عالم جنتری میں ہم اگرچہ سنیچر کا کنیا راشی میں گردش کا ثمرہ لکھ چکے ہیں۔ مگر اس سال برہسپت کی نظر نہ پڑنے سے حالات میں تھوڑا فرق پڑ جائے گا۔

۲۰۱۱ء میں کنیا راشی میں گردش کے دوران سنیچر کی ساڑھ ستی اور ڈھیہ

☆ سنگھ، کنیا اور تلا راشی کے لوگوں کو شنی کی ساڑھ ستی کے اثرات میں گزرنا پڑے گا۔

جبکہ متھن اور کنبھ راشی والے اشخاص ۱۴ نومبر تک شنی کی ڈھیہ کے زیر اثر میں سے رہیں گے۔

ضروری نوٹ:

سنیچر کی ساڑھ ستی یا اڈھیہ ہمیشہ ناقص اثرات ہی نہیں دیتی۔ کچھ حالات میں ساڑھ ستی یا ڈھیہ فائدہ مند بھی ہوتا ہے، پیدائش کنڈلی میں سنیچر اگر اچھی حالت میں ہو جیسے اوچ یا برہسپت شکر وغیرہ نیک گرہوں کے زیر اثر ہو تو سنیچر اچھا اثر بھی دیتا ہے۔ جیسے برکھ متھن کنیا تلا مکر یا کنبھ لگن والے اشخاص کو سنیچر اکثر اچھا اثر کرتا ہے۔ کنڈلی میں گرہ اگر یوگ کارک یعنی بہتر پوزیشن میں ہے تو متعلقہ شخص کو سنیچر بہت زیادہ فائدہ اور ترقی دینے والا ہوگا۔

☆ کنیا راشی میں گردش کے دوران مختلف راشیوں پر شنی کا اثر

میکھ راشی۔ سنیچر چھٹے خانہ میں گردش کرنے اور پایا سونا سونے سے بہت مشکل اور مخالف حالات کا سامنا رہے گا؟ مگر سال کے پہلے حصہ میں اس راشی پر منگل کی اپنی نظر پڑنے سے گزارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ دوئم حصہ میں خرچ زیادہ اور مشکلیں بڑھیں گی۔

برکھ راشی: سنیچر پانچویں خانہ پر راشی تبدیل کرنے سے اونچی تعلقم کے راستہ میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ عورت کو تکلیف اور گھر کے متعلق خفیہ فکرمندی ہو۔ اپنے مقصد میں بڑی مشکل کے بعد کامیابی حاصل ہو، اس راشی پر شنی کا پایا لوہا ہونے سے نزدیکی تعلق والوں سے تکرار دمن متاؤ۔ دشمن اور بیماری کا ڈر ہو۔ خرچ زیادہ ہونگے۔

متھن راشی: سنیچر چوتھے ہونے شنی کی ڈھیہ ہوگی۔ جس کے زیر اثر جدوجہد دھن دولت کا نقصان تناؤ وغیرہ ناقص اثرات پیدا ہونگے۔ پایا سونا ہونے سے بیماری اور دشمنوں کا ڈر گھریلو جھگڑے فساد تناؤ اور فضول خرچ بڑھیں گے۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

کرک۔ راشی پر سنیچر تیسرے خانہ پر راشی بدلنے سے دھن کا فائدہ مکان سواری وغیرہ سہولتوں میں اضافہ ہوگا۔ سنیچر کی پایا تانبہ ہونے لابھ اور ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ سال کے شروع سے اس راشی پر منگل کی نیچ نظر پڑنے سے صحت میں خرابی اور خرچ بڑھیں گے۔

سنگھ راشی۔ اس راشی پر سنیچر کی ساڑھ ستی کا اثر ابھی رہیگا۔ گھریلو اور مالی الجھنیں ہوں۔ آمدن کم اور اخراجات زیادہ ہونگے۔ اس راشی پر شنی کا پایا چاندی ہونے سے دھن لابھ (فائدہ) کے موقعہ حاصل ہوتے رہیں گے۔ مگر خرچ بھی زیادہ ہونگے۔ ۸ مئی کے بعد اِس راشی پر برہسپت کی ۵ ویں نظر ہونا شبھ ہوگا گھر، پرِوار میں کوئی مبارک کام منعقد ہوگا۔

کنیا راشی۔ پر سنیچر کی گردش ہونے شنی کی ساڑھ ستی ہوگی۔ گھریلو اور

کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔ دھن دولت کے متعلق الجھنیں بھی بڑھیں گی۔ پایا لوہا ہونے سے جدوجہد اور تناؤ بڑھیں گے۔ صحت کے متعلق پریشانیاں ہونگی نوگرہ استوتر کا پاٹھ کرنا مبارک ہوگا۔

تلا راشی۔ سنیچر کی ساڑھ ستی کا اثر ہوگا۔ شنی بارھویں خانہ ہونے سے بنتے کاموں میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ لیکن شنی کا پایا تانبہ ہونے سے محنت کرنے پر گذارے لائق آمدن کے، چانس بنتے رہیں گے کوئی خوشخبری ملے گی۔

برشچک راشی۔ شنی گیارھویں خانہ پر راشی تبدیل کرنے سے اچانک دھن کا فائدہ اچھا ترقی اور آرام کے ذریعات بڑھنے کے موقع حاصل ہونگے۔ لیکن شنی کا پایا سونا ہونے سے سال کے دوئم حصہ میں گذارے لائق دھن کے موقعہ حاصل ہوتے رہیں گے۔ خفہ پریشانیاں بڑھیں گی۔

دھن راشی۔ شنی دسویں خانہ پر راس تبدیل کرنے سے کاروبار کے متعلق جدوجہد زیادہ رہیگی۔ شروع میں گھریلو الجھنیں، کسی وجہ سے دھن کے متعلق پریشانیاں پیدا ہونگی۔ دوئم حصہ میں گذارے لائق فائدہ اور ترقی کے موقعہ حاصل ہونگے۔ ۸ مئی کے بعد اس راشی پر براہسپت کی نظر شبھ ہوگی۔

مکر راشی:۔ کو سنیچر نویں خانہ میں ہونے سے دھن لابھ اور ترقی کے راستہ میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ سنیچر کا پایا بھی لوہا ہونے سے آمدن کم اور خرچوں میں اضافہ ہوگا۔ کام کاج کے متعلق فکر مندی رہے گی۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

کنبھ راشی۔ شنی آٹھویں خانہ میں ہونے سے شنی ڈھیہ کا ناقص اثر ہوگا، شنی پایا بھی سونا ہونے سے کاروبار میں جدوجہد کن حالات اور گھریلو تناؤ میں اضافہ ہوگا مگر پایا تانبہ ہونے سے گزارے لائق آمدن کے ذریعہ بنتے رہیں گے۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

مین راشی۔ اس راشی کو سنیچر ساتویں ہونے سے گھریلو اور کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔ پایا چاندی ہونے سے بیچ بیچ میں گزارے لائق دھن لابھ کے موقعہ حاصل ہوتے رہیں گے۔ شنی وار کے ۱۲ برت رکھنے اور شنی چالیسہ کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

تلا راشی میں سنیچر کی گردش کے نیک و بد حالات

☆۱۵ نومبر ۲۰۱۱ء منگلوار کی صبح ۱۰ بجکر ۱۱ منٹ پر شنی تلا راشی میں داخل ہوگا۔

☆شنی ساڑھ ستی۔ تلا راشی میں گردش کے دوران سنگھ راشی پر ساڑھ ستی ختم ہوگی۔ کنیا، تلا اور برشچک راشی والوں پر شنی ساڑھ ستی کا اچھا یا بُرا اثر ۱۵ نومبر سے سال کے آخر تک رہے گا۔

☆اڈھیا:۔ کرک اور مین راشی والے لوگوں کو شنی کی اڈھیا کا ناقص اثر ۱۵ نومبر سے سال کے آخر تک رہے گا۔

تلا راشی میں گردش کے دوران شنی کا پایا وِچار

(۱) میکھ، کنیا، اور دھن راشی والوں کو تانبہ کا پانا فائدہ مند ہوگا۔ ان کو اُونچی تعلیم میں کامیابی، دھن دولت اور سواری وغیرہ کا سکھ، شادی اور اولاد وغیرہ گھریلو سکھ اور ترقی ہونے کے امکان ہیں۔

(۲) برکھ، تلا، اور کُنبھ راشی والوں کو چاندی کا پایہ فائدہ مند ہوگا۔ انکو کاروبار میں ترقی، غیر ملک سے خوشخبری، اچانک دھن لابھ، زمین سواری، اور عورت اولاد وغیرہ پروارک سواری وغیرہ سکھوں کی پراپتی ہوگی۔

(۳) متھن، سنگھ، ومکر راشی والوں کو سونے کا پایہ ہونے سے اُن کے لئے کشمکش کُن حالات ہونگے۔ آمدن میں کمی اور خرچوں میں زیادتی رہے گی جسم کو تکلیف، پیچیدہ بیماری اور مزید پریشانیوں کا ڈر ہوگا۔

(۴) کرک، برشچک و مین راشی والے لوگوں کو لوہے کا پایہ پریشان کن اور جدوجہد والے حالات کا سامنا رہے گا۔ آمدن میں کمی اور اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ بنتے کاموں میں اڑچنیں، گھریلو اور کاروباری پریشانیاں بڑھیں گی۔

☆شنی کی تلا راشی کے دوران بارہ راشیوں پر اثرات

میکھ راشی:۔ جسم کو تکلیف آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے۔ اس پر سنیچر کا پایہ، تانبہ ہونے سے صحت میں بہتری، دھارمک (مذہبی) باتوں کی جانب توجہ لگے گی۔ لابھ اور ترقی کے چانس ہونگے۔

برکھ:۔ شنی چھٹے ہونے سے بہت جدوجہد کے بعد دھن لابھ کے ذریعہ بنیں گے۔ لیکن شنی کا پایہ چاندی ہونے سے ترقی، دور دیش کا سفر اور سوچے ہوئے منصوبوں میں کامیابی ملے۔ دھان لابھ کے موقعہ ملیں گے۔

متھن راشی :۔ اُونچی تعلیم اور دھن لابھ کے راستہ اور کریئر میں اڑچنیں پیدا ہونگی۔ دھن دولت کا خرچ زیادہ رہے۔ شنی کا پایہ بھی سونا ہونے سے ترقی کے راستہ میں رکاوٹیں پیدا ہونگی۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا اچھا شبھ ہو۔

کرک راشی :۔ شنی کی ڈھیہ کی وجہ سے جدوجہد اور دوڑ دھوپ زیادہ رہے گی۔ دھن کا نقصان تناؤ وغیرہ خراب پھل ظاہر ہونگے۔ لیکن اس راشی پر شنی لوہے کا پایہ ہونے سے اُلجھنوں و رکاوٹوں کے بعد گزارے لائق آمدن کے ذریعات ملیں گے۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا ٹھیک ہوگا۔

سنگھ راشی :۔ اس راشی کو شنی تیسرے خانہ راشی میں تبدیل ہونے سے دھن لابھ، مکان، سواری وغیرہ سکھ سہولتوں میں اضافہ ہوگا۔ لیکن اس راشی پر شنی کو سونے کا پایہ ہونے سے آمدن کے متعلق فکرمندی رہے گی ۔صحت بھی کچھ ٹھیک نہ رہے گی۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

کنیا راشی :۔ کو شنی دوئم خانہ پر راس تبدیل کرنے سے شنی ساڑھ ستی کا ناقص اثر ابھی رہے گا۔ آمدن کم خرچ زیادہ رہیں گے ۔ مالی پریشانیوں کی وجہ سے دماغی تناؤ رہے۔ لیکن اس راشی کو شنی کا پایہ تانبہ ہونے سے گزارے لائق آمدن کے کچھ سادھن بنتے رہیں گے۔

تُلا راشی : پر شنی کی گردش ہونے سے ساڑھ ستی کی وجہ سے دماغی تناؤ اور گھریلو اُلجھنیں زیادہ ہونگی۔ اگرچہ اس راشی شنی شرف یعنی اوچ کا ہونے اور پایہ چاندی ہونے سے دھن دولت کا فائدہ مکان زمین یا سواری وغیرہ کے سُکھ حاصل ہونگے۔ غیر ملک کا سفر بھی ممکن ہے۔

برشچک راشی : اس راشی کو شنی بارہویں خانہ پر شنی ساڑھ ستی ہونے سے آمدن کم اور خرچ زیادہ ہو۔ گھریلو مسائل کی وجہ سے اُلجھنیں بڑھیں گی بنتے کاموں میں رکاوٹیں پیدا ہو۔ اس راشی پر شنی کا پایہ لوہا ہونے سے جِسم کو تکلیف تناؤ اور جدوجہد زیادہ رہے گی۔ شنی استوتر کا پاٹھ کرنا مبارک ہوگا۔

دھن راشی :۔ کو شنی گیارہویں خانہ میں ہونے سے بہت محنت مشقت کے بعد ہی دھن حصولی ہوگی۔ گزارے لائق آمدن کے ذریعہ بنیں گے۔ اس راشی پر شنی کا پایہ تانبہ ہونے سے نوکری میں ترقی اور دھن لابھ کے چانس ملیں گے۔ نوگرہ استوتر کا پاٹھ کرنا چاہئے۔

مکر راشی : کو شنی دسویں خانہ پر تبدیل ہونے سے رکاوٹوں کے باوجود گزارے یوگ آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے ۔ لیکن اس راشی کا پایا سونا ہونے سے جدوجہد زیادہ رہے گی۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے ۔

کنبھ راشی : اس راشی پر شنی نویں ہونے سے کاروبار میں بہت مشکل حالات اور جدوجہد رہے گی۔ آمدن کم اور خرچ زیادہ رہیں گے۔ صحت کے متعلق خاص احتیاط برتیں۔ اس پر شنی کا پایا چاندی ہونے سے گزارے لائق آمدن کے ذریعات بنتے رہیں گے۔ اِن کو شنی استوتر کا پاٹھ کرنا اچھا ہوگا۔

مین راشی : اس راشی پر سنیچر آٹھویں ہونے سے شنی کی ڈھیہ ہوگی۔ جس کے زیر اثر کاروبار میں رکاوٹیں اور گھریلو اُلجھنیں رہیں گی۔ دھن کا لابھ بھی معمولی ہوگا۔ اس راش کو پایا لوہا ہونے سے سال کے پیشتر حصہ میں اچانک دھن کا نقصان اور صحت خراب ہونے کا اندیشہ ہے ۔شنی استوتر کا پاٹھ کرنا شبھ ہوگا۔

شنی ساڑھ ستی ۔ ڈھیہ و پایہ کے ناقص اثر کے شانتی کیلئے ۲۳ ہزار کی تعداد میں جپ کرنا اس کے بعد ۱۰ فیصد اعداد میں کسی پنڈت جی سے ہون کروانا مبارک ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ سنیچر کا برت رکھنا ۔ اڑو (ماش) ساپت دھان کالے کپڑے لوہے اور تیل کے متعلق اشیا کا دان کرنا شری شوشنکر و ہنومان چالیسہ کا پاٹھ کرنا نیلم کا نگ دھارن کرنا اور شنی استوتر کا پاٹھ کرنا فائدہ مند ہوتا ہے۔

شنی کا بیج منتر ۔اوم پرانگ پرینگ پرونگ سیہ شنیہ نمہ ۔تعداد ۲۳ ہزار۔

شنی کا وید منتر ۔اوم شنو دیوی رھشینائے آپو بھونتو پیتیے شیویر بھیر دنتو نہ ۔اوم سنیچرائے نمہ۔

نوٹ: نوگرہ استوتر اور شنی استوتر اور دیگر سبھی گرہوں کے استوتر ہماری اپایوں والی کتاب میں دستیاب ہیں۔

برہسپت کا مین و میکھ راشی میں گوچر پھل ۲۰۱۱ء

سال ۲۰۱۱ء کے شروع میں ہی برہسپت مارگی پوزیشن میں مین راشی میں گردش کر رہا ہے۔ ۷ مئی تک مین راشی میں ہی گردش کریگا۔ ۸ مئی اتوار کو دوپہر ۲ بجکر ۱۴ منٹ سے اشونی نکشتر و میکھ راشی میں داخل ہوگا اور سال کے آخر تک میکھ راشی میں ہی گردش کریگا۔ ۳۰ اگست سے برہسپت وکری ہوگا اور پھر ۲۵ دسمبر ۲۰۱۱ء کو میکھ راشی پر ہی مارگی ہوگا۔ مین راشی میں برہسپت کا گوچر پھل اگرچہ گزشتہ سال کی مفید عالم جنتری میں لکھ چکے ہیں پھر بھی ناظرین کی سہولیت کے لئے مندرجہ ذیل ہے۔

☆ برہسپت کا مین راشی میں داخلہ کا پھل ۲۰۱۱ء تک

(سال کے شروع سے ۷ مئی ۲۰۱۱ء تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
آمدن کم اور خرچ زیادہ ہو کسی سے دھوکہ ملنے کیب امکان ہیں۔	کنبہ میں کوئی مبارک کام متعلقہ دھن پراپتی اور ترقی موقعہ	بہت محنت سے دھن کا فائدہ ترقی کے موقع حاصل۔ کشمکش ہو خرچوں میں بڑھوتی ہو	بنتے کاموں میں اڑچنیں جسم کو تکلیف بیماری اخراجات زیادہ	آمدن کم اور خرچ زیادہ ہونگے گھریلو اور کاروبار الجھنیں بڑھیں	عورت یا اولاد کی جانب سے خوشی امتحان میں کامیابی گھریلو سکھ میں اضافہ ہو۔	جسم کو تکلیف دھن کے متعلق جدوجہد پریشانی گھریلو الجھنیں بڑھیں	تناؤ کے باوجود دوڑ دھوپ بڑھے گی گزارے لائق آمدن ہو	دھن لابھ و ترقی کے موقع ملیں گے سواری وغیرہ کے سکھ ملیں گے	عزیزی سے تکرار گھریلو الجھنیں اور حرج زیادہ ہونگے گھریلو خوشیوں میں اضافہ ہو	فضول دوڑ دھوپ بڑھیں کسی عزیز سے امن مٹاؤ ہو	اچانک دھن لابھ ترقی کے موقعہ دھارمک کاموں میں دلچسپی

برہسپت کا میکھ راشی میں داخلہ کا پھل ۲۰۱۱ء

(۸ مئی سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
دھن لابھ و ترقی کے موقع سواری وغیرہ کے سکھ	آرام کم جدوجہد زیادہ فضول خرچی بڑھے گی گھریلو الجھنیں بڑھیں	بگڑے کاموں میں کچھ سدھار زمین سواری وغیرہ سکھ حاصل ہو	آمدن کم خرچ زیادہ ہونگیں گھریلو الجھنیں بڑھیں گی	دھن لابھ و بھاگیہ میں اڑچنوں کے کامیابی خرچ زیادہ	بلاوجہ دوڑ دھوپ بڑھے کسی نزدیکی رشتہ دار سے بگاڑ	بھائی بندھو میل جول ہو دھن کا فائدہ کے موقع حاصل	بنتے کام میں اڑچنیں جسم کو تکلیف بیماری خرچ زیادہ	کسی عزیز شخص سے ملاقات اچانک دھن کا لابھ	اچانک دھن لابھ ترقی کے موقع دھارمک کاموں میں دلچسپی	بہت محنت کے بعد قسمت میں ترقی کے چانس اور کامیابی	دھن لابھ کم ترقی کے موقع ملیں مگر دھرم کرم خرچ ہو

برہسپت کے ناقص۔ (خراب) اثرات کی شانتی (اپائے) کے لئے ویروار کا برت رکھنا پکھراج دھارن کرنا۔ چنے کی دال پیلے کپڑے کانسہ کا برتن کیلئے لڈو اور دھارمک گرنتھ اور برہسپت کے نیچے منتر۔ اوم گرام گریم گروم گوروے نمہ کا پاٹھ ۱۹ ہزار کی تعداد میں ودھی مطابق کرنا مبارک ہوتا ہے۔ اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی کنڈلی میں برہسپتی ناقص اثر کر رہا ہو تو اس کو بھی پکھراج دھارن کروایا جاتا ہے۔

راہو، کیتو کا گوچر پھل ۲۰۱۱ء

گزشتہ سال سے راہو دھن راشی مین اور کیتو متھن راشی میں گردش کر رہے ہیں۔ ۵ جون تک انہیں راشیوں میں گردش کرتے رہیں گے۔ ۶ جون سوموار کی دوپہر ۳ بجکر ۱۱ منٹ سے راہو وکری چال سے برشچک راشی میں اور کیتو برکھ راشی میں داخل ہوگا

راہو کا برشچک راشی میں گرِدش کا پھل ۲۰۱۱ء

(٦ جون سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تُلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
بہت جدوجہد کے بعد دھن لابھ گھر میں کوئی مبارک کام	گھریلو اُلجھنوں کے باوجود گزارے یوگ آمدن ہو۔	آمدن کم جدوجہد زیادہ ہو جس کو تکلیف دشمنوں خوف ہو	کاروبار میں دھن نقصان نزدیکی لوگوں سے تکرار	بہت محنت سے بھی آمدنی میں اضافہ نہیں	خاص کوشش سے سوچی اسکیموں میں کامیاب	کسی عزیز کی مدد سے بگڑا کام بنے سواری سنگھ حاصل ہو	کوشش کرنے پر گزارے لائق روزی حاصل ہو۔	گھریلو کاروباری اُلجھنوں میں اضافہ بنے کام بگڑیں گے	کسی نزدیکی کی دوست کے ساتھ تکرار آمدن کم خرچ زیادہ	کچھ فضول خرچی بڑھے گی بنتے کام میں اڑچنیں دماغی تناؤ	بہت محنت کے بعد بگڑے کام بنیں سواری کا سکھ حاصل ہو۔

کیتو گرہ کا برکھ راشی میں گردش کا پھل ۲۰۱۱ء

(٦ جون سے سال کے آخر تک)

میکھ	برکھ	متھن	کرک	سنگھ	کنیا	تُلا	برشچک	دھن	مکر	کنبھ	مین
دھن لابھ مدھم عزیز سے تکرار خرچ زیادہ ہونگے۔	بگڑے کاموں میں سدھار اچانک دھن لابھ سواری سکھ	آمدن کم جدوجہد زیادہ ہو جسم کو تکلیف دشمنوں سے خوف	جسم کو تکلیف عزیز کی طرف سے دھوکہ پریشانی ہو	فضول خرچی بڑھے بنتے کام میں اڑچنیں دماغی تناؤ	محنت کے بعد بگڑے کام بنیں سواری سکھ حاصل ہو	جدوجہد کے بعد دھن لابھ گھر میں کوئی مبارک کام	آمدنی کم اور فضول خرچی میں اضافہ پریشانی بڑھے گی	بہت کشمکش کے بعد سکھ کے ذرائع میں اضافہ	سواری سکھ دوست سے ملاقات بدیش جانے کا پروگرام	آمدنی کے ذرائع میں اضافہ کوئی بگڑا کام بنے	گھریلو کلیش کی وجہ سے پریشانی آمدن کم خرچ زیادہ

راہو۔ کیتو کی شانتی

راہو کے ناقص اثر دور کرنے کیلئے تل تیل بھورے رنگ کا کپڑا کمبل ناریل سنت ناجا اسپت دھانیہ کالے پھول لوہے کا برتن دان اور پنڈتوں کو باجرہ وغیرہ ڈالنا مبارک اپائے کرنے سے پہلے اپنی جنم پتری کسی یوگ جیوتشی کو دکھا لینی اہئے۔ راہو کے بیج منتر۔ اوم بھرام بھریم بھروم سیہ راہوے نمہ۔ منتر کا ۷ ہزار کی تعداد میں جاپ کرنا چاہئے۔

کیتو شانتی کیلئے۔ اوم سرام سریم سروم سیہ کیتو شانتی کیلئے۔ جنتر کا ۷ ہزار کی تعداد میں جپ شری کنیشا شوکر کا پاٹھ سپت ڈھانیہ لوہے کا چاکو رنگدار تیل تانبہ کا برتن وغیرہ دان کریں۔ دیگر شانتی کیلئے جیوتشی جی سے مشورہ کریں۔ پنڈت پنالال جیوتشی یا ہمارے کاریالہ چھپی ہوئی اپایوں کی تکاب انشٹ گرہوں لاجواب اپائے اور ٹوٹکے ہندی میں چھپی ہوئی بڑی کتاب منگوا کر فائدہ اُٹھائیں۔ قیمت جمع ڈاک خرچ 190 روپے۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

نوٹ: برہسپت کے خراب [illegible] (ناقص) گرہوں [illegible] منگوا کر مطالع کریں۔ جنرل بک ڈپو جالندھر۔

بکرمی سمت ۲۰۶۸ (۲۰۱۱ء) اور سال کے بادشاہ وزیر وغیرہ کا بیورو

کرودھی نام کا ۳۸واں نیا بکرمی سمت ۲۰۶۸ چیت شدی یکم پروشیٹہ ۲۲ چیت مطابق ۴، اپریل ۲۰۱۱ء عیسوی سوموار کو وقت ریوتی پچھتر تُلا لگن میں داخل ہوگا۔ ۴، اپریل ۲۰۱۱ء سے لے کر اگلے سمت تک دھارمک انوشٹھان، جپ تپ پاٹھ، دان وغیرہ اور سنکلپ کے وقت کرودھی نام کے سمت سر کا استعمال ہوگا۔ شاستروں میں کرودھی نام کے سمت سر کا پھل اس طرح بیان کیا گیا ہے۔

क्रोधिअब्दे तु अखिलालोका: क्रोध लोभ परायणा: ।
ईति दोषेण सततं मध्य सस्यार्घ वृष्टय: ॥

یعنی کرودھی نام کے سمت سر کے شروع ہونے سے مُلک کے زیادہ تر لیڈر اور انتظامیہ طبقہ کے کچھ لوگ مطلب پرستی لالچ وغیرہ کے بس میں ہوکر کام کریں گے اور ملک کی بہتری کے لئے زیادہ دھیان نہیں دینگے۔ کچھ مقاموں پر آپسی ٹکراؤ اور جنگ کی خبریں ملیں گی۔ بارش اوسطاً یعنی درمیانہ ہوگی۔ ہرا چارہ، اناج وغیرہ کی پیداوار بھی درمیانہ رہے گی۔ قدرتی آپداؤں (آفات) جیسے زمین کا (کھسکنا) بھونچال بے موقعہ بارش، سیلاب بہت زیادہ گرمی اور بہت زیادہ سردی آگ زنی وغیرہ قدرتی آفات اور دھاکہ خیز وارداتوں کے زیر اثر کہیں سُوکھا اناج کی کمی پینے کے پانی کی قلت، کھڑی فصلوں اور لوگوں کے جان و مال کے مزید نقصانات ہونے کا اندیشہ ہے۔ کہیں لوگوں میں پیچیدہ بیماریوں کے ہونے کا ڈر ہے اور لوگوں کے درمیان آپسی پریم بھاؤ (محبت) کی کمی ہو اور لالچ و مطلب پرستی کا عالم بنا رہے گا۔

(۱) بادشاہ سال قمر یعنی چندرماں

चन्द्रे नृपे मङ्गल - शोभनानि प्रभूत वृष्टि: प्रचुरं च धान्यम् ।
सौख्यं जनानामुदयो नृपाणां प्रशाम्यति व्याधि जरा नराणाम् ॥

جس برس بادشاہ سال قمر یعنی چندرماں ہوتو اس بارس ملک کے کچھ حصوں میں بھاری بارش ہوگی۔ دھان، چاول، پودھے، درخت پھل، پھول، گھاس، گنّا، اور دوسری رسدار بنسپتیوں کی پیداوار اچھی ہو۔ زراعت اور فصلوں کی پیداوار عمدہ رہے موسمی میوہ جات، درختوں کا ثمرہ گھاس وغیرہ کی پیداوار اچھی ہو۔ مُلک میں دھن، دولت، آرام عیش و عشرت کے سامان کا پھیلاؤ زیادہ ہوگا۔ مذہبی کاموں پر اخراجات زیادہ ہونگے۔ سیاسی لیڈر لوگ عام لوگوں کی بھلائی کے لئے کچھ توجہ دینے لگے نگے۔ مذہبی جلوس و جشن زیادہ ہونگے۔ سوسائٹی میں عورتوں کی اہمیت اور بڑھنے لگے گی۔ لوگوں میں شواس (سانس) کف، بلغم، شوگر کی بیماریاں اور دماغی بیماریاں زیادہ ہونگی۔ امراض بلغمی اور کھانسی وغیرہ کی شِکایات زیادہ ہوں۔ ملک میں کسی نئے اہم لیڈر شِپ کا آغاز ہو۔

(۲) وزیر برہسپت (مشتری کا ثمرہ)

جس برس سال کا وزیر برہسپت ہوتو اس برس زمین پر مختلف قسم کی فصلیں جیسے گندم چنے چاول، دھان، وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔ بارش اچھی مقدار میں ہوگی۔ مجیٹھ، ہلدی، مکہ، لکڑی، لوہا، السی سرسوں، گنا، روئی، کپاس گندم، چاول چنے، کستوری کیسر، بنسپتی، گھی تیل وغیرہ کے بیوپاری اچھا منافع حاصل کرسکیں گے۔ سرکار لوگوں کی بھلائی کے لئے مختلف قسم کے منصوبے تیار کرے گی۔ روئی والسی کے، کپڑے اور زرد رنگ کی چیزوں کے بیوپار کرنے والے بیوپاری اچھا منافع اٹھا سکیں گے تکنیکی عِلم دُور سنچار ہُنر اور مذہبی باتوں کی چرچا عام پائی جائے۔

(۳) زراعت یعنی فصلوں کا مالک زحل یعنی سنیچر۔

برس میں زراعت یعنی فصلوں کا مالک سنیچر ہوتو اس برس زراعت پیشہ لوگ عام طور پر دُکھی رہیں۔ موسمی میوہ جات اور فصلوں کی پیداوار کم ہو۔ دھان (چاولوں) کی فصلیں تباہ ہوجائیں۔ حکومت کے پیچدہ مختلف قانونوں کی وجد سے عام رعایا دُکھی و پریشان ہو۔ عام لوگ پیچیدہ بیماریوں کی وجہ سے پریشان ہوں۔ قدرتی آفات کی وجہ سے موسم گرما کی فصلیں جیسے گیہوں، جو، چنے، دھان، وغیرہ کی فصلوں کو نقصان پہنچے، جس کے زیر اثر اُن کے نرخوں میں خاص تیزی آئے گی۔ زیادہ تر لوگ آپسی جھگڑوں، فساد وغیرہ میں اپنا وقت اور دھن برباد کریں گے۔ بیساکھ میں خرید شدہ اناج کو سات مہینے کے بعد فروخت کرنے سے بہت منافع ہوگا۔

(۴) غلہ (دھان) کا مالک زہرہ یعنی شکر

جس سال غلہ کا مالک شکر ہوتو اس سال سرد موسم کی فصلوں (جیسے چاول، دھان، جَو، مکی، کنا (اکھ)، سرسوں، کھل، بنولے، کپاس، مونٹھ وغیرہ کی پیداوار نسبتاً کم رہے۔ سب طرح کے اناج، اڑد، چنے، مونگ، دالیں، کالی مرچ، چھوٹی الائچی، لونگ، ہلدی، گرم مصالحوں وغیرہ کے نرخ اور دوسری چیزوں سبزیوں، ہراچنا، کھل بنولے، وغیرہ کے نرخ تیز ہونگے۔ گائے۔ بھینس، وغیرہ، چوپایوں کے نرخ تیز ہوں اور دودھ، دہی، پنیر، وغیرہ کی پیداوار کم ہوگی۔ مناسب بارش کی کمی رہے گی۔ جسے ضروری اشیاء کے بھاؤ تیز ہونگے۔

(۵) بارش کا مالک عطارد یعنی بدھ

برکھا (بارش) کا مالک بدھ ہونے سے موسم بارش میں بادل خوب (زبردست) بارش کریں گے گیہوں، جوں، چارہ، پھل اور دیگر جنسوں اور رسدار، پدارتھوں کی پیداوار اچھی ہو۔ براہمن لوگ جپ پاٹھ کیرتن، یگہ وغیرہ دھارمک کام کرنے میں دلچسپی رکھیں گے صرف خاص طبقہ کے لوگ مختلف قسم کی سہولیات اور عیش وعشرت کے سمان سے خوشحال ہونگے۔ عام لوگوں کے اخراجات میں خاص اضافہ ہوگا۔

(۶) رسوں کا مالک قمر یعنی چندرماں۔

چندرماں رسوں کا مالک ہوتو زیادہ تر لوگ دِل کو بھانے والی نئی نئی فیشن پرست عورتوں کے چکر میں مطلع رہیں۔ بادلوں سے پانی بہت برسے، دودھ، تیل، موسمی میوہ جات اور رسدار چیزوں کی پیداوار بہت ہو۔ زمین پر دھن دھان عیش وعشرت کے مطابق چیزوں کا پھیلاؤ زیادہ ہوگا۔ بارش اچھی اور مفید ثابت ہوگی۔ روئی، کپاس اور السی کے بھاؤ تیز ہوں گے۔

(۷) دھاتوں کا مالک زحل یعنی سنیچر

دھاتوں کا مالک سنیچر ہوتو اس سال کے دوران سٹیل، لوہا، لوہے کے کل پرجے، کچا لوہا، کوئلہ اور دیگر کالے رنگ کی چیزیں جیسی پٹرولیم، ڈیزل، تیل، کروڈ آئیل، فرنیس آئیل، دیگر صنعت کاری کی اشیا، اونی وگرم کپڑے، اڑد، کالی مرچ، لکڑی، دال چینی، تمام قسم کی دالیں، گرم مصالحے اور دوسری قسم کی دھاتوں کے نرخ بھی گراں ہونگے۔ لوہا، لوہے کی چادریں، سٹیل، پٹرول، ڈیزل کوئلہ کے نرخ تیز ہونگے۔

(۸) پھلوں کا مالک عطارد یعنی بدھ

پھلوں کا مالک بدھ ہونے سے اس سال بادل عمدہ اور اچھی بارش کرینگے۔ مختلف قسم کے درخت گھاس چارائے مویشیگان، مختلف قسم کے پھول (گلاب۔ کمل۔ وغیرہ) کی پیداوار اچھی ہو۔ عام لوگ آرام طلبی اور عیش وعشرتِ کے سامان سے خوشحال، سنیما، ٹیلی ویژن وغیرہ تفریح کے کاموں میں مشغول رہیں گے۔

(۹) دولت کا مالک سنیچر یعنی زحل

دھن دولت کا مالک سنیچر ہونے سے عام لوگوں کے پاس دھن دولت حاصل کرنے کے ذریعات کی کمی رہے۔ زیادہ تر انتظامیہ سرکاری عہدیدار بے ایمان، بھرشٹاچاری، غیر ذمہ دار، لالچی اور من مرضی سے کام کرنے والے ہونگے۔ کسان اور بیوپاری لوگ حکومت کی بنائی سخت پالیسیوں کی وجہ سے پریشان ہونگے۔ براہمن، عالم اور مدبر لوگ بُرے، (دشٹ) لوگوں کے مخالف برتاؤ اور زبردست مہنگائی کی وجہ سے پریشان اور دُکھی ہونگے۔

(۱۰) فوج کا مالک عطارد یعنی بدھ:۔

فوج کا مالک بدھ ہونے سے مُلک کے لوگوں کو نیک اور بد (اچھے اور بُرے) دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا۔ دھن کبیروں اور خوشحال لوگوں کے سامنے کِسی طرح کے سرکاری اور غیر سرکاری رکاوٹوں کا خوف نہیں ہوگا۔ امیر طبقہ کے لوگ بے خوف ہوکر برتاؤ کرینگے۔ دنیا کے زیادہ تر حکومتیں اندرونی طور پر اپنی دفاعی یعنی فوجی طاقت بڑھانے کی کوششوں میں لگیں گئے۔

روہنی کا واس:

سمندر پر ہونے سے ملک کچھ حصوں میں ضرورت سے زیادہ بارش ہوگی۔ کچھ جگہوں پر سیلاب اور قدرتی حادثوں کی وجہ سے فصلوں اور لوگوں کے جان ومال کے خاص نقصانات ہونے کا اندیشہ رہے گا۔ لیکن ملک کے کچھ حصوں میں دھان،

چاول، گنا، سرسوں، چنا، کنک، درختوں، پودوں پھولوں وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی اور چند لوگوں میں خوشحالی بڑے گی۔

سمت کا واس:۔

سمت کا واس مالی کے گھر پر ہونے سے سال میں بارش اچھی ہوگی۔جس کے زیر اثر گنا، دھان چاول مکی، گھاس، تنکے پھلوں پھولوں کے درخت پھولوں کے پودھوں کی پیداوار اچھی ہوگی۔اس کے باوجود گندم، چنے، دھان، اڑد، مونگ وغیرہ کی دالیں اور سبھی طرح کے اناج، دالیں، گھی، تیل، دودھ، ہری سبزیاں، اور سونا، چاندی، تانبہ، پیتل، وغیرہ دھاتوں کے نرخ تیز ہونگے۔

سمت کی سواری مرگ یعنی ہرن ہوگا۔

اس کا اہم دیوتا اندر ہے جس سے آئندہ سال بھر پور اور اچھی بارش ہونے کے اشارے ہیں۔گندم، باجرہ، چنے، دھان، چاول، گنا، پھلدار درخت، گھاس، پھوس، وغیرہ کی پیداوار اچھی ہوگی۔دھن، دولت کا پھیلاؤ زیادہ ہوگا۔اور آرام عیش وعشرت سامان میں بھی اضافہ ہوگا سوسائٹی میں باہری طور پر آڈمبر اودکھاوا زیادہ رہے گا۔

نو میگھوں میں سمورت نام کے میگھ کا پھل۔

نئے برس میں سمورت نام کا میگھ ہونے سے آئندہ برس میں لوگوں کے دِلوں میں کام واسنا اور بھوگ وِلاس کا رُجحان زیادہ رہے۔مذہبی باتوں میں لوگوں کا رجحان کم رہے گا۔حکمران لوگ رعایا کی بہتری اور بھلائی کے کاموں کی جانب کم دھیان دینگے۔بارش بہت ہوگی۔مکئی، دھان اور دالوں کی فصلوں کو نقصان پہنچے۔مشرق کی جانب ہوا میں چلیں اور مشرقی علاقوں میں قدرتی آفات سے مزید نقصانات ہونگے۔

بارہ ناگوں میں کرکوٹک نام کے ناگ کا پھل

سال میں کرکوٹک نام کا ناگ بادشاہ ہونے سے سال بھر میں مناسب بارش کی کمی ہوگی۔کسی اونچے عہدے کے لیڈر کی اچانک موت (وفات) ہونے کا امکان ہوگا۔

۲۰۱۱ء کے دوران سنیچر کی نظر:۔

سال ۲۰۱۱ء کے شروع سے ۱۴ نومبر ۲۰۱۱ء تک سنیچر کینا راشی میں ہی گردِش کرتا رہے گا۔کنیا راشی میں گرداش کے دوران سنیچر کی متھن، برشچک اور مین راشیوں پر خاص نظر میں رہے گی۔جبکہ سنگھ، کنیا اور تلا راشی والے شخصوں (اشخاص) اور انہیں راشی کے ممالک پر شنی کی ساڑھ ستی کا اثر رہے گا۔اس لئے ان راشیوں کے زیر اثر آنے والے شہروں اور ملکوں وصوبوں جیسے مشرقی، پنجاب، راجستھان، جے پور، مہاراشتر، ہریانہ، دِلی، گجرات، اڑیسہ، ہماچل پردیش، پاکستان کشمیر، مصر، افغانستان، بھارت، انگلینڈ، چین، بنگلہ دیش، وغیرہ ملکوں میں کہیں قدرتی آفات کی وجہ سے سیلاب، آگ زنی، دھماکہ خیز واقعات اور دہشت گردی کی وارداتیں، زمین کا کھسکنا، بھوکری اور سیاسی اداروں میں زبردست اُتار چڑھاؤ ہونے کے آثار ملتے ہیں۔اُوپر لکھے ملکوں میں کہیں اندرونی حالات خراب ہونگے۔کہیں دہشت گردی یا قدرتی حادثات سے لوگوں کے جان ومال کے مزید نقصانات ہونے کے یوگ ہونگے۔
۱۵ نومبر سے سال ۲۰۱۱ء کے آخر تک سنیچر تلا راشی میں گردش کرے گا۔تُلا راشی میں گردِش کے دوران سنیچر کی نظر پچھّم، (مغرب) دِشا کی جانب اور کرک، دھن ومیکھ راشیوں پر خاص نظریں ہونگی۔اس کے علاوہ کنیا، تلا و برشچک راشی والے لوگوں ملکوں پر شنی ساڑستی کا اثر رہے گا۔خاص کر بہار، اڑیسہ، اتر پردیش، حیدرآباد، کولکتہ، پاکستان، ناگالینڈ، کشمیر، ممبئی، ہماچل وغیرہ صوبوں میں قدرتی آفات، زبردست بارش سیلاب وغیرہ کی وجوہات۔میز نقصانات ہونے کا اندیشہ ہوگا۔سمندری کناروں میں سے کچھ علاقوں پر سمندری طوفان، زمین کا دھسنا، اوجوار بھاٹا وغیرہ کی وجہ سے وسیع طور پر جان ومال اور فصلوں کے نقصان ہونے کا ڈر ہے۔پٹرول، ڈیزل، کوئیلہ، مشینی کوپرزے، کنسٹرکشن میٹریل، گرم مسالے، آڑد، دال چینی، الائچی سب طرح کی دالوں کے نرخ تیز ہونگے۔

مُصنف پنڈت پنالال جیوتشی جالندھر 14400

☆☆☆

لال کتاب کے مطابق

عمر کے مختلف حصوں پر گرموں کے اثرات

لال کتاب کے مطابق ۱۲ سال کے بچے کی قسمت کا کوئی اعتبار بھروسہ نہیں ہوتا۔ (۷۰) سال کے بعد آدمی کی اپنی قسمت کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا اس نصیب اس بچوں کے نصیب اس کے بچوں کے نصیب یا خدا کی عنایت پر منحصر رہتا ہے۔ ۳۵ سال میں پورے نوگرہ چل کر پورا چکر نیچے لکھے نقشہ پورا کرتے ہیں۔ ہر ایک گرہ کے اثرات کا عرصہ سال صرف اس آدمی کی عمر کے حساب سے دیئے گئے ہیں۔

نام گرہ	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر	عمر زیر اثر
سنیچر	ا سے ۶ سال تک	۳۶ سے ۴۱ سال	۷۱ سے ۷۶ سال
راہو	۷ سے ۱۲ سال	۴۲ سے ۴۷ سال	۷۷ سے ۸۲ سال
کیتو	۱۳ سے ۱۵ سال	۴۸ سے ۵۰ سال	۸۳ سے ۸۵ سال
برہسپت	۱۶ سے ۲۱ سال	۵۱ سے ۵۶ سال	۸۶ سے ۹۱ سال
سورج	۲۲ سے ۲۳ سال	۵۷ سے ۵۸ سال	۹۲ سے ۹۳ سال
چندرماں	۲۴ ویں سال	۵۹ واں سال	۹۴ ویں سال
شکر	۲۵ سے ۲۷ سال	۶۰ سے ۶۲ سال	۹۵ سے ۹۷ سال
منگل	۲۸ سے ۳۳ سال	۶۳ سے ۶۸ سال	۹۸ سے ۱۰۳ سال
بدھ	۳۴ سے ۳۵ سال	۶۹ سے ۷۰ سال	۱۰۴ سے ۱۰۵ سال

آج کا دن کیسا گزرے گا؟

جس روز یہ معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزرے گا تو پہلے اپنے نام کا پچھتر بارہ راشیوں کے سالانہ پھل والے صفحات سے اپنے نام کے ہندسہ کے پچھتر کو معلوم کریں پھر مفید عالم جنتری کے مہینوں والے صفحوں سے (مہینہ تاریخ) کے سامنے اس روز کا پچھتر معلوم پڑے۔ اس کو چکر ریں نمبر درج کریں پھر اس سے ابھیجت سمیت تمام ۲۸ پچھتروں کا چکر (نقشہ) میں لکھے ہندسوں کے شمار کے مطابق لکھ لیں پھر غور کریں کہ آپ کے نام پچھتر کس جگہ پڑا ہے۔ اگر اپنے نام کا پچھتر دائرہ کے اندر پڑا ہے تو اس روز دھن کا فائدہ کسی ہر دلعزیز شخص سے ملاقات ہوگی۔ اگر پچھتر کا شمارہ دائرہ کے باہر (0) نشانات پر پڑے تو دن کا آدھا حصہ اخراجات اور فکرمندی میں بیتے گا اور دن کا نقصان ہونے کا ڈر ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر کسی روز جنتری میں لکھا پچھتر دیکھنے کو ملے تو مگھا کو نمبر ۱ پر لگا کر اس کے آگے پوربا بھاگنی کو بھی نمبر ۲ پر تو شول لگائیں گے۔ ۲۸ پچھتروں کی شمار اسی طرح سے ہوتی ہے۔

گم شدہ چیز کا سراغ نکالنا

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۱۳
۱۴	۱۷	۲۰	۲۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال معلوم کرنا چاہیں تو یہ تعویز کاغذ پر لکھ کر مٹی کے نئے دیئے یعنی چراغ میں سرسوں (کوڑہ) تیل ڈال کر جلائیں اور تعویز روئی میں لپیٹ کر اس کی بتی روشن کریں۔ اب کسی خوردسال لڑکے یا لڑکی کو جس کی عمر نو دس سال ہو اور خوبصورت ہو چراغ کے سامنے بیٹھائیں اور بداہت کریں کہ وہ چراغ کی بتی کی طرف غور سے دیکھتا رہے۔ بس جب اسے کوئی غیر معمولی نظر آئے تو اس سے گم شدہ چیز کے متعلق سوالات کریں اور جن لوگوں پر اٹھالے جانے کا شبہ ہو ان کا نام لیں۔ وہ چیز کا درست پتہ بتائیگا۔ اسی طریقہ سے ہر قسم کے حالات دریافت کر سکتے ہیں۔ یعنی جب لڑکے کو غیر معمولی نکلیں نظر آئیں تو اس سے اپنے مطلب کے سوالات کریں۔ وہ صحیح جواب دیگا اور مطلب پورا ہو جائیگا۔

گرہوں کی بنا پر سال ۲۰۱۱ء کی اہم پیشنگوئیاں

☆ نیا کرود بھی نام کے بکرمی سمت ۲۰۶۸ کا آغاز ہونے سے مُلک کی ترقی کے واسطے نئے نئے منصوبے تیار کیئے جائینگے۔ لیکن ترقی یافتہ سکیموں کا فائدہ عام رعایا کو نہیں مل پائے گا۔ ملک کے زیادہ تر لیڈرگان اور انتظامیہ طبقہ کے لوگ خودغرضی، لوبھ، لالچ، کے بس میں ہو کر ملک کی بہتری کے لئے کم اور اپنی مطلب پرستی کی جانب زیادہ خیال کریں گے۔

☆ مختلف پارٹیوں کے لوگ آپسی فساد اور ٹکراؤ اور جھگڑوں میں اُلجھیں رہیں گے۔ بھرشٹاچار اور بے ایمانی کا بول بالا ہوگا۔

☆ برس کا بادشاہ قمر یعنی چندرماں ہونے سے ملک میں اچھی بارش ہوگی۔ ایکھ (گنا)، دودھ، انگور وغیرہ رسدار چیزوں کی پیداوار اچھی ہوگی۔ زیادہ تر لوگوں کا رجحان، دھن، دولت، عیش پرستی کی جانب زیادہ ہوگا۔ سوسائٹی میں عورتوں کی اہمیت اور زیادہ بڑھے گی۔ دھرم کرم اور مذہبی باتوں میں بھی دکھاوا اور آڈمبر زیادہ ہوگا، سانس، کف، بلغم کھانسی وغیرہ کی بیماریاں زیادہ ہونگی۔

☆ سال کا وزیر برہسپت ہونے سے لوگوں میں مذہبی باتوں کی چرچا عام پائی جائے گی۔ سرکار لوگوں کی بھلائی کے لئے مختلف قسم کے منصوبے تیار کرے گی۔

☆ دھن دولت کا مالک سنیچر ہونے سے عام لوگوں کے پاس گزارے لائق آمدن حاصل کرنا بے حد مُشکل ہو جائے گا۔ زیادہ تر سرکاری آفسران غیر ذمہ دار، بے ایمان، خودغرض اور اپنی مرضی سے کام کرنے والے ہونگے۔ عام شریف اور مدبر اور ایماندار لوگ شدت کی مہنگائی ٹیکسوں اور پیچیدہ قانونوں کی وجہ سے دُکھی اور پریشان ہونگے۔

☆ نئی برس کنڈلی میں بادشاہ سال چندرماں چھٹے خانہ میں سورج منگل، بدھ، وغیرہ گرہوں کے ہمرہ کمزور حالت میں پڑا ہوا ہے۔ جس کے زیر اثر مرکزی حکومت اور زیادہ تر صوبائی حکومتیں بھی ملک کے بنیادی مسائل کے متعلق بالا اثر پختہ اقدامات اٹھانے میں بے بس نظر آئیں گے۔ شنی، منگل، کے درمیان سم، سپتک، (نظر مقابلہ) ہونے سے مُلک کے کچھ سرحدی علاقوں جیسے کشمیر، اڑیسہ، بہار، بنگال، مہاراشٹر وغیرہ میں علیحدگی پسند، دہشت گردوں اور نکسل وادی لڑاکوؤں کی علیحدگی پسند اور فرقہ وارانہ دہشت گرد کاروائیوں کی وجہ سے کچھ جگہوں پر توڑ پھوڑ دہشت گردی اور دھماکہ خیز وارداتوں کی خبریں ملیں گی۔

☆ پانچ گرہی ناقص یوگ ہونے سے بھارت کے سرحدی علاقوں پر پاکستانی وچینی فوجوں کی بڑھتی ہوئی دفائی طاقتوں کے زیر اثر بھارت کی سرکشا (عصمت) کے لئے زبردست چنوتیاں ہونگی۔

☆ سرحدی علاقوں میں دہشت گردی اور دھماکہ خیز واقعات اور فوجی ٹکراؤ کی خبریں ملیں گی۔

☆ سوسائٹی کے ہر ادارے مطلب پرستی اور بیوپارک بیوپار کا رجحان بڑھے گا۔ آپسی پیار محبت کا جذبہ کم ہوگا۔ ضروری اشیاء جیسے پٹرول، گیس، اناج، اور آداجاوی مرحلوں میں آسمان کو چھوتی قیمتوں کی وجہ سے عام رعایا میں گہری تشویش اور پریشانیاں ہونگی۔

☆ کچھ صوبوں جیسے اُتر پردیش، بہار، مدھیہ پردیش، وغیرہ صوبوں میں کانگرس کا وقار بڑھے گا۔ لیکن ہماچل پردیش، دہلی، اُتراکھنڈ، کرناٹک گجرات وغیرہ صوبوں میں بھاجپا کی اکثریت بڑھے گی۔

شری پرماتما کی عظیم عنایت سے مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی اور پنچانگ ہندی کو شائع ہوتے ہوئے آئندہ برس کی جنتری کو 136 سال ہو جائیں گے۔ اس جنتری کے رہنمائی بانی مشہور عالم پنڈت دیوی دیال جیوتشی (لاہور والے) سے لیکر آج تک کے عرصہ میں ہماری جنتری اور دوسری اشاعتوں کو جو ملکی اور غیر ملکی شہرت و مقبولیت حاصل ہوئی وہ جنتری کے قدر دانوں سے پوشیدہ نہیں۔ مفید عالم جنتری اُردو ہندی اور پنجابی وغیرہ اشاعتوں کی عالمگیر شہرت کو دیکھ کر کچھ حاسد اور لالچی پبلشرز نے جنتری سے ملتا جلتا ٹائٹل رکھ کر اور ہمارے میٹر کو غلط طریقہ سے کاٹ چھانٹ کر چھاپتے رہے ہیں۔ اس طرح سے مفید عالم جنتری کے شائقین کو دھوکہ دیتے ہیں۔ ہم لوگوں کو خبردار کرتے ہیں کہ سرورق مصنف پنڈت پنالال جیوتشی کا نام اور فوٹو ضرور دیکھ لیا کریں۔

ایشور کی مہربانی سے گزشتہ سالوں کی بہت سے ہماری پیشن گوئیاں جو کہ پنچانگ اور مفید عالم جنتری اُردو ہندی پنجابی میں شائع ہو چکی ہیں اور ہو بہو درست ثابت ہوتی آئیں ہیں۔ گزشتہ سالوں کی پیشن گوئیاں مثال کے طور پر مندرجہ ذیل ہیں

گزشتہ سالوں کی کچھ چنندہ پیشین گوئیاں

۱۹۹۴ء کی جنتری صفحہ ۲۱ پر بھارتیہ جنتا پارٹی ایک نمایاں پارٹی کے طور پر اُبھر کر آنا اور مرکز میں مختلف پارٹیوں کا گٹھ بندھن سرکار کا بننا۔ سال ۱۹۹۵ (صفحہ ۱۹) میں پاکستان میں بے نظیر حکومت کا ٹوٹنا وغیرہ۔ (صفحہ ۲۲/۲۳) اور ۱۹۹۹ء کی نصف حصہ کے بعد میں بھارت اور پاکستان کی سرحدوں پر زبردست گولہ باری اور جنگ کی خبریں ملنا (جیسے کشمیر کرگل میں لڑائی ہونا) پاکستانی وزیر اعظم نواز شریف کی حکومت کا گرنا وغیرہ اور ۲۰۰۱ء (صفحہ ۲۳،۲۲، ۲۴) پر پڑھیں اور ۲۰۰۲ء کی مفید عالم جنتری میں صفحہ (۲۰) پر صاف طور پر پڑھیں۔ امریکہ کے زیر اثر افغانستان میں طالبان سرکار کو ہرا کر نئی حکومت کا وجود میں آنا۔ (صفحہ ۲۲، ۲۴) پر دیکھیں۔ ۲۰۰۳ء کی جنتری صفحہ ۲۳ امریکہ عراق کے درمیان لڑائی جنگ کا خطرہ اور عراق پر حملے کے مُدعے پر امریکہ کو بھاری مذمت اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ اور بھارت پاکستان کے معاملے میں دوغلی پالیسی رکھنا۔ (صفحہ ۲۳) ۲۰۰۴ء کی جنتری میں صفحہ ۲۵/۲۶ پر پڑھیں۔ کانگریس پارٹی کا نیا گٹھ جوڑ بننا۔ اسی سال کی جنتری صفحہ ۲۷ پر کانگریس پارٹی اور محترمہ سونیا گاندھی کی کنڈلی کے نیچے صاف طور پر پڑھیں۔ آنے والے لوک سبھا چناؤ میں شریمتی سونیا گاندھی اور ان کی پارٹی بھاجپا کی نسبت زیادہ سیٹوں پر کامیاب ہونا۔ ۲۰۰۵ء کی مفید عالم جنتری میں پاکستان اور بھارت وغیرہ ملکوں میں بھونچال زمین پھٹنے وغیرہ سے ہونے والی زبردست جان و مال کے مزید نقصانات کی خبریں بدقسمتی سے سچ ثابت ہو چکی ہیں۔

۲۰۰۶ء کی مفید عالم جنتری میں ۲۴ مئی سے ۲ جولائی کے درمیان منگل شنی کا یوگ ہونے سے بھارت کے کچھ صوبوں کشمیر، اُتر پردیش، مہاراشٹر، گجرات، آندھرا پردیش وغیرہ صوبوں میں بدامنی دہشت گردی اور دھماکہ خیز کی وارداتیں ہونے کے امکان ہیں۔ صفحہ ۲۷ بدقسمتی سے یہ پیشن گوئیاں بھی صحیح ثابت ہوئی۔ صفحہ نمبر ۲۹ پر صاف طور پر دیکھیں۔ ڈاکٹر منموہن سنگھ کی غیر ملکی پالیسی کے متعلق ان کے وقار اور غیرت کو بین الاقوامی شہرت حاصل کرنا۔ ۲۰۰۷ء کی مفید عالم جنتری میں دیکھیں پاکستان کے تانا شاہ جنرل مشرف کو اپنے ملک زبردست ٹکراؤ اور مخالفت کا سامنا ہونا۔ ملک کے اندر بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں میں اضافہ ہوگا۔ بے نظیر کی زندگی کو خطرہ ہونا۔ سال ۲۰۰۸ء کی جنتری میں صفحہ (۲۵) کالم II پر دیکھیں۔ بھارت میں سونا، چاندی، پیتل، تانبہ وغیرہ دھاتوں کی قیمتوں میں زبردست تیزی ہوا۔ پاکستان میں ایمرجنسی کے حالات بنا اور جنرل مشرف کا اپنے عہدے سے مستر دہونا۔ وہاں بدامنی اور دھماکہ خیز وارداتوں کا سلسلہ ہو۔ (صفحہ ۲۷ کالم I) اور سال ۲۰۰۹ء کی جنتری میں پاکستان، افغانستان، شری لنکا، نیپال میں اندرونی حالات بگڑنا، وہاں قدرتی آفات کے ساتھ دہشت گردی وارداتوں میں اضافہ ہونا۔ صفحہ 27 کالم I، امریکہ کے نئے صدر براک اوبامہ کو کامیابی ملنے کی زبردست یوگ۔ دیکھیں صفحہ ۲۷ کالم I لوک سبھا چناؤ میں پھر ملی جلی یو پی اے (UPA) سرکار کا ہی وجود میں آنا صفحہ 23 اور 28 کالم II مرکزی سرکار راجستھان، ہریانہ، میزورم وغیرہ صوبوں میں کانگرس کو اکثریت حاصل ہونا۔

۲۰۱۰ء کی جنتری میں صفحہ ۲۲ سے لے کر آگے کے صفحوں تک دیکھیں بھارت کے سرحدی علاقوں کی سرحدوں پر چین، پاکستان و دیگر دہشت گردوں حملوں کے خطروں کا بڑھنا روزمرہ ضرورت کی چیزوں کے نرخوں میں زبردست تیزی سے لوگوں غصہ اور گہری تشویش ہونا بھارت کے مشرقی حصوں میں بھاری بارش زبردست سیلاب سے کھڑی فصلوں اور قدرتی افات سے بھاری جان و مال اور رہائشی علاقوں کے مزید نقصانات ہونا عوام میں غُصہ کے باوجود کانگرس کی صوبائی حکومت دوبارہ عوام میں غصہ کے باوجود ہریانہ میں کانگریس سرکار (بھوپندر سنگھ ہڈا) پھر سے حکومت مین آئیں گے۔ (دیکھیں صفحہ ۲۹ کالم -II) اُتر پردیش میں کانگریس کا آدھار مضبوط ہونا (صفحہ ۲۹) وغیرہ بہت سی پیشن گوئیاں صحیح اور درست ثابت ہو چکی ہیں جو اپنی اصلیت اور سچائی کا خود بخود بیان کرتی ہیں۔

گرہوں کی آکاشی کونسل اور پیشنگوئی بابت ۲۰۱۱ء

بکرمی سمت ۲۰۶۸ یعنی عیسوی ۲۰۱۱ء میں گرہوں کی آکاشی کونسل کے دس (۱۰) ادھیکاروں (عہدوں) میں سے سات ادھیکار اچھے (نیک) گرہوں کو، جبکہ تین ادھیکار (عہدے) کرور یعنی تیز تار گرہ (سنیچر) کو حاصل ہوئے ہیں۔ بادشاہ اور رسوں کے اہم عہدے سومہ گرہ چندرماں کو حاصل ہوئے ہیں اور وزیر کا عہدہ سومیہ و نیک گرہ برہسپت کو حاصل ہوا ہے۔ بادشاہ چندرماں اور وزیر برہسپت کے زیر اثر سوسائٹی میں دھن، دولت، اور عیش پرستی کے ذریعات کا پھیلاؤ زیادہ ہوگا۔ امیر لوگ اور زیادہ خوشحال اور غریب لوگ اور زیادہ مُفصل ہونگے۔ یعنی امیروں اور غریبوں کے درمیان فاصلہ اور زیادہ بڑھ جائے گا۔ سوسائٹی کے ہر ادارے میں عورتوں کی اہمیت بڑھ جائے گی۔ سوسائٹی میں لوگوں میں دکھاوا، فیشن پرستی اور بھوک ولاس کی جانب رجحان زیادہ ہوں۔ باشاہ چندرماں اور وزیر برہسپت کی وجہ سے لوگوں میں زیادہ تر سانس، کف، بلغم شکر کی بیماریاں ڈینگو وغیرہ پیچیدہ قسم کے بخار، عورتوں کی گپت بیماریاں دماغی اور دِل کی بیماریاں بہتات میں ہونگی۔ کچھ جگہوں پر بارش زیادہ اور کہیں بارش تھوڑی ہوگی۔ وزیر برہسپت کے زیر اثر مرکزی حکومت لوگوں کی بہتری کے لئے صوبائی منصوبے تیار کرنے کی کوشش میں ہوگی۔ عام لوگوں کا رجحان دھرم کرم کے کاموں میں بڑھنے لگے گا۔ دانشمندوں عالموں اور ہنرمندوں کی قدر ہونے لگے گی۔ دُنیا کے بڑے بڑے ملک اور شاہی طاقتیں دوسرے ترقی کردہ ملکوں کے ساتھ امن اور رابطہ اتحاد قائم کرنے کی کوشش میں رہیں گے۔ ہلدی، تیل، ہرڑ، روغن اور زرد رنگ کی تمام چیزوں کے نرخ تیز ہونگے۔

زراعت، دھاتوں اور دھن دولت کے عہدے (ادھیکار) تفصیل گرہ سنیچر دیو کو حاصل ہوئے ہیں۔ جس کے زیر اثر لوہا، سٹیل، کوئلہ، پٹرول، ڈیزل، کل پرزے، اونی گرم کپڑے، لکڑی، دال چینی، ہلدی، چھوٹی الائچی، چنے، گندم، اڑد اور سب طرح کی دالیں اور زیادہ تیز بھاؤ ہونگی۔ کچھ علاقوں میں سیلاب وغیرہ قدرتی آفات کی وجہ سے کھڑی فصلوں کو بھاری نقصانات پہنچنے کے اشارے ہیں۔ عام رعایا سرکاری تنتر کے زبردست قانونوں کی وجہ سے دکھی اور پریشان ہونگے۔ دولت کا مالک شنی ہونے سے زیادہ تر انتظامیہ افسران خودغرض بھرشٹاچاری، بے خوف ہوکر برتاؤ کریں گے۔ نیک اور مُد ہر قسم کے لوگ پریشان و دکھی رہیں گے۔

برکھا، پھلوں اور فوج کے ادھیکار (عہدے) چالاک مگر استھر گرہ بدھ کو حاصل ہوئے ہیں۔ اس کے زیر اثر دنیا زیادہ تر حکمران اندرونی طور پر اپنی دفاعی طاقت بڑھانے کی کوشش میں لگیں گے۔ موسم بارش میں بادل خوب برکھا کریں گے۔ گندم، جو، اکھ (گنا) دھان وغیرہ کی پیداوار اور اچھی ہوگی۔ خاص طبقہ کے لوگ مختلف قسم کے آرام، سُکھوں وعیش وعشرت کے ساز وسامان سے خوشحال ہونگے۔

کرودھی نام کا نیا بکرمی سمت کا آغاز (۴ اپریل ۲۰۱۱ء سے) ہونے سے راج نیتا (لیڈر) اور اُونچی سوسائٹی سے متعلق رکھنے والے زیادہ تر سرکاری افسران سادگی، ایمانداری اور دیش بھگتی کے جذبے کو چھوڑ کر ذاتی طور پر مطلب پرستی، جھوٹ، آڈمبر کے چلن کو ترجیح دینگے۔ شنی اور بدھ گرہوں کے زیر اثر تکنیکی تعلیم کو حاصل کرنے والے لوگ جیسے انجینئرنگ، کنسٹرکشن، کاموں میں لگے لوگ، جیولرز، واستوشاستری، گندم وغیرہ اناج سے تعلق رکھنے والے بیوپاری، دودھ پینے کا پانی فیشن ڈرایننگ، دورسنچار، انفارمیشن، ٹکنالوجی، کمپیوٹر، ٹکنالوجی، فصل بجلی، صنعت اور کے سائنس اور ٹیکنالوجی خاص طور پر ترقی کریں گے۔

داخلہ نیا سال کنڈلی اور پیشنگوئی بابت ۲۰۱۱ء

کُنڈلی داخلہ نیا سال ۲/۲۰

سنیچر ۹ | ۸ | ۹ | راہو | ۷ | ۲ | ۱۰ | ۴ | ۱۱ شکر | ۱ | ۳ | کیتو | ۱۲ | سورج چندر برہسپتی | ۲

کرودھی نام کا نیا سمت ۲۰۶۸ء کا داخلہ (۳) اپریل اتوار کو چیت اماوس کے ختم ہونے کے بعد رات کو ۸ بجکر ۳ منٹ پر تلا لگن میں داخل ہوگا۔ برش لگن کا مالک شکر پانچویں خانہ (جو انتظامیہ عقل، کھیل کود اور منصوبہ بندی کا بھاؤ بھی ہوتا ہے۔) میں دوستانہ راشی کا ہو کر پڑا ہے۔ لیکن پانچویں خانہ کا مالک سنیچر وکری ہو کر بارہویں خانہ میں پڑا ہے خیال رہے! سنیچر بھارت کی زیر اثر راشی (مکر) کا بھی مالک ہے۔ کنڈلی میں سنیچر۔ منگل کا سم، پستک یوگ (تعلق) بنا ہوا ہے۔ گرہون کی پوزیشن کے مطابق سال کے شروعاتی چار مہینے بھارت کے لئے خاص کش مکش اور چنوتیوں سے بھرے ہونگے۔ بھارت کے مغربی، شمال، مغربی سرحدی علاقوں جیسے جموں وکشمیر، راجستھان، پنجاب، ہماچل پردیش کی نزدیکی سرحدوں پر پاکستانی اور چینی دہشت گرد عناصروں اور فوجوں کا جماؤ بڑے گا۔ مشرقی علاقوں میں ماؤ وادیوں کی امداد حاصل کیۓ ہوۓ نکسل وادی گروپ اور اُلفا دہشت وادی گروپ ہندوستانی سرحدی علاقوں میں دہشت گرد اور دھماکہ خیز وارداتیں کرتے رہیں گے اس طرح صوبائی اور مرکزی حکومتوں کے لئے زبردست چنوتیاں پیش کریں۔ دُنیا کے اہم ممالک امریکہ، انگلینڈ، فرانس، کنیڈا، بھارت، جاپانی وغیرہ ملکوں کے سامنے گلوبل دہشت واد اہم مُدعا رہے گا۔ بھارت، پاکستان، افغانستان، بنگلہ دیش، نیپال، عراق، وغیرہ ممالک اندرونی طور پر خاص طور پر دہشت گرد کی زیر اثر میں رہیں گے۔ برلش کنڈلی کے چھٹے خانہ میں پانچ گرہی یوگ ہونا بھی یہیں ظاہر کرتا ہے کہ سال کے نِصف حصہ تک اُوپر لکھے کچھ ملکوں کے اندرونی وباہمی حالات بہت تشدد بھرے اور غیر یقینی رہیں گے۔

جگت لگن کُنڈلی مطابق دُنیا کے حالات ۲۰۱۱ء

جگت لگن کُنڈلی ۱۳/۰

چندر ۵ | کیتو ۳ | سنیچر ۶ | ۴ | ۲ | ۱ | ۷ | سورج ۱۲ | ۱۰ | منگل برہسپتی بدھ | ۸ | ۹ راہو | ۱۱ شکر

جگت لگن کُنڈلی میں کرک لگن طلوع ہوا ہے لگن کا مالک چندرماں (جو کہ سال کا بادشاہ بھی ہے) دوئم خانہ (دھن، دولت) میں پڑا ہے۔ اس پر آٹھویں خانہ میں پڑے ہوۓ شکر کی ساتویں دلشمانہ نظر مقابلہ (۷۔۱) پڑ رہی ہے۔ جگت کنڈلی میں پڑے گرہوں کی پوزیشن کے مطابق یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت، پاکستان، افغانستان، بنگلہ دیش سمیت بہت سے ترقی کردہ ممالک امریکہ، چین، انگلینڈ، فرانس، جرمنی وغیرہ ترقی یافتہ ممالک کی سیاست کی زیر اثر رہیں گے۔ امریکہ کی مسلم کے خلاف ڈپلومیٹک چالوں کی زیر نظر دُنیا کے بہت سے مُسلم بہتات ممالک جیسے عراق، ایران، پاکستان، بنگلہ دیش، سعودی عرب، انڈونیشیا، بھارت سمیت ایک جُٹ ہونے کی کوششوں میں لگیں گے۔ ایشیا کے کچھ مُلکوں میں جیسے کہ عراق، پاکستان، نیپال، افغانستان وغیرہ مُلکوں کے راج نیتک (سیاسی) سماجک واقعات بننے کی وجہ سے اُوپر لکھے ملکوں میں کہیں دھماکہ خیز واقعات ہونگے۔ جن کے زیر اثر کہیں آگ زنی اور بھاری جان ومال کے نقصانات ہونے کا خطرہ ہوگا۔

دُنیا کے کچھ دوسرے ممالک:۔

امریکہ:۔

اس کی زیر اثر راشی متھن ہے۔ جگت لگن کُنڈلی میں اس کی پربھاؤ راشی متھن بارہویں خانہ میں منعقد ہے اور متھن راشی پر سنیچر کی اڈھیا کا ناقص اثر ۱۴ نومبر ۲۰۱۱ء تک رہے گا اور اس کے علاوہ اس راشی پر کیتو گرہ کی گردش ۶ جون تک رہے گی۔ گرہوں کی باوجود پوزیشن کے مُطابق امریکن حکومت کو ملک کی بہت سی اندرونی اور غیر ملکی باہمی پالیسیوں کے متعلق گہری تشویش کا سامنا کرنا پڑے گا۔ عراق اور افغانستان وغیرہ ملکوں تشدد واری رہنے سے امریکہ کے دفاعی

بچاؤ پر گہرا اثر پڑے گا۔ ملک میں اقتصادی مندی کا بھی چلتا رہے گا۔ غیر ملکی پالیسی خاص تبدیلیاں کی جائیں گی۔ دُنیا میں اپنا اثر رسوخ قائم رکھنے کے لئے بھارت جیسے ترقی کردہ ممالک کے ساتھ نئے بیوپارک ،اقتصادی اور راج نیتک سمجھوتے (معاہدے) کرے گا۔ بھارت اور پاکستان ملکوں کے متعلق دوغلی پالیسی کا رُک جاری رکھے گا۔

پاکستان:

جگت لگن کنڈلی میں اس کی زیر اثر راشی کنیا پر شنی ساڑھ ستی کا اثر برقرار رہے گا۔ کنڈلی میں اس راشی کا ملک بدھ نویں خانہ میں نیچ راشی کا ہوکر منگل برہسپت گرہوں کے ساتھ پڑا ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق فوجی طاقت کے زیر اثر پاکستان حکومت اپنی خفیہ سیاست کے ذریعہ بھارت خاص کر کشمیر گھاٹی میں دہشت گردی و بدامنی پھیلانے کی کوششیں کرتا رہے گا۔ بھارت کے اندرونی حالات اگرچہ پُرامن نہ رہیں گے کئی اہم شہروں میں دھماکہ خیز دہشت گردی کی وارداتوں میں مزید جان و مال کے نقصانات ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ پاکستان راج نیتک (سیاسی) سماجک و اقتصادی حالات بدامنی اور غیر یقینی رہیں گے۔ سال کے دوئم حصہ میں اس ملک کے سرکردہ لیڈر کے عہدہ میں اہم تبدیلیاں ہونے کے ارکان ہونے کے امکان ہیں۔۔

۲۰۱۱ء میں گوچر گرہوں کے مطابق بھارت میں واقعہ ہونے والی اہم پیشنگوئیاں

کنڈلی آزاد بھارت، ۱۵، اگست ۱۹۴۷ء

کنڈلی آزاد بھارت، ۶۵ واں سال

جمہوریت ۶۲ واں سال ۲۶ جنوری ۲۰۱۱ء

یوم جمہوریت کے ۶۲ ویں سال کی داخلہ برش کنڈلی میں بھارت، ۲۶ جنوری ۲۰۱۱ عیسوی بدھوار، اشٹمی تھتی، سواتی وشول یوگ کے وقت رات کے ایک بجکر ۳۸ منٹ پر تُلا (میزان) میں داخل ہوگا۔ خانہ لگن میں سنیچر پڑا ہے۔ اس پر منگل کی چوتھی نظر پڑ رہی ہے۔ اور لگن کا مالک بدھ بارہویں خانہ میں منعقد ہے۔ جس پر برہسپت کی مخالف نظر پڑ رہی ہے۔ گرہوں کی پوزیشن کے مطابق مرکزی گدی نشین یو پی اے حکومت کو بڑی مشکل اور سنجیدہ مسائل کا سامنا کرنا پڑیگا۔ مختلف قسم کے ترقی کردہ منصوبوں پر کئے جانے والے بھاری بھرکم اخراجات کے پُر اُمید نتیجہ نہیں نکلیں گے۔

روز مرہ کی ضروری چیزوں میں شدت کی منگائی ہوجانے سے عام لوگوں کا گزر ہونا مُشکل ہوجائے گا۔ عام رعایا کے دلوں میں گہری تشویش و پریشانیاں ہونگی۔ پٹرول، ڈیزل، رسوئی گیس، بجلی پانی، دودھ، دوائیاں، لوہا، تانبا، چندی، زمین، رہائشی مکانون زبردست تیزی کا رُخ ہوگا آزاد بھارت کے ۶۵ ویں سال کی برس کنڈلی میں شنی، منگل کے درمیان آپسی نظر میں ہونے سے کچھ صوبوں جیسے کشمیر، بہار، اڑیسہ، اُترپردیش، گجرات، آسام، وغیرہ صوبوں میں

الگاؤواد دہشت گردی، جاتی تناؤ و مذہبی ٹکراؤ کے غیر توقعہ و اقعات ہونے کے اشارے ملتے ہیں۔

۲۶ جنوری ۲۰۱۱ء کی طلوع کنڈلی اور آزاد بھارت کی برس کی کُنڈلی میں پڑے گرہوں کے مطابق بھارت کی مشرقی اور مغربی سرحدوں پر پاکستان اور چینی فوجوں جماؤ اور دہشت گرد عناصروں کی گھس پیٹھ میں تیزی آنے کے یوگ ہیں۔ بھارتی سرحدوں پر دشمنی ملکوں کی بری نظروں کے زیر نظر بھارت کو اپنی حفاظت کے لئے ضروری اقدامات اٹھانے ہوگنے۔ ملک کے زیادہ تر لیڈران میں قومی جذبہ کی کمی رہے گی۔ اس کے علاوہ قومی جذبات اور چلن کی کمی کے زیر اثر ملک میں بے ایمانی بھرشٹا چار لوٹ مار بڑھتی ہوئی غنڈہ گردی کے عناصر قانون اور بندوبست کے مسائل پر بڑھتی ہوئی آبادی اور کہیں مذہبی دنگے اور ٹکراؤ، بروزگاری، بھارت کے مشرقی علاقوں میں ماؤوادی نکسل وادی گروپوں کی بڑھتی دہشت گردکی وارداتوں کے زیر اثر عام لوگوں خود کو محفوظ نہ سمجھنے لگیں گے۔

بے موسمی بارش کا ہونا، زمین کا کھسکنا، سلاب وغیرہ قدرتی آپداؤں کی وجہ سے کچھ صوبوں میں جان ومال، دھن، دولت و اناج وغیرہ کا مزید نقصانات ہونے کا اندیشہ رہے گا۔ روزانہ کام آنے والی چیزوں جیسے، دودھ، دہی، سبزیاں، دالیں، گھی، تیل، چاول، گندم وغیرہ اناج، گیس، پٹرولیم وغیرہ کے نرخ بہت زیادہ تیز ہوجانے سے عام آدمی کا جینا محال ہوجائے گا۔ مشرق، مغرب، دِشاؤں میں دہشت گردوں کے بڑھتے ناپال قدموں کے زیر اثر یو۔ پی۔ اے۔ سرکار کے وقار کو گہرا دھکا لگے گا۔

ملک میں ترقی کے بڑے بڑے منصوبوں کا فائدہ چند امیر لوگوں کو ہی ملے گا۔ غریب لوگوں کا جینا بڑا مشکل ہوجائے گا۔

۲۰۱۱ء میں گرہ گوچر اور بھارت کا بھویکھ پھل

سن عیسوی ۲۰۱۱ء کے شروع میں ماگھ کے مہینے (۲۰ جنوری سے ۱۸ فروری کے درمیان) پانچ برہسپت وار ہونے سے بھارت کے مغربی ومشرقی حصوں میں جیسے بھارت پاکستان کی مغربی سرحدوں پر دہشت گردی یا فوجی ٹکراؤ ہونے کے یوگ ہیں۔ کشمیر کی سرحدوں پر حفاظتی دستوں اور کشمیری علیحدگی پسندوں کے درمیان ٹکراؤ، آگ زنی اور دھماکہ خیز وارداتیں ہونے کے امکان ہیں۔

[यत्र मासे पंचवारा: जायन्ते च वृहस्पते: ।
विग्रह: पश्चिमे देशे खड्युद्धं च जायते ॥]

آگے چاند پھاگن ماہ (۱۹ فروری سے ۱۹ مارچ) کے درمیان پانچ شنی وار ہونے سے اس عرصہ میں بھارت کے کچھ حصوں میں دنگے فساد، مذہبی جھگڑے، آگ زنی اور دھماکہ خیز واقعات ہونے کا اندیشہ ہوگا۔ مرکزی منتری منڈل میں اہم تبدیلیاں دیکھنے کو ملیں گی۔ کہیں اناج کی کمی اور زبردست وغیرہ کے مدعوں پر عام لوگوں میں گہری تشویش ہوگی۔ کچھ صوبوں میں پیچیدہ بیماریاں پھیلنے کا ڈر ہوگا۔

چیت ماہ (۱۴ مارچ سے ۱۳ اپریل) میں برہسپت مین راشی میں اتی چار (تیز چال) ہوکر گردش کررہا ہے۔ جبکہ کرو (بے رحم) گرہ سنیچر پہلے سے وکری حالت میں گردش کررہا ہے۔ اسکا اثر بھی شاستروں میں خراب لکھا ہے۔

(यदा क्रूर ग्रहो वक्री हि, अतिचारी सौम्यक: ।
पीडा व्याधि भयं तत्र दुर्भिक्षं राज्य विग्रहम् ॥)

یعنی مُلک کے کسی حصہ میں اناج کی کمی، قحط (دربھکھ) جنگ کا خطرہ اور کہیں حکومت ٹوٹنے کے اشارے ہیں۔

☆ چیت ماہ میں ہی پانچ اتوار ہونے سے کہیں حکومت میں تبدیلی (گدی پلٹنا) دنگے فساد، آگ زنی، مذہبی فساد، توڑ پھوڑ لوٹ مار اور دہشت گردی کی وارداتیں ہونگی۔ ضروری اشیاء میں کمی ہوگی۔ مہنگائی کی وجہ سے عام لوگوں میں غُصہ اور گہری تشویش ہوگی۔ سرحدی علاقوں، فوجی ٹکراؤ اور لڑائی کی خبریں ملیں گی۔

☆ [illegible] مہینے میں پانچ منگلوار ہونے سے ملک کے کچھ حصوں میں

آگ زنی، مذہبی دنگے فساد جلوس اجلاس، قتل وغارت اور دھما کہ خیز واقعات ہونے کے یوگ ہیں۔ کہیں چھتر بھنگ (حکومت کا پلٹنا) یا اہم عہدہ کا خالی ہونا، یا کسی اہم لیڈر کی اچانک وفات ہونے کے یوگ ہیں۔ سرحدی علاقوں پر بم باری اور دھما کہ خیز خبریں سننے کوملیں گی۔

''यत्र मासे महीसूनो जायन्ते पंचवासराः।
रक्तेनपूरिता पृथ्वी छत्रभंगस्तदा भवेत्॥

☆ چار گرہی یوگ: ۲۵ مارچ سے ۳۰ مئی کے درمیان:۔
چار گرہی یوگ بننے سے اُڑیسہ بہار بنگال کشمیر گجرات وغیرہ صوبوں میں دہشت گردی کی وارداتیں ہونے کے امکان وغیرہ کسی اہم سرکردہ لیڈر کے گدی سے ہٹنے کے یوگ ہیں۔
☆۶ جون سے وکری راہو: برشچک راشی میں اور کیتو برکھ راشی میں داخل ہوگا۔ جس کے زیر اثر سال کے دوئم حصہ میں بھرشٹ اور بے ایمان قسم کے لوگ چالاکی اور بے ایمان طریقوں سے منافع خوری کرنے میں عارضی طور پر کامیاب ہونگے۔ ۱۵ جون جیٹھ پورنیاں کومول نچھتر کے وقت چاند گرہن لگنے سے کچھ علاقون میں مذہبی تناؤ وٹکراؤ ہونے کے اشارے ہیں۔ ضروری اشیا میں بہت زیادہ مہنگائی ہوجانے سے عوام میں گہری تشویش ہونے کے یوگ ہیں۔
علم النفس کے ماہرین کا دعویٰ ہے کہ صبح کے وقت پچھم دشا (مغرب) کی جانب منہ کر کے کھڑے ہو کر پورب (مشرق) کی جانب پیٹھ کر کے اپنی چھایا کو دیکھے۔ اگر پورا جسم یعنی پورن شریر سفید رنگ میں دکھائی دے تو اس برس میں تمام سال سکون و آرام اور راحت میں زندگی بسر ہو۔ اگر اس سایہ میں سر دکھائی نہ دے تو چھ ماہ کے اندر اس شخص کی موت ہو جائے۔ اگر بغیر کانوں کے سر دکھائی دے تو ایک برس میں جسم کے کسی حصہ کے کٹنے کا حادثہ پیش آئے۔ اگر چھاتی کی حالت ٹھیک نہ نظر آئے تو سات مہینے کے اندر اندر موت ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر ہاتھوں کے بغیر جسم دیکھے تو دس ماہ، پسلی کے بغیر دو ماہ پسلی کے بغیر دو ماہ، منہ کے بغیر ایک ماہ اور اگر اس سایہ میں دو جسم دیکھے تو وہ شخص دس روز کے اندر اندر اس دار فانی سے رخصت ہو جاتا ہے۔ اس چھایہ پرش میں بغیر پاؤں کے جسم دیکھے تو کسی دوست کو خطرہ بنے اگر بغیر بازو کے دیکھے تو کسی عزیز کو خطرہ بنے۔ اگر بغیر سر کے سایہ دیکھے تو آتما کے ناش کا خطرہ ہوتا ہے۔ اگر پورا جسم نہ دیکھے تو خاندان کے ناش کا خطرہ ہے۔ اس چھایا میں دھر دور دھُمی رنگت ہو تو ملک میں بیماری پھیلے۔ سر کٹا دیکھے تو موت واقع ہو اگر بُری حالت دیکھے تو دیش بکھری رہے، زرد رنگ ہو تو جسم میں مرض ہو، سرخ رنگ ہو تو دھن نقصان ہو … تین ماہ میں زندگی کو خطرہ در پیش آئے۔

۲۷ نچھتروں میں پیدائش کا بیان

اشونی:۔ جو شخص اشونی نچھتر میں پیدا ہو وہ دولت مند، ہر کام میں ہوشیار، خوش وضع، دوستوں اور سمبند ھیوں سے میل ملاپ رکھنے والا ملنسار، شکر گذار، خوش کلام اور تیز فہم ہوتا ہے۔ سماج اور عزیز و اقارب میں عزت و احترام پانے والا اور فراخ دل ہوتا ہے۔ با اخلاق اور نیک سیرت ہوتا ہے۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ ویں برس میں طلوع ہوگا۔

بھرنی:۔ اس نچھتر میں پیدا ہونے والا بچہ لمبی عمر والا، راستی پر چلنے والا صحت مند اور ہر دلعزیز ہوتا ہے۔ نیک کاموں میں دلچسپی رکھنے والا، نیک لوگوں کی صحت کو پسند کرنے والا اور ہر جگہ عزت و توقیر پانے والا ہوتا ہے۔ اس کی قسمت کا ستارہ ۲۷ ویں سال کے بعد طلوع ہوگا۔

کرتکا:۔ بسیار خور بھوک زیادہ رکھنے والا، لذیذ اور چٹ پٹی خوراک کا دلدادہ، مغرور، کنجوس اور ناشکر گذار ہوتیکی اور وفا کو کرتکا کا نچھتر والا شخص غیر عورت (عورتوں) سے تعلق رکھنے والا ہوتا ہے۔ جس کا کو ہاتھ میں لے اُسے پورے اُتساہ اور لگن سے سرانجام دے عزیز و اقارب سے بگاڑ رکھے۔ قسمت کا ستارہ ۲۹ سال کے بعد چمکے۔

روہنی:۔ دولت مند، راست گو، عزیز و اقارب سے اُلفت رکھنے والا، شریں کلام، نرم گفتار، دنیاوی کاموں کو تندہی سے سرانجام دینے والا اور بلند حوصلہ ہوتا ہے۔ شردھاوان اور مفید مشوروں پر عمل کرنے والا، دولت مند اور رحم دل ہوتا ہے۔ راج دربار میں عزت پانے والا اور بزرگوں کا احترام کرنے والا ہوتا ہے۔ اگر رات کا جنم ہو تو کشور ہردے والا اور بدیش جانے کا شوقین ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۰ سال کے بعد چمکے۔

مرگشر:۔ تند مزاج، تیز رفتار، خود پسند اور معمولی بات پر بگڑنے والا عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا، چالاک اور ناشکرہ ہو۔ غصہ میں ہر وقت بھرا ہے۔ جھگڑالو اور فسادی ہو۔ مطلب پرست اور دوسروں کا احترام نہ کرنے والا ہو۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

آردرا:۔ مستقبل مزاج، حلیم طبع، ہر دلعزیز، عقلمند اور متحمل مزاج ہو مشکلات میں نہ گھبرانے والا مگر دھن دولت کے سکھ سے محروم رہے جمع خوری کے بر خلاف نیک اور دانا۔ ۲۸ برس کے بعد خوشحال ہو۔

پنربس:۔ مستقبل مزاج، عالم، دانا، دولت مند، راج دربار میں اور عزیز و اقارب میں عزت پانے والا، دوست اور متر بہت ہوں اولاد کا سکھ دیکھے۔ سب کا خیر خواہ سفید چیزوں کو پسند کرے۔ سفر بہت کرے۔ قسمت کا ستارہ ۲۸ سال بعد چمکے۔

پکھ:۔ حلیم و ذہین، نیک دل، ہوشیار ہو، دوسروں کی مدد کرنے والا، خدا ترس، دھرم کرم کے کام کرنے والا اور عابد و نیک ہو نیک و بد کی تمیز رکھنیوالا ہو۔ قسمت کا ستارہ ۳۵ سال بعد چمکے۔

اشلیکھا:۔ نیک کاموں کو کرنے میں سکھ ماننے والا، پریوار اور کنبہ بڑا ہو۔ دیوتا، بزرگوں اور سادھو سنتوں سے پیار کرنے والا ہو۔ کسی کی خاطر میں نہ لانے والا، دوسروں کو فائدہ اور بھلائی کو دیکھ کر خوش ہو۔ نشوں سے رغبت رکھے۔ نیک وید کا خیال نہ رکھے۔ رشتہ داروں سے ناچاقی رہے۔ قسمت ۳۰ برس بعد چمکے۔

مگھا:۔ دولت مند اور آسودہ حال ہو، عورت کے لئے وفادار اور پیار رکھے۔ ماں باپ کی عزت اور خدمت کرنے والا۔ دوسروں کو دکھ نہ دینے والا ہو۔ سدا خوشحال رہے۔ بیوپار میں دھن لابھ ہو۔ قسمت کا ستارہ ۲۵ برس کے بعد چمکے۔

پوربا پھالگنی:۔ دشمنوں پر غالب رہے ہر کام میں ہوشیار، افسروں، امیروں اور وزراء کی خدمت کرنے والا۔ خوش وضع او خوش کلام ہو۔ عورتوں کا پیارا۔ اقبال مند اور سواری وغیرہ کا شوقین ہو حکومت سے تعلق ضرور رکھے۔ سفر کا شوقین اور قابل ہو۔ امیدوں میں کامیابی اپنے رشتہ داروں سے پیار، راج دربار اور سماج میں عزت۔ قسمت ۲۸ برس کے بعد چمکے۔

اترا پھالگنی:۔ دولت مند۔ عیاش۔ اسلحہ اور دھنش وویا کا جاننے والا، بہادر اور طاقتور ہو۔ کھیل کود اور پہلوانی کا شوق رکھے۔ ذہین، راست گو اور سنجیدہ ہو۔ دوسروں کی مدد کرنے والا، مدبر اور شیریں کلام ہو قسمت ۲۸ / ۳۱ برس کے درمیان چمکے۔

ہست:۔ اس نچھتر والا اپنی قوم اور برادری میں سردار ہو۔ با حوصلہ اور مدبر ہو۔ دشمنوں سے سدا لوہا لینے والا ہو۔ نشہ والی چیزوں کا شوقین ہو۔ بھائی بندوں کے پاس نہ رہے۔ عیش و آرام کا دلدادہ عورت غیر سے رغبت رکھنے والا۔ عیش و عشرت کا دلدادہ ہو۔ کرودھی ہو۔ قسمت ۳۰ / ۳۱ برس کے بعد چمکے۔

چترا:۔ بڑا دانا، صاحب ہمت اور میانہ قد ہو۔ دولت مند۔ سخی راست گو اور خوشحال ہو۔ استری اور اولاد کی طرف سے آرام پائے۔ خوش نویس اور تعمیرات کے کاموں میں دلچسپی رکھے۔ ویدک وویا کا جاننے والا ہو۔ خوبصورت اور مذہبی خیالات والا ہو۔ روپیہ پاس کم ٹھہرے۔ قسمت ۳۳ / ۳۸ برس کے درمیان چمکے۔

سواتی:۔ بڑا سمجھدار اور تجارت کے کام کو خوبی سمجھنے والا۔ دوستوں اور عزیزوں کی پرورش کرے۔ شیتل سوبھاؤ۔ ہر دلعزیز اور سب کے ساتھ میل۔ جول اور سلوک رکھے۔ دیوتاؤں سے پریت رکھنے ولا جب تشنگی کی حالت ہو تو بے صبر ہو جائے۔ ستارہ قسمت ۳۰ / ۳۴ برس کی عمر میں چمکے۔

وشاکھا:۔ خوش قسمت خوبصورت اور مالدار ہو۔ کھوٹے کاموں میں رجحان بہت ہو۔ موقع شناس، مستقبل مزاج اور مدبر ہو۔ لڑائی فساد کے کاموں میں خوش رہے۔ بہادر اور جرارت مند ہو۔ خوش خلق اور راست گو اور سفر بہت کرے۔ ۲۱۔ ۲۸۔ ۲۴ برس کے دوران قسمت کا ستارہ چمکے۔

انورادھا:۔ علم و ہنر، کسب و تجارت اور ہر طرح کے فنون کا ماہر،

پچھتر کشٹا وُنی

جب کسی کی بیماری کا نتیجہ معلوم کرنا ہو تو اس روز جنتری میں دیکھیں کہ بیمار ہونے کے وقت اس تاریخ کو کون نچھتر تھا پس جسقدر گھڑی پل وہ نچھتر ہوں اس نچھتر کی گھڑیوں کی ۴ پر تقسیم کر دو پھر دیکھیں بیمار ہونے کے وقت کس نچھتر کا کون چرن تھا پھر نقشہ ذیل میں دیکھو کہ اس نچھتر اور چرن کے واسطے کتنے دن کا کشٹ ہے اس کے لئے مہا رتیونجے کا جپ کروانا ضروری ہوتا ہے۔

نچھتر	چرن (حصے) ۱	۲	۳	۴	اُپائے
اشونی	۹	۱۱	۱۰	۴۸	منگل کا جاپ
بھرنی	۰	۸۰	۴۰	۱۱	,, ,,
کرتکا	۰	۱۰	۱۴	۲۷	شکر کا دان
روہنی	۷	۱۰	۱۸	[illegible]	,, ,,
مرگشر	۱۶	۱۷	۲۲	۲۱	بدھ کا دان
آردرا	۰	۱۸	۰	۰	,, ,,
پنروس	۷	۱۴	۱۰	۲۰	چندرماں کا دان
پکھ	۷	۷	۲۰	۲۱	,, ,,
اشلیکھا	۰	۰	۱۴	۰	سورج کا دان
مگھا	۱۵	۱۷	۷	۳۰	,, ,,
پوربا پھالگنی	۰	۱۵	۰	۳۰	بدھ کا دان
اترا پھالگنی	۷	۱۴	۷	۶۰	,, ,,
ہست	۱۵	۱۷	۱۵	۷	شکر کا دان
چترا	۱۱	۹	۸	۱۶	,, ,,
سواتی	۱۷	۲۵	۵	۵	,, ,,
وشاکھا	۱۵	۴	۱۵	۱۱	منگل کا دان۔
انورادھا	۶۰	۱۲	۲۶	۳۰	,, ,,
جیشٹھا	۹	۵	۱۹	۶۴	برہسپت کا دان
مولا	۱	۱۹	۱۵	۱۱	,, ,,
پورباکھاڑہ	۷	۱۵	۲۴	۱۰	سنیچر کا دان
اتراکھاڑہ	۳۰	۲۰	۲۰	۱۶	,, ,,
شرون	۶۰	۲۴	۶	۹	,, ,,
دھنشٹا	۱۵	۲	۲۰	۲۱	,, ,,
ست بھکھا	۰	۴	۲	۱۰۲	,, ,,
پوربابھادر	۰	۱۲	۲۱	۹	,, ,,
اترابھادر	۵	۶	۹	۱۸	برہسپت کا دان
ریوتی	۸	۱۰	۹	۳۰	,, ,,

یہ جنتری اپنے شہر کے کسی دکاندار سے حاصل کریں دستیاب نہ ہونے پر جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور۔ جالندھر پنجاب کو لکھیں۔

آج کا دن کیسا گزریگا

جس روز معلوم کرنا ہو کہ آج کا دن کیسا گزریگا تو اس دن جنتری سے اپنے نام کا نچھتر دیکھیں بعد ازاں اس بعد کا نچھتر نقشہ میں نمبر ایک پر لکھے پھر ترتیب وار نقشہ پُر کر کے دیکھیں کہ آپ کے نام نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے۔ اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر نقشہ میں کس جگہ پر آیا ہے اگر اس میں آپ کے نام کا نچھتر دائرہ کے اوپر آیا ہے تو خوش نصیب ہو کر لابھ ہوگا۔ اگر دائرہ کے باہر پڑا ہے تو نصف حصہ خوشی اور نصف غم و فکر میں گزریگا۔ اگر آپ کا نچھتر ترشول کے اوپر پڑے تو تمام دن غم و فکر بیماری نقصان اور لڑائی جھگڑے میں گزریگا اور پریشانی زیادہ رہے گی۔

مریض کے لئے کال چکر

جنم نچھتر یا نام نچھتر یا وقت بیماری نچھتر یا پرشن لگن نچھتر سورج اور چندرماں نچھتر جس وقت ایک ناڑی میں طول خواہ عرض کے اندر آجائیں تو اس وقت بیمار کے لئے موت ہوگی جنم نچھتر چندرماں و سورج نچھتر جس وقت ایک ناڑی طول یا عرض میں آجائیں گے اس وقت بیمار مر جائے گا اگر دو ناڑی میں پائے جائیں تو دیر بعد صحت ہوگی۔ اگر تین ناڑی میں پائے جائیں تو مریض کو جلد صحت ہوگی۔

لوح حیات

۱	۳	۸
۱۰	۱۳	۱۴
۱۵	۱۶	۱۷
۱۹	۲۰	۲۲
۲۵	۲۶	۲۹

لوح ممات

۲	۴	۵
۶	۷	۹
۱۱	۱۲	۱۸
۲۱	۲۳	۲۴
۲۷	۲۸	۳۰

مُستند فالنامہ خواجہ غریب نواز رحمتہ اللہ علیہ

فال دیکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو سات بار درود شریف پڑھ کر خیالات یکسو کر کے کسی بھی خانہ پر کلمہ کی انگلی رکھو جو حرف اور عدد انگلی کے نیچے آئے جوابات میں ملاحظہ فرمائیں۔

ص ۶	م ۴	ق ۱	ر ۳
ی ۱۰	ج ۱۲	الف ۲	ط ۷
ل ۱۱	ع ۹	ن ۸	س ۵

(ق ۱) تمہارے ذہن میں جو مقصد ہے اس کے پورا ہونے میں کم از کم دو ماہ لگیں گے۔

(الف ۲) یہ کام پورب کے سفر سے پورا ہوگا۔

(ر ۳) مالی نقصانات کے علاوہ ابھی جسمانی اذیتیں بھی برداشت کرنا پڑینگی صدقات و خیرات جلد شروع کریں مصیبتیں دور ہوں گی۔ (م ۴) مالی فائدہ بھی پہنچے گا اور نیک مقصد حاصل ہوگا گناہ کا خیال ہرگز دل میں نہ ہو گا۔ (س ۵) سفر کرو بغیر سفر مطلب براری مشکل ہے۔ (ص ۶) پریشان مت ہو وقت اچھا آرہا ہے جس کی مدد کا خیال ہے اُسے نکال دو ورنہ سخت دھوکہ ہوگا اور مالی نقصان ہوگا۔ (ط ۷) جس کام کی تمہیں فکر ہے اس میں کامیابی دیر سے ملیگی گھبرا مت جانا کام ہونا یقینی ہے صبر ضروری ہے۔ (ن ۸) اس چیز کا ملنا بہت مشکل ہے زیادہ کوشش سے تمکو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے۔ (ع ۹) فکر و پریشانی کا زمانہ ختم ہو چکا ہے جو تم کو نقصان پہنچا رہا ہے اب اس کی پریشانی کا نمبر ہے۔ (ی ۱۰) اس وقت تمہارا ستارہ گردش میں ہے جو کام کرتے ہو نقصان اُٹھاتے ہو یہ حالت اب ختم ہو چکی ہے۔ (ل ۱۱) لائق استاد تلاش کرو کام کچھ خرچ کرنے کے بعد ہی ہوگا۔ اپنے ساتھی سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (ج ۱۲) روزگار میں ترقی ہوگی نیت درست رکھو لیکن فاسد خیال جو تمہارے دل میں ہے اُسے قطعی نکال دو۔

کار آمد نقش برائے افاقہ

اجب یا دردائیل بحق دھا

ھ	و	ز	ح
ح	ز	و	ھ
و	ھ	ح	ز
ز	ح	ھ	و

داہنے ہاتھ کے ناخن سے لے کر نصف سینے و شانے تک کسی قسم کا درد و تکلیف ہو یا داہنے طرف کا فالج ہو تو اس نقش کو ساعت مشتری میں لکھ کر بازو پر باندھیں اور یہی نقش پلیٹ پر لکھ کر پلائیں۔

داہنی طرف کے فالج و ہارٹ اٹیک میں و جوڑوں کے درد میں دوسرا نقش مریخ کی ساعت میں لکھ کر الٹے ہاتھ پر باندھیں رہیں۔

اجب یا اسمٰعیل بحق طیا

ط	ی	ک	ل
ل	ک	ی	ط
ی	ط	ل	ک
ک	ل	ط	ی

ناقص گرھوں کی بھتری کے لئے کار آمد نگینے (پتھر)

نیک گرہوں کے اثرات میں اضافہ اور ناقص گرہوں کے ناقص اثر کو دُور کرنے کے لئے گرہوں کے لئے مناسب نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔ کنڈلی میں پڑے گرہوں کی حالت اور اسمیں لکھی راشی کے مطابق ہی مناسب نگ کا چناؤ کرنا چاہئے ورنہ کئی دفعہ فائدہ کے بجائے غلط نگ پہننے سے نقصان کا اندیشہ ہو جاتا ہے۔ صحیح نگ کو جاننے کے طریقہ کے متعلق مزید جانکاری کے لئے ہمارے یہاں سے نگوں کے متعلق کتاب اردو یا ہندی میں منگوا سکتے ہیں۔ قیمت ۲۰ روپے۔ جنرل بک ڈپو اڈا ہوشیار پور جالندھر۔

سورج گرہ کا نگ مانک (Ruby) اس نگ کا دیوتا سورج ہے اسکو انگریزی میں روبی (Ruby) ہندی میں مانک، فارسی اور اردو میں یاکوت یا لعل بھی کہتے ہیں۔ ان کا رنگ لال کمل کی طرح سنگرف کی طرح اور لاکھ کی طرح ہو سکتا ہے۔

پہچاننے کا طریقہ۔ اصلی مانک لال سرخ رنگت چمکیلا بھاری پن ہوتا ہے۔ ہتھیلی پر رکھنے سے ہلکی سی گرمی ہونے لگتی ہے۔(۲) شیشے کے برتن میں رکھنے سے چاروں طرف ہلکی سی لال کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔(۳) گائے کے دودھ میں اصلی مانک رکھا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو دودھ کا رنگ گلابی دکھائی دیگا۔(۵) اگر چاندی کی تھالی میں موتیوں کے ساتھ رکھکر مانک سامنے رکھ دیا جائے تو اس میں رکھے سبھی موتی لال رنگ کے دکھائی دینگے (٦) دوپہر کے وقت روئی میں رکھنے سے روئی میں آگ لگ جائیگی۔ اصلی نگ کی یہی پہچان ہے۔ چمکیلا اور بھاری اور کنیر کے پھولوں جیسا رنگ ہونا چاہئے۔ اس کے نقص کالے اور دودھیا رنگ سے آڑی ترچھی لکیر ہیں، دوھد میں بنا رنگ، جس میں گڑھے پڑے ہوں ایس انگ کبھی پہننے کے قابل نہیں ہوتا۔ اُلٹا بُرا اثر پڑتا ہے۔

پہننے کے ترکیب۔ مانک رتن اتوار کو سورج کے ہورا میں کرتکا پھا گنی اُترا پھا لگنی اترا اکھاڑا روی پکھ یوگ میں سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں جڑوا کر دسورج کے بیج منتروں سے پوجن کر کے چھوٹی اُنگلی کے ساتھ والی انامکا انگلی میں پہننا چاہئے جسکا وزن ۳۔۵۔۷۔۹ رتی تک ہونا چاہئے۔

سورج کا بیج منتر:۔ اوم ہرانگ ہرینگ ہرونگ سہ سوریائے نمہ۔ پہننے کے بعد گایتری منتر کی ۳ مالا کا پاتھ ہون وسورج بھگوان کو طریقہ کے مطابق ارگھیہ دینا چاہئے اور تانبے کے برتن کنک ناریل، گڑ، لال وغیرہ کا دان کرنا چاہئے۔ طریقہ کے مطابق مانک پہننے سے راج دربار میں مان عزت بھاگیہ کا ستارہ چمکے۔ اولاد کا سکھ تیج بل میں طاقت ملے دِل کی بیماری۔ آنکھوں کی بیماری۔ خون کی بیماری جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک ودھن راشی یا اِس لگن والوں کو مانک پہننا فائیدہ مند ہے۔ جنکی جنم کنڈلی میں سورج گرہ کا اثر نہ ہوتا ہو انکو بھی مانک پہننا مبارک ہے۔

چندرماں کا گرہ موتی (Pearl) : چندرماں کے نگ کو سنسکرت میں موکتک، ملکتک، مُکتا، چندر منی، ہندی پنجابی میں موتی۔ انگریزی میں (Pearl) کہا جاتا ہے۔ مُکتا یا موتی نگ کا دیوتا چندرماں ہے۔ عربی فارسی میں گوہر کہتے ہیں۔

پہچان۔ موتی گول اور سفید صاف چندرماں کی طرح چمکنے والا نگینہ خوبصورت اور ہلکہ پن والا ہوتا ہے۔ گئوماتا کے پیشاب میں مٹی کے برتن میں رات بھر پڑا رہنے دیں اگر وہ نہ ٹوٹے تو سمجھیں کہ نگینا بالکل ٹھیک ہے۔(۲) پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں موتی ڈال دیں۔ اگر پانی سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں تو سمجھ لینا چاہئے کہ نگینہ بالکل ٹھیک ہے۔ اگر نقلی ہوگا تو ٹوٹ جائے گا (۳) دھان کی بھوسی کو ہتھیلی پر رکھ کر اُس پر موتی رکھ دیں اگر اصلی ہوگا تو اسکی چمک بڑھ جائیگی۔ سچا موتی اگر نہ ملے تو چندر کانت منی یا سفید پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اصلی شدھ موتی پہننے سے دماغی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ مُکتا بھسم کا استعمال نہایت فائدہ مند ہے۔ مرگی، پاگلپن بلڈ پریشر، پیٹ کی خرابی، پتھری، دانت کے روگ میں فائیدہ مند ہے۔ جسمانی خوبصورتی، عورت ودھن وغیرہ سکھ حاصل ہونگے۔

پہننے کا طریقہ:۔ موتی چاندی کی انگوٹھی میں شکل پکش کے سوموار کو یا پورنماشی کے دن چندرمان کی ہورا میں گنگا جل اور کچا دودھ و چاول میں ڈبوتے ہوئے "اوم شرانگ شرینگ شرونگ سہ چندرمسے نمہ" کے بیج منتر کا گیارہ ہزار بار پاٹھ کرنے کے بعد پہننا چاہئے۔ اسکے بعد چاول، چینی، کھیر، سفید پھل و کپڑا وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ موتی ۲۔ ۴۔ ٦ یا ۱۱ رتی کا انامکا یا کنشکہ اُنگلی میں۔ ہست روہنی یا شرون نکشتر میں اچھے جوتشی کے بتائے مہورت میں پہننا چاہئے۔ میکھ و برکھ۔ متھن۔ کرک، کنیا تلا برشچک مین راشی یا لگن والوں کو موتی شبھ ہے۔

چندرماں کا اُپ رتن۔ چندر کانت منی (Moon Stone) چندر کانت منی چاندی کی طرح چمک والا ہوتا ہے۔ اس کو ہلانے اس پر سفید راشنی بنتی ہے۔ یہ نگ بھی دماغی سکون، یادداشت میں اضافہ کرتا ہے۔ اسے چاندی کی انگوٹھی میں پہننا چاہے۔

منگل کا نگ مونگا (Coral) اسے سنسکرت میں پروال، انگارک منی وانگریزی میں کورل (Coral) اور عربی فارسی میں مرجان کہتے ہیں۔ مونگا عام طور پر لال سندھوری۔ گیروا رنگ کا ہوتا ہے۔ گول چکنا چمکدار اوسط سے زیادہ وزنی۔ سندھوری و شنگرف کے ملتے رنگ کا مونگا اُتم مانا جاتا ہے۔ اس کا دیوتا منگل ہے۔

پہچان۔(۱) اصلی مونگے کے خون میں ڈال دیا جائے تو اسکے چاروں طرف گاڑھا خون جمع ہونے لگتا ہے۔(۲) اصلی مونگا اگر گئو کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو اس میں لال رنگ جھائی دکھائی دینے لگتی ہے۔ پہننے کے روز دھرم مقام پر لال رنگ کا کپڑا اور پھل وغیرہ کا دان کریں۔ اعلیٰ درجہ کا مونگا پہننے سے زمین۔ ۔۔

بھائیوں کا سکھ۔ زرد کتا نصیب ہوتا ہے۔ اُسکے علاوہ خون کی بیماریاں بھوت پریت اگرست ہوتا۔ کمزوری بھوک کانہ لگنا دِل کی بیماری۔ وایو، کف وغیرہ میں مونگے کی بھسم کا استعمال ہوتا ہے۔ میکھ، کرک، سنگھ، تُلا، برشچک، مکر، کنبھ و مین راشی یا لگن والوں کو اچھے جیوتش کے صلاح سے پہننا چاہئے۔ منگل بیج منتر۔ اوم کرانگ کرینگ کرونگ سہ بھومائے نمہ۔

پہننے کا طریقہ۔ شکل پکش کے منگوار کو ہوداسیں مرگشر، چترا یا دھنیشٹا نکشتر و میکھ، مکر یا برشچک کے چندرماں کے وقت سونے یا تابنے کو انگوٹھی میں بیج منتر کا پاٹھ کر کے انامکا اُنگلی میں چھ آٹھ دس یا بارہ رتی وزنی پہننے سے شُبھ ہے۔ پہننے کے بعد منگا ستوتر یا منگل گرہ کا دان کرنا شبھ ہے۔

بدھ کا نگ پنّا (Emerald) پنا بدھ گرہ کا نگ ہے اسے سنسکرت میں مرکت منی۔ اشمگربھ، سوپرنی ہریتی۔ فارسی میں زمرد، انگریزی میں (Emerald) کہتے ہیں۔ پنا ہرے رنگ کا صاف، ملائم چمکدار ہوتا ہے۔

پہچان۔ شیشے کے گلاس میں پانی و پنا ڈال دیا جائے تو ہری کرنیں نکلتی دکھای دیگی۔ (۲) اصلی پنا کو ہاتھ میں لینے سے یہ لکا کومل و آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے۔

تاثیر۔ پنا نگ پہنے سے عقل میں اضافہ اور یادداشت بڑھتی ہے۔ علم، عقل، دولت، بیوپار میں ترقی کے لئے فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ سکون اور دماغی بیماریوں سے نجات دلاتا ہے۔ حکیم اِسکو بھو بھسم استعمال کرتے ہیں۔ زچہ عورت کی کمر پر اس نگ کو رومال میں بدھوار کے روز باندھنے سے بچہ بغیر تکلیف کے ہو جاتا ہے۔ اِسکے علاوہ یہ نگ جادو ٹونے، خون کی خرابی، پتھری، آنکھوں کی بیماری گردے کی بیماری اور دماغی کمزوری میں فائیدہ مند ہے۔

نگ پہننے کے طریقہ۔ یہ نگ چاند نے پکش میں بدھوار۔ اشلیکھا۔ جیشٹا۔ ریوتی، پوربا پھالگنی، یا پکھ نکشتر میں اور بدھوار کی ہوداسیں سونے کی انگوٹھی میں دائیں ہاتھ کے چھوٹی اُنگلی میں بدھ گرہ کے بیج منتر کم از کم ۱۶ ہزار بار پڑھ کر صبح پہننا چاہئے۔ بیج منتر۔ اوم ہرانگ، ہرینگ ہرونگ سیہ بدھائے نمہ۔

برہسپت کا نگ پکھراج (Topaz) : پکھراج برہسپت کا اہم نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے پُشپ راج، پیت منی۔ ہندی میں پکھراج فارسی میں زرد یاقوت اور اسفر انگریزی میں ٹوپاز کہتے ہیں۔ پکھراج کی مشابہت ہیرے سے بہت ملتی ہے۔ اسکا ذائقہ ترش ہوتا ہے۔

پہچان کا طریقہ۔ پکھراج کا نگ اکثر پیلا ہوتا ہے مگر رنگت کے مطابق (۱) نیبو کے چھلکے کی طرح (۲) سونے کی رنگ کی طرح (۳) کیسر اور ہلدی کے رنگ کی طرح (۴) سفید ہیرے کے طرح بھی ہو سکتا ہے۔ پکھراج ہتھیلی پر رکھنے سے چکنا، کچھ بھاری، پاردرشی اور قدرتی چمک والا اعلیٰ درجہ کا ہوتا ہے۔ مگر بغیر چمک کے سفید دھبوں والا اور اندرونی ریشے دار پکھراج ناقص ہوتا ہے۔ دیگر پہچان۔ (۱) کسوٹی پر گھسنے اور زیادہ چمکدار ہوتا ہے۔ اصلی نگ چوبیس گھنٹہ دودھ میں رکھنے کے بعد بھی چمک میں فرق نہیں پڑتا۔ جہاں کسی زہریلے کیڑے نے کاٹا ہو وہاں گھس کر لگانے سے زہر کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ جادو ٹونے کا اثر بھی نہیں ہونے دیتا۔ محبوب کے دل میں محبت اور کشش پیدا کرتا ہے۔ خاصیت۔ پکھراج پہنے سے طاقت دِماغ، ہمت میں فائدہ مند ہوتا ہے عمر دراز کرتا ہے۔ پکھراج شادی سکھ لڑکے کی پراپتی و دھرم کرم کی طرف روجھان پیدا کرتا ہے۔ اگر کسی راب رُوح کا سایہ پڑتا ہو تو وہ بھی دُور ہو جاتا ہے۔ کاروباری الجھنوں کا حل ہے سمندری سفر کے لئے مفید ہے۔ دواؤں میں استعمال۔ حکیم اسکی بھسم کو کیوڑہ یا شہد کے ساتھ دینے سے پیلیا، تلی، کھانسی، دانتوں کی بیماری، منہہ کی بدبو۔ بواسیر، بھوک کانہ لگنا وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ پکھراج ۳۔۵۔۷۔۹۔۱۲ رتی وزن کا سونے کی انگوٹھی میں جڑوا کر ترجنی انگلی میں پہنیں۔ سونے یا تانبہ کے برتن میں کچا دودھ گنگا جل پیلے پھول ڈالکر بیج منتر کا ۱۹ ہزار پاٹھ کر کے شُدھ کرن چاہئے۔ یہ نگ شکل پکش کے ویروار کے ہوداہ میں یا گورپخنہ یوگ میں یا پنربسو۔ وِشاکھا۔ پوربا بھادوپد نکشتر میں کرک، دھن یا مین کا چندرماں ہو۔ پہنے سے مبارک ہوتا ہے۔ برہسپت کا بیج منتر۔ اوم گرام گریم گروم سہ گوروے نمہ۔ پکھراج دھن مین ورشی کے علاوہ میکھ کرک، برشچک راشی والوں کے فائدہ مند ہے۔ پہننے کے بعد برہسپت کے مطابق دان دینا مبارک مانا گیا ہے۔

پکھراج کی جگہ نگ سونیلا۔ پکھراج قیمتی نگ ہونے کی وجہ سے ہر کوئی عام شخص نہیں خرید سکتا اسکے بدلے میں سُونیلا بھی پہنا جاتا ہے۔ مُبارک سُونیلا ہلکے پیلے رنگ (سرسوں کی طرح پیلاپن) کا ہوتا ہے۔ کئی بار یہ پکھراج سے زیادہ پیلاپن لئے ہوتا ہے۔ پہننے کا طریقہ پکھراج کی طرح ہی ہے۔

شکر کا نگ ہیرا (Diamond)۔ سنسکرت میں اسے وجر منی ہندی میں ہیرا انگریزی میں (Diamond) کہتے ہیں۔ ہیرا خوب چمکدار سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پہچان زیاہ چمکدار چکنا۔ مضبوط پاردرشی اور کرنوں والا ہیرہ اصلی ہوتا ہے۔

شناخت۔ (۱) ہیرہ گرم پگھلے ہوئے گھی میں ڈالدیا جائے تو گھی بہت جلد جمنے لگتا ہے۔ (۲) اگر یہ ہیرا دُھوپ میں رکھ دیا جائے تو اُسمیں اندر دھنش کی طرح کرنیں دکھائی دیتی ہیں۔ توتلے بچے کے منہ میں رکھنے سے بچہ ٹھیک طرح بولنے لگتا ہے۔ اندھیرے میں جگنو کی طرح چمکتا ہے۔ خاصیت۔ ہیرے میں آکرشن کرنے کی خاص طاقت ہوتی ہے۔ اِسکو پہننے سے ونش میں اضافہ۔ دھن دولت و جائیداد میں اضافہ۔ عورت و اولاد سُکھ ملے۔ صحت یابی۔ گھریلو و دنیاوی سُکھ میں اضافہ ہوتا ہے۔ ہیرے کا مارا ہوا کشتہ بہت سی بیماریوں میں فائدہ مند مانا جاتا ہے۔ جنسی ہارمون پیدا کرتا ہے۔ نامردی اور شوگر کو کنٹرول کرتا ہے۔ دوا کے طور پر استعمال۔ ہیرے کی بھسم شہد ملائی کے ساتھ لینے سے بہت سی بیماریوں میں فائیدہ مند ہے مثال کے طور پر کمزور، نپنسکتا، وایو کا پرکوپ، بھوک کانہ لگنا۔ دھاتو میں نقص دِل کی تکلیف، سفید پردر، زہریلا مادہ بننا۔ بچوں میں سُوکھا کی مرض، دماغی کمزوری وغیرہ۔ دوائی کے طور پر استعمال حکیم کے مشورہ سے کرنا چاہئے۔

پہننے کا طریقہ۔ شدی یعنی شکل پکش ... راشی ہو تو ایک رتی یا اِس سے زیادہ

وزن کا ہیرہ سونے کی انگوٹھی میں جڑ واکر شکر کے بیج منتر (اونگ دراں دریں، دروں، سہہ شکرائے نمہ) کا سولہ ہزار بار پاٹھ کر کے اچھے صورت میں مدھما انگلی میں پہننا چاہیے۔
پہننے کے دن شکر گرہ کے مطابق چیزوں جسطرہ دودھ چاندی، دہی، مشری، چاول، سفید کپڑے، چندن وغیرہ دان کرنا چاہئے۔ ہیرہ پہنے کی تاریخ سے سات سال تک اثر والا بنا رہتا ہے۔ ہیرہ برکھ متھن کنیا، تلا، مکر کنبھ راشی والوں کو فائیدہ مند ہو تا ہے۔
ہیرا کی جگہ نگ : (ا) فیروزہ۔ نیلے آسمانی رنگ کی طرح یہ نگ شکر گرہ میں ہیرہ کہ جگہ پہنا جاتا ہے۔ یہ نگ بھوت پریت قدرتی مشکلوں میں آنے والی تکلیفوں میں مددگار ہو تا ہے۔ اگر اِس نگ کو کوئی موقعہ میں ملنے پر پہنے گا تو زیادہ اثر والا رہے گا۔ ہلکے چمکدار رنگ والا نگ مبارک ہو تا ہے۔ کوئی بھی مشکل آنے سے یہ نگ اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔ آنکھوں کی بیماری سر درد زہریلا مادہ والی تکلیف میں خاص فائدہ مند ہو تا ہے۔
(۲) اوپل (Opal)۔ یہ بھی شکر کا دوسرا نگ ہے۔ اسکو پہنے سے اچھے خیال (وچار) ودھارمک کاموں کی طرف توجہ رہتی ہے۔ زیادہ مشہور نہیں ہے۔
شنی کا نگ نیلم (Saphire) ۔ نیلم شنی گرہ کا خاص نگ ہے۔ سنسکرت میں اسے نیل، نیلمنی، اندرنیل، ہندی میں نیلم۔ انگریزی میں سفائیر (Saphire) کہتے ہیں۔ عربی و فارسی میں یاقوت اور ازراق کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی نیلم چمکدار چکنہ مور پنکھ کی طرح کے رنگ والا نیلی کرنوں والا پار درشی ہو تا ہے۔ لال پیلے دھبوں والا گھسا ہوا۔ بغیر چمک والا۔ ٹوٹا ہوا نیلم ناقص ہو تا ہے۔ اسکے پہننے سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے۔
شناخت۔ اصلی نیلم کو گائے کے دودھ میں ڈال دیا جائے تو دودھ کا رنگ نیلا لگتا ہے۔ پانی سے بھرے شیشے کے گلاس میں ڈال دیا جائے تو نیلی کرنیں دکھائی دینگیں۔ فائیدہ نیلم پہنے سے دھن دولت مان عزت دماغی قوت نوکری یا بیوپار وخاندان میں اضافہ صحت کی بہتری میں فائیدہ مند ہے۔
نیلم شنی کی ساڑستی کے بُرے اثر کو دور کر تا ہے۔ خیال رہے عام طور پر نیلم چوبیس گھنٹہ میں اثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اگر نیلم ٹھیک نہ بیٹھے تو سخت نقصان کا اندیشہ ہو تا ہے۔ شناخت کے طور پر کم سے کم ۳ تین دن تک پاس پر اگر بُرے خواب آئیں۔ بیماری آئے یا چہرے کو بناوٹ میں فرق تو مت پہنو۔
بیماری میں شانتی کے لئے۔ نیمل پہنے یا دوڑی کی شکل میں دم، ٹی بی، دل کی بیمار، کھانسی، بخار، آنکھوں کی بیماری دماغی بیماری کشٹ روگ۔ پیشاب کے متعلق بیماریوں میں فائیدہ مند ہے۔ ٹوٹا ہوا نیلم پتھر پہننا کسی حادثہ میں موت کا سبب بن سکتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ نیلم ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۲ یا زیادہ وزن کا پنچ دھاتو۔ سونے یا لوہے کی انگوٹھی میں شنی وار کے دن شنی کی ہودہ میں پشیہ، اترا بھادرپد، چترہ، سواتی، دھیشٹھا، یاشتبھ نکشتر میں سنی کے بیج منگر (اوم پرانگ۔ پرینگ، پرونگ سہہ شنیئے نمہ) منتر کے ۲۳۰۰۰ (تیئس ہزار) پاٹھ کر کے پہنیں۔ اُسکے بعد شنی کے مطابق چیزوں کا دان کریں۔
راہو کا نگ گومید (Zircon)۔ راہو کے نگ گومید کو سنسکرت میں گومید انگریزی اور اردو میں زرقون (Zircon) کہتے ہیں۔ گومید کا رنگ گئو موتر کی طرح ہلکے پیلے رنگ کا کچھ لالی و کالا پن لئے ہو تا ہے۔ صاف بھاری گومید مبارک ہو تا ہے۔ اِس میں شہد جیسی چمک بھی دکھائی دیتی ہے۔
پہچان۔ اموماً گومید اُلو یا باز کی آنکھ جیسا ہو تا ہے۔ گئو موتر جیسا۔ دل کے بغیر یعنی جو پر تدار نہ ہو۔ ایسا گومید مبارک ہو تا ہے۔ (ا) اصلی گومید کو ۲۴ گھنٹے تک گئو موتر میں رکھنے سے گئو موتر کا رنگ بدل جائیگا۔ یہ پتھر دشمن کے خوف سے راحت دلاتا ہے اور رکاوٹوں کو دُور کر تا ہے۔
پہننے کا طریقہ۔ گومید نگ شنی وار کو شنی کی ہوڑا میں سواتی، شتبکا، آردرہ، روی پشپک یوگ میں پانچ دھاتوں یا لوہے کی انگوٹھی میں جڑ واکر، راہو کے بیج منتروں کا پاٹھ کر کے دائیں ہاتھ کی مدھما انگلی میں پہننا چاہئے۔ اس کا وزن ۵۔ ۷۔ ۹ رتی کا ہونا چاہئے۔
راہو کا بیج منتر۔ "اوم، بھراں بھریں بھروں گ سہہ راہوے نمہ"
پہننے کے بعد بیج منتر کا پاٹھ ہون و سورج دیوتا کو ارگھ دیں۔ نیلے رنگ کا کپڑا کمبل تل، باجرا دکشنا کے ساتھ دان کریں۔
طریقہ کے مطابق پہننے سے بہت سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ دولت جائیداد و اولاد کا سکھ۔ وکالت و راجدربار میں عزت مان کے لئے خاص فائیدہ مند ہے۔ دشمنوں کے ناش ہو تا ہے۔ جنکی کنم کنڈلی میں راہو۔ ا۔ ۴۔ ۵۔ ۷۔ ۹۔ ۱۰ ویں گھر میں ہو۔ اُنہیں گومید پہننا چاہئے۔ مکر لگن والوں کو گومید مبارک ہو تا ہے۔
کیت کا نگ لہسنیا۔ (Cat's Eye Stone) : کیتو کینگ کو سنسکرت و ہندی میں لہسنیا انگریزی میں (Cat's Eye Stone) کہتے ہیں۔ یہ نگ اندھیرے میں بلی کی آنکھوں کی طرح چمکتا ہے۔ لہسنیا چار رنگوں میں پایا جاتا ہے۔ کالی یا سفید چمک والا لہسنیا جس پر جینو کی طرح تین دھاریاں ہوں۔ صاف واوسط سے زیادہ وزنی ہو مبارک ہو تا ہے۔ اسے سوتر منی بھی کہتے ہیں۔ پہچان۔ اصلی لہسنیا کو اگر ہڈی کے اوپر رکھ دیا جائے تو وہ چوبیس گھنٹہ کے اندر ہڈی کے آرپار چھید کر دیتا ہے۔ پہننے کا طریقہ۔ لہسنیا بدھوار کے روز۔ اشنی مھگا، مولا، نکشتر میں روی پشپ یوگ میں پانچ دھاتو کی انگوٹھی میں کہنشکا (چھوٹی) اُنگلی میں بدھوار کے روز پہنیں۔ پہننے سے پہلے کیتو کے بیج منتر کا پاٹھ کریں پانچ رتی سے کم وزن نہ ہو۔ ہر تین سال بعد نئی انگوٹھی میں لہسنیا جڑوا کر پاٹھ کر کے پہننا چاہئے۔
کیتو کا بیج منتر اوم سرانگ سرنیگ، سرونگ، سہہ کیتوے نمہ۔
نگ پہننے کے بعد بدھوار کو ہی کسی شریشٹہ براہمن کو تل کمبل دودرم رنگ کا کپڑا۔ سات اناج (الگ الگ) ہمت کے مطابق دکشنا کے ساتھ دیں۔ ودھی کے مطابق پہننے سے بھوت پریت کا اثر نہیں رہتا۔ اولاد کا سکھ دولت میں اضافہ وُشمن بیماری کو دور کرنے میں مددگار ہو تا ہے۔
زیادہ جانکاری کے لئے یہاں رتن جیوتش گیان کتاب ۱۰۰ روپیہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ جنرل کتاب گھر، دولت شیاپور جالندھر

لاٹری نکلنے کے یوگ

سب سے پہلے مفید عالم جنتری کے اس نچھتر والے صفحہ پر سے اپنے نام معلوم کریں پھر پتہ کریں کہ لاٹری کب نکل رہی ہے۔ جس روز لاٹری نکل رہی ہو۔ اس دن کا نچھتر جنتریوی کے مہینوں والے صفحہ پر دیکھیں۔ اگر وہ نچھتر آپ کے نچھتر سے ملتا ہے تو آپ نیچے لکھے نچھتروں کے پھل اور اُپائے دیکھ کر کافی حد تک لاٹری کی اُمید کر سکتے ہیں۔ نیچے تین تین نچھتروں کا مجموعہ دیا گیا ہے۔ تینوں میں سے آپ کے نام کا کوئی نچھتر ہو۔ تو اور لاٹری نکلنے کا کوئی اور دوسرا تو پھر آپ لاٹری خرید سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کا نچھتر روہنی ہے تو آپ شرون نچھتر میں نکلنے والی لاٹری خرید سکتے ہیں۔ آپ کی قسمت کا ستارہ چمک سکتا ہے۔

۱۔ **کرتکا۔ اترابھالگنی و اتراکھاڑا**۔ لاٹری نکلنے کی امید ہے۔ روزانہ آدتیہ پردیہ کا پاتھ سورج دیو کو نمسکار۔ اور مانک۔ مانگ دہارن کرنے سے لابھ رہے گا۔ اور اتوار کا برت رکھیں۔ تو اور بھی اچھا رہے گا۔ گڑ وغیرہ کا دان کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ اتوار کو خریدیں۔

۲۔ **روھنی۔ ھست شرون**۔ ہر امید پوری ہو سکتی ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ سوموار کو خریدیں۔

۳۔ **مرگشر۔ چتراور دھنیشتا**۔ لاٹری نکلنے کی ابھی امید بہت کم ہے۔ مت ڈالیں ایک سال تک شری ہنومان جی کو لڈو کا پرشاد ہر منگلوار کو چڑھا کر منگلوار کا برت رکھیں۔ ہاں شُدھ مونگا دھارن کرنے کے ایک سال بعد ضرور لاٹری نکل جائے گی۔

٤۔ **آردرا۔ سواتی۔ شتبھکا**۔ تین ماہ بعد نکلنے والی لاٹری ڈالیں۔ ضرور نکلے گی۔ اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ سنیچر وار کو کالی چیز کا دان۔ پرندوں کو چاول ڈالنا۔ اور خود گومد دہارن کرنے سے تین ماہ بعد لاٹری ضرور نکلے گی۔ لکشمی پاٹھ ہر سنیچر وار کو ضرور کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ضرور شنیچر وار کو ہی خریدیں۔

٥۔ **پنربس۔ یشاکھ۔ پوربا بھادرپد**۔ لاٹری نکلنے کا یوگ بخوبی بنتا ہے کسی بوڑھے براہمن کو پہلے میٹھے چاول۔ پیلے کپڑے چنے کی دال کا دان کرنا شبھ ہے۔ برہسپت وار کا برت ۵ ہفتوں تک کریں۔ شری دُرگا ماتا کا پاٹھ پورے ۴۰ دن تک کریں۔ لاٹری ضرور نکلے گی۔ خود پکھراج کا نگ دہارن کریں۔ لاٹری کا ٹکٹ ویروار کو خریدیں۔

٦۔ **پکھ انورادا۔ اترابھادرپد**۔ ابھی لاٹری نکلنے میں دیر لگے گی۔ سنیچر وار کا برت اور کالے تل لوہا کا برتن، کالا کپڑا کا کسی غریب کو دان اور نیلم پتھر پہننے سے یوگ ڈیڑھ سال تک سنبھل سکتے ہیں۔ پرندوں اور موک جانوروں کو چارہ ڈالنا بھی شبھ ہے ٹکٹ سنیچر وار کو خریدیں۔

۷۔ **اشلیکھا، جیشتھا۔ ریوتی** لاٹری نکلنے کا بہت امکان ہے۔ لاٹری کا ٹکٹ بدھ وار خریدیں چار بدھ وارت تک برت رکھیں اور برت کے روز کسی غریب کو یا براہمن کو سبز کپڑا مونگی۔ ہرے پھول کانسی کے برتن گھی۔ مصری وغیرہ دان میں دیں۔ نگ پنا پہننا بہتر۔ ۴ ہفتہ تک شری درگا پاٹھ کرنا ضروری ہے۔

۸۔ **مگھا، مولا، اشونی**۔ لاٹری کا ٹکٹ کسی بچے کے نام منگلوار کو خریدیں۔ ہر منگلوار کو بچیوں میں پیلے لڈو تقسیم کریں۔ اور اپنے اشٹ دیو کی پوجا کریں۔ برت رکھیں لکشمی دیوی کا پاٹھ ہر روز کریں۔ سات ماہ بعد مُراد پوری ہوگی۔ ابھی ٹکٹ نہ خریدیں۔

۹۔ **پوربا پھالگنی۔ پورباکھاڈا بھرنی** لاٹری نکلنے کی پوری امید ہے۔ دیوی دُرگا ماتا کے چھٹے، ساتویں ادھیائے کا پاٹھ چار ہفتہ تک کرلیں۔ شکروار کو پاٹھ ضرور کریں۔ ٹکٹ بھی شکروار کو ہی خریدیں۔ اس دن پانچ چھوٹی لڑکیوں کو میٹھے چاول کی کھیر کھلائیں۔ من کی مراد جلد پوری ہوگی۔

کون سی لاٹری خریدیں

راشی	ریاست	راشی	ریاست	راشی	ریاست
میکھ	کلکتہ، اڑیسہ پنجاب	سنگھ	آسام، مہاراشٹر، کیرل	دھن	دہلی، یوپی، بنگال، اور نیپال
برکھ	راجستھان، بہار، اتر پردیش	کنیا	آسام، سکم، ہماچل، ناگالینڈ اور سری نگر	مکر	میسور، شری لنکا ہماچل پردیش
متھن	سکم، آسام، ہماچل پردیش، ناگالینڈ	تلا	ہریانہ، راجستھان، پنجاب	کنبھ	پنجاب، ہریانہ، بہار، یوپی
کرک	دہلی، شری لنکا، رنگون	برشچک	بہار اڑیسہ، کلکتہ، سکم، یوپی	مین	ناگالینڈ، مہاراشٹر، جموں کشمیر

نوٹ:۔ جس روز لاٹری نکلنے والی ہو۔ اس روز کا چندرماں۔ اگر آپ کی نام راس کے چوتھے۔ آٹھویں یا بارہویں مقام پر پڑتا ہے۔ تو اس روز لاٹری نہ ڈالیں (پنڈت پنالال جیوتشی ایم اے۔

مکمل پھلادیش کیلئے بڑی جنم پتری اُردو -/Rs. 751

زندگی کے مفصل حالات اور مکمل پھلادیش جاننے کے لئے بڑی جنم پتری بنوائیں۔ جنم پتری تیار کروانے کے مقام پیدائش مہینہ تاریخ اور صحیح وقت لکھ کر ارسال کریں۔ اُردو زبان میں تیار کروانے کی فیس -/751 روپے علاوہ ڈاک خرچ۔ اس میں مختصر حالات درج ہوتے ہیں ہندی اور انگریزی میں تیار کرنے کو ترجیح دی جاتی ہے یہاں اور مہینوں کے مفصل حالات کے لئے فیس پیشگی آنی ضروری ہے۔ غیر ممالک میں پیدا ہونیوالے حالات کوئی جنم پتری 15 پونڈ یا 21 ڈالر دینے ہوں گے۔ ڈاک خرچ ۲ پونڈ علیحدہ ہوگا۔ براہ مہربانی رقم پیشگی روانہ کریں۔ جنم پتری میں جو بات بھی خاص پوچھنی ہو وہ الگ الگ سے لکھ کر ارسال کریں۔

پنڈت پنالال جیوتیشی ایم اے۔

مفید عالم جنتری۔ اڈہ ہوشیارپور جالندھر شہر فون نمبر 57959

گھوڑوں کی کی دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد ڈبھربا اور کالا دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں جس رنگ کی گولی نکلے۔ اسی رنگ کے پر بازی کیا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی۔ اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔ اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگت	سیارہ	دن	رنگ
سورج	اتوار	سرخی مائیل	بدھ	بدھوار	ڈبھربا	شکر	شکروار	سفید
چندرماں	سوموار	سفید						
منگل	منگل	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

گھوڑا دوڑ اور لاٹری اپنی ذمہ داری پر ڈالیں۔ ... صرف مشورہ۔ پنڈت پنالال جیوتشی۔

جیوتش، صنعت و حرفت ہنر اور دولت کمانے کی بے نظیر کتابیں

نام کتاب	قیمت
بڑی تلسی رامائن اُردو	250
بالمیک رامائن اُردو	350
بالمیک رامائن ہندی	300
تلسی رامائن ہندی	300
شریمد بھاگوت ہندی	300
مہاشو پران ہندی و اُردو	300
شوپران چھوٹا ہندی	150
بھگتی شاگرد اُردو ہندی	50
رام چرترمانس گٹکا ہندی	50
شریمد بھگوت گیتا اُردو	50
رامائن جسونت سنگھ ٹوہانہ ہندی	120
شری درگا پاٹھ اُردو	50
شری درگا سپتی شتی ہندی	65
یوگ آسن پراناایام ہندی اردو	50
منش جیون کا رہسیہ اُردو	50
لکشمی شکتی اُردو	50
گایتری شکتی ہندی	60
مہابھارت ہندی و اُردو	225
مہابھارت اُردو	225
شری ہنومان اپاسنا ہندی	40
نت نیم اُردو ہندی	25
شری ہنومان اپاسنا ہندی	40
نت نیم اُردو ہندی	25
ہمنی صاحب دل محمد	20
گیتا دِل محمد اُردو	60
جپ جی سکھمنی صاحب دل محمد	60
سندر گٹکا سٹیک پنجابی	60
سندر گٹکا عام پنجابی اُردو	50
پریم ساگر ہندی اُردو	60
جنم ساکھی گورونانک دیو جی گور	300
جنم ساکھی گورونانک اُردو	300
قرآن شریف اُردو ہندی	175
علم الخواب اُردو ہندی	50
کارک مہاتم ہندی اُردو	40
ماگھ مہاتم ہندی	31
گرڑ پران اُردو ہندی	40

نام کتاب	قیمت
جیوتش	
آئینہ قسمت حصہ چاروں حصے	
(فوٹواسٹیٹ پوزیشن میں)	800
سرشتہ تقدیر یعنی درش پھل	100
رسالہ علم کیرل اُردو ہندی	60
ورش پھل چندر کا ہندی	60
پرشن درپن ہندی	50
جیوتش تتو ہندی	60
جیوتش تشو پھلت ہندی	250
لگن آفتاب اُردو	150
آئینہ فلک اُردو	60
پرانے سال کی جنتریاں فی عدد	50
بھر گو سنگتا ہندی (نو جلد)	200
ہست ریکھا سامدرک ابرو ہندی	60
مان ساگری بھاشا ٹیکہ ہندی	150
نیو مرولوجی (وانک ودیا) ہندی	60
بڑا ہوا اڑا چکر ہندی	30
جیوتش شاستر ہندی	60
تیزی مندی سٹہ ہندی	160
گنجینہ روزگار اُردو	40
بیوپار دستکاری اُردو ہندی	50
رہنمائے صابن سازی اُردو	60
باورچی خانہ اُردو ہندی	50
مرغی خانہ اُردو ہندی	50
جیوتش گیان شاستر پنجابی	75
ہدایت خاوند ہندی اُردو	50
بھوجن راہسی صحت اُردو ہندی	50
حکمت	
ایلو پیتھک گائیڈ ہندی	90
پیٹینٹ میڈیسن ہندی اردو	50
میڈیکل گائید ہندی اُردو	50
میڈیکل گائیڈ ہندی اُردو	50
گھر کا دید نسخہ جات ہندی	50
گھر کا وید نسخہ جات ہندی	50
طلبی نسخے اُردو	50

نام کتاب	قیمت
بوٹی پرکاش ہندی اردو	70
طب دار الشفا پنجابی اُردو	100
گیت روگوں کا علاج ہندی اردو	60
علاج مویشی ہندی اردو	60
متفرق	
کوک شاستر اُردو ہندی	50
سلائی کٹائی ہندی اُردو	50
رسوئی شکشا ہندی اُردو	60
سہاگ رات ہندی اُردو	50
ہارمونیم گائیڈ ہندی	40
ہندی انگلش ٹیچر	90
اردو ہندی ٹیچر و پنجابی	30
امرت ساگر اردو ہندی	150
علاج الغرباء اردو	90
پنجابی کی دھارمک کتابیں	
جنم ساکھی گورونانک دیو جی بڑی	300
گورو بھگت مال پنجابی	200
ساکھی پرمان پنجابی	200
ترنکاری چمتکاری پنجابی	200
دشمیش چمتکاری پنجابی	200
سوڈھی چمتکاری پنجابی	200
مہابھارت پنجابی	250
چتر ناٹک اُردو پنجابی	90
ظفرنامہ اُردو ہندی	70
ہردوارث علی شاہ اُردو پنجابی	120
رامائن تلسی داس پنجابی	190
رامائن بالمیک اُردو پنجابی	250
دیپ سکھمنی صاحب پنجابی	60

نام کتاب	قیمت
سندر گٹکا اردو	60
سندر گٹکا سٹک پنجابی	60
بھگت بانی پنجابی	50
دس گرنتھی پنجابی	60
جنتر منتر جادو وغیرہ	
منتر شکتی ہندی اردو	70
علم مسمریزیم ہندی	100
اندر جال ہندی اُردو	60
وشی کرن منتر ہندی اردو	50
نقش سلیمانی اردو ہندی	70
چین بنگال کا جادو ہندی اردو	50
جادوگری شکشا ہندی	
تاش کا جادو ہندی اردو	50
کوآ تنتری ہندی	60
الو تنتر ہندی اردو	60
علم السخیر حیات اُردو	60
عملیات تسخیر اردو	70
شو منتر اوالی ہندی	60
اصلی لال کتاب اردو فوٹو کاپی	1750
کرشمہ قدرت	75
پتھر اور نگینے	25
پچھتروں کے خواص	40
قواعد عملیات	40
فالنامہ یوسفی	50
آثار انجوم	50
اسناعات	80
مفش جسون	50
اسباق انجوم	50
ترجمہ لال کتاب ہندی	500

نوٹ :۔ آرڈر بھیجتے وقت روپے پیشگی بھیجیں یا زائد کتابیں منگوانے پر نصف رقم پیشگی روانہ کریں ڈاک خرچ بزمہ خریدار ہوگا۔ کسی کتاب کی قیمت میں ترمیم کی صورت میں موجود رقم چارج کی جائے گی۔ ملٹری کے فوجی بھائی منگوانے والے حضرات کتابوں کی پوری رقم مع ڈاک خرچ منی آرڈر روانہ کریں۔ جو کتابیں ہماری اسٹوک میں ہوگی وہی بھیجی جائیگی غور فرمائیں۔

جنرل بک : اڈہ ہوشیار پور جالندھر پنجاب۔ فون 0181-2457959

مہورت	شبھ تتھی	شبھ یوم	شبھ نچھتر	کیفیت
نیا مکان بنانا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور اتوار نہ ہو	روہنی - مرگشر - پنربس - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - تینوں اترا - دھنشٹا - ہست - پکھ اور ریوتی۔	بیساکھ - ساون - مگھر - ماگھ - پھاگن مہینہ ہو۔ بھادوں - کارتک ادھم ہیں - زمین سوئی نہ ہو - تیج پان نہ ہو - کیندر - ترکون شدھ ہوں۔
نئے گھر میں داخلہ	۲-۳-۵-۶-۷-۸-۱۰-۱۱-۱۳ اور ۱۵	منگلوار اور ایت وار نہ ہو	روہنی - ریوتی - چتاکھا - انورادھا - تینوں اترا - اور پرانے مکان کے لئے ہست - اشونی - پکھ - مولا - شرون - دھنشٹا - ہست - پکھ۔	بیساکھ - جیٹھ - ماگھ - پھاگن کا مہینہ ہو۔ سورج اترائن لگن ستھر ہو جنم لگن راشی سے ۸واں ہو۔ سورج کے نچھتر ۵ خراب - ۸ عمدہ - ۷ خراب - ۶ عمدہ
زمین میں بیج بونا	۲-۳-۵-۷-۱۰-۱۱ اور ۱۳	ایت وار سنیچروار منگلوار نہ ہو۔	اشونی - روہنی - مرگشر - پنربس - پکھ - مگھا - تینوں اترا - ہست - چترا - سواتی - انورادھا - دھنشٹا - مولا اور ریوتی۔	لگن ستھر ہو۔ چوتھے گھر میں شبھ گرہ یا اسکی درشٹی ہو۔ یا چوتھے گھر کا مالک اپنے گھر کو دیکھتا ہو۔
مندر بنوانا	۲-۳-۵-۶-۷-۱۰-۱۱-۱۲-۱۳ اور ۱۵	منگلوار نہ ہونا چاہیئے	اشونی - مرگشر - پنربس - پکھ - چترا - سواتی - انورادھا - ابھجیت - شرون - دھنشٹا - شت بھکھا اور ریوتی شبھ نچھتر ہیں۔	پھاگن میں برہما - اسوج میں وشنو - بھادوں اسوج - پوہ چیت - دیوی کا جیٹھ بھادوں پھاگن سب دیوتاؤں کے لئے شبھ ہے۔
سواری کرنا	۲-۳-۵-۷-۸-۱۲ اور ۱۳	منگلوار اور سنیچروار نہ ہو	بھرنی - آردرا - اشلیکھا - مگھا - تینوں پوربا - مولا - جیشٹا کو چھوڑ کر باقی نچھتر گھوڑ سواری یا کار وغیرہ سواری کے لئے شبھ ہیں۔	اشونی - روہنی - مرگشر - پنربس - تینوں اترا - ہست - چترا - سواتی - ہاتھی یا دوسری سواری کے لئے شبھ ہیں۔
بہی کھاتہ	۴ - ۹ یا ۱۴ نہ ہو	منگلوار یا سنیچروار نہ ہو	شرون - روہنی - مرگشر - پنربس - تینوں اترا - پکھ - ہست - جیشٹا	شرون - انورادھا - ۸ - ۱۲ پاپی گرہ نہ ہو اور ترکون میں شبھ گرہ۔
علاج کرنا	۴-۸-۹-۱۰ نہ ہو	اتوار، منگلوار، سنیچروار نہ ہو۔	اشونی - پنربس - اترا پھالگنی - ہست - چترا - سواتی - انورادھا۔	مولا - شرون - دھنشٹا - ہست - پکھ - ریوتی - چندرماں شبھ لگنیش اچھا ہو۔
مقدمہ دائر کرنا	۴ - ۹ - ۱۴ ہو	منگلوار یا سنیچروار ہو	مگھا - مولا - ریوتی - جیشٹا - اشلکھا اور آردرا شبھ ہیں۔	گورو چندرماں لگن میں ہو دسویں شبھ اور چھٹے کروُر گرہ ہو۔
کان بیندھنا	۴ - ۹ اور ۱۴ نہ ہو	بدھ - ویروار - شکروار - سوموار	شرون - دھنشٹا - پنربس - مرگشر - ریوتی - چترا - انورادھا - ہست - اشونی اور پکھ۔	سم برس اور جنم تارا کو چھوڑ کر جنم سے ۶-۷-۸ویں مہینے میں یا ۱۲ویں یا ۱۶ویں دن۔
بچہ کو باہر نکالنا	۲-۵-۷-۱۰-۱۱-۱۳	سوموار - بدھوار ویروار - شکروار اور ایت وار	اشونی - مرگشر - پنربس - پکھ - ہست - انورادھا - شرون - دھنشٹا - ریوتی۔	لگن ستھر ہو - لگن سے ۱-۴-۵-۷-۹ویں شبھ گرہ ہوں - ۸واں اور ۱۲واں شدھ ہو۔

نو گرہوں کا انسانی شخصیت پر اثر

۱۔ انسان پر برہسپت کا اثر۔ برہسپت گرہ کے زیر اثر میں ہونے والا انسان کا متھا چوہے کے ماتھے کی طرح تنگ اور دمہ کی بیماری کا اندیشہ یا جسم کا کوئی حصہ کٹا ہوا۔ اس کی بول چال بیٹھنا وغیرہ گوروکی طرح ہوتا ہے۔ گمبھیر اور ہر بات کو برداشت کرنے والا ہوتا ہے۔ اور جانوروں کو نہ مارنے والا۔ اپنی بات پر مٹنے اور جو قسمت میں لکھا ہو گا دیکھا جائیگا اور اپنے دیئے ہوئے وچن اور ارادے کو پکا ہو گا۔ اس طرح کے انسان سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ عادت سے بے فکر اور اُسکی حالت مدھم رہے گی۔

۲۔ انسان پر سورج کا اثر۔ سورج گرہ کے پربھاؤ والا آدمی۔ جسم کو کائی حصہ کٹا یا نہ ہو گا۔ اس کا رنگ گندمی آنکھ شیر کی طرح تیز مگر ڈراؤنی نہ ہو گی۔ قد لمبا جسم پتلا۔ ہر طرح کی مشکلوں یعنی مصیبتوں سے لڑنے والا اور مضبوط لمبا چہرہ ماتھا چوڑا والا۔ چال میں بایاں حصہ پہلے چلانے والا۔ شکل و صورت سے بھولا بھالا۔ مگر اندر سے آگ کی طرح گرم چال چلن (کامدیو) کا پکا۔ آدمی محنتی اور پکا ارادہ والا جس بات کو ٹھان لے اُس سے کبھی پیچھے نہ ہٹے گا۔

۳۔ انسان پر چندرماں کا اثر۔ چندر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سفید رنگ (دودھ) کی جھلک والا۔ دہی کے جیسے رنگ والی سفیدی نہیں۔ ٹھنڈا سوبھاؤ چوڑا چہرہ (چور کور) دوسرے کی ہاں میں ہاں ملا کر پھر دوسرے کو نرم جواب دیکر اس کے دل کو اپنا بنانیوالا۔ پوشاک (پہننے کے کپڑے) اچھے کپڑے دھارن کرنیوالا۔ جسم کا نیچے کا حصہ نابھی سے نیچے پاؤں کی طرف دودھ والے مویشی پالنے کا شوقین اور دودھ والے مویشوں سے لابھ اُٹھانے والا۔ ایسے آدمی چاندی۔ چاول، پانی۔ برف کے بیوپار میں نفع کماتے ہیں۔

۴۔ انسان پر شکر گرہ کا اثر۔ شکر گرہ کا پربھاؤ والا آدمی میں سفید دہی رنگ سفید کی جھلک دودھ کے سفید رنگ کا نہیں چہرا گول۔ موٹیلا۔ خوبصورت آنکھیں بیل کی طرح مست اور عاشق مزاج ہونٹ اونچے گول مست طبیعت کوئی روئے کوئی ہنسے مگر وہ اپنے آپ میں خوش۔ ہر وقت اپنے آپ کو عورتوں کی طرح سجنے سنورنے کا شوقین خوبصورتی پر مٹ جانے والا ہوتا ہے۔

۵۔ منگل۔ منگل گرہ کے زیر اثر والا آدمی گورا اگر سرخ رنگت لئے ہوئے 'چست' حوصلہ مند بے خوف 'مہنتی' ایماندار' دلیر' اپنے ارادے کا پکا' مستقل مزاج' صاف گوئی' آزاد خیالوں والا' رہنمائی کرنے کی خاصیت' کچھ تیز مزاج' ہمیشہ اونچا اٹھنے رکھنے والا' ہو گا۔

۶۔ انسان پر بدھ گرہ کا اثر۔ بدھ گرہ کا پربھاؤ والا آدمی کبوتر کی آنکھ سے ملتا جلتا ہو۔ مگر ڈرپوک۔ چال میں مسکین۔ بلی کی طرح کا بول چال، معصوم لڑکیوں کی طرح۔ مگر جادو منتری کی طاقت والا۔ خوبصورت دانت۔ بہروپیہ و نقل کرنے کا سانگ اتارنے کی طاقت رکھنے والا۔ زبان کو ہونٹوں پر پھیرنے عام عادت۔ بات چیت میں تیز۔ خیالی باتوں باتوں میں محل بنانا۔ لوگ، مگر آپ کسی کے آندھیں نہیں رہے گا۔ خوبصورتی پسند کرے۔

۷۔ انسان پر سنیچر گرہ کا اثر۔ سنیچر گرہ کے زیر اثر والا آدمی سانپ کے سوبھاؤ جیسا آنکھ بھی سانپ کی طرح گولائی لئے ہوئے۔ رنگ میں سفید یا لال نہ ہو گا۔ بلکہ آنکھوں کا رنگ کالا ہو گا۔ بھوئیں لکیر کی طرح سیدھی یا اُن پر بال کم ہوں گے۔ آواز میں سانپ کی طرح ٹک ٹک کرنے والا۔ آنکھیں دیر بعد جھپکنے والا اپنے دل کی بات کا پتہ نہ لگنے دیوے۔ کہ اسکا اصل مطلب کیا ہے۔ چاروں طرف چلنے والا۔ جب کسی کی مدد پر ہوا تو اس کی پوری مدد کرنے کے لئے اپنا سب کچھ قربان کر دے گا۔ پکا ضدی ہو گا۔ اگر کسی کے برابر سامنے کھڑا ہو گیا تو سامنے والے کچھ برباد ہو جاوے تو پرواہ نہ کرے گا۔ سننے کی بجائے آنکھوں آنکھوں سے ہی کام لے گا۔ دوسرے پر سانپ کی طرح حملہ کر دیگا۔ کان چھوٹے چھوٹے۔ الگ بیٹھنے کا شوقین ہو گا۔

۸۔ انسان پر راہو گرہ کا اثر۔ راہو گرہ کے زیر اثر میں ہونے والے انسان کی ٹھوڑھی اوپر کو اُبھری ہوئی رنگ کالا۔ راہو اُوچ کا ہو تو بھی رنگ کالا ہو گا۔ باقی نیچے لکھی سب باتیں ہوں گی۔ انسان اکثر کالا کانا، بغیر سنتان۔ بنا شادی کے یا وودر ٹیڑھا چلنے والا ہو گا۔ ہاتھی سے ملتی جلتی آنکھ (چھوٹی) شریر میں بے چینی پانے والا۔ جس طرف مل گیا دوسری طرف کا ناش (تباہ) کرنے والا خوراک زیادہ کھانے والا۔ گھر کی چیزوں کو بڑھانے کے شوقین مگر ان کی خوبصورتی کا دھیان نہیں۔ مسکین بلی کی طرح اُسے مکان سے پیار ہو گا۔ مکان کے مالک جان کا دھیان نہ ہو گا۔

۹۔ انسان پر کیتو گرہ کا اثر۔ کیتو گرہ کے زیر اثر ہونیوالا انسان کے کان بڑے بڑے بھوؤں کا مدھیہ حصہ اوپر اُٹھا ہوا۔ جسم مضبوط۔ بلکہ ٹانگوں کا حصہ بھاری گاجر کی طرح جسم نیچے سے موٹا اُوپر سر کی طرف سے ہلکا۔ نیک طبیعت درویش۔ کتا۔ سور یا سادھو ہو گا۔

مکان بنانے یا خریدنے کے وقت خیال کرنیکی باتیں

۱۔ مکان کے اندر داخل ہونے کے لئے سب سے بڑا دروازہ پورب (مشرق) کی جانب ہو تو سب سے اچھا ہو گا۔ ہر وقت لوگوں کا آنا جانا یعنی تانتا لگا رہے۔ اور ہر طرح کے سکھ سادھن مہیا ہوتے رہیں گے۔

۲۔ اگر مغرب کی جانب بڑا دروازہ ہو تو دوئم درجہ کا اچھا اثر ہو گا۔ منصوبہ میں کامیابی ہو گی مگر دیری اور اڑچنوں کے ساتھ۔

۳۔ اگر مکان کا دروازہ شمال (اتر) کی جانب ہو تو بہت اچھا اثر رکھے گا۔ ترقی کے راستے کھلے رہیں۔ لمبے سفر سے فائدہ ہو گا۔ پوجا پاٹھ، ہون جاپ وغیرہ شبھ کام کرنے کا عمدہ مقام اور روحانی مرحلوں کا حاصل کرنے کا اچھا مقام ہوتا ہے۔

۴۔ اگر آپ کے مکان کا بڑا دروازہ دکھن کی جان تو وہ بُرے اثر کو دینے والا ہو گا۔ عورت کے لئے موت کا طرح دکھ اور تکلیف دینے والا۔ فوجداری ہونے کا ڈر۔ آگ سے جلنے یا حادثہ کا ڈر ہے۔ موت وغیرہ کے حادثے ہونے کا ڈر۔ پریشانیاں زیادہ رہیں گی۔ دکھن کے دروازہ والے مالک اور اس کی عورت اولاد وغیرہ کی صحت ٹھیک نہیں رہے گی۔ گھر میں بندر پالنا یا بھی کا بند ڈرائنگ روم (بڑے کمرے) میں رکھنا نیک اثر کرے گا۔ ہر سال یا کبھی کبھی بکری دان یا بدھ کی چیزوں کے ساتھ شام کے وقت دان کرنے سے راحت ملے گی۔

نوٹ۔ اوپر لکھے خصوصی گرہ یوگ "لال کتاب" کی بنا پر چھپی ہوئی مکمل سیٹ ہندی میں منگوانے کے لئے ڈاک خرچہ سمیت 600/ روپے منی آرڈر سے بھیج دیں۔ اردو کی موٹی اسٹیٹ اصلی مکمل کتاب کی قیمت 1560/ روپے ہو گی۔ جنرل بک ڈپو جالندھر

گرہوں کی دشاؤں کا بیان

گرہوں کی دشا کے ذریعہ ہر گرہ کی پھل پراپتی کا وقت معلوم کیا جاتا ہے۔ سبھی گرہ اپنی دشا اور بھکشم دشا کا اپنا پھل دیتے ہیں جو گرہ اُچ راشی، متر راشی یا اپنی راشی میں رہتا ہے وہ اپنی دشا میں اچھا پھل دیتا ہے لیکن نیچ راشی، شترو راشی اور غروب است حالت میں ہوں وہ اپنی دشا میں دھن ہانی، روگ، ترقی میں رکاوٹ وغیرہ پھل دیتے ہیں۔

سورج دشا پھل :-

سورج جنم میں میکھ راشی کا اوچ میں ہو اور دس انش میں پڑا ہو تو اسکی دشا میں استری پتر کا سُکھ، بیوپار کاروباری فائیدہ و ترقی، راج دربار میں عزت، فائیدہ مند غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ دھرم کارجوں میں رغبت بڑھے۔ دس انش سے اوپر جنم میں بیٹھا ہوا ہو تو پاپ کت و پاپ درشٹ ہو تو دشمن، چوری اور آگ سے خطرہ، بیوی و اولاد سے رنج۔ جھگڑا، جُدائی، قرضدار ہو۔ پیٹ یا آنکھوں کی بیماری میں مبتلا ہو۔ سورج جنم میں برکھ راشی کا ہونے سے اسکی دشا کے اندر استری و سنتان سے دُکھ رنج اور عزیزوں و دوستوں سے تکلیف پائے۔ سورج متھن راشی کا ہو تو اس کی دشا میں دھن دولت میں اضافہ، مشکل کام حل ہوں، کاروبار میں فائیدہ، عزت بڑھے، دھرم کرم کے کام کرے علم و دانش میں اضافہ ہو۔ کرک سورج دشا میں ہونے سے راج دربار میں عزت، رشتہ داروں استری اور والدین سے سُکھ۔ والو پرکرتی سے تکلیف۔ سنگھ کے سورج دشا میں راجہ جیسا سُکھ بھوگو گے۔ ہر طرح سے دھن ملے۔ استری سنتان سے سُکھ پائے۔ کنیا کے سورج کی دشا میں دھن دولت کا سُکھ و عزت مان پائے۔ لوگوں میں قدر، نیک نام ہو۔ دھرم کارجوں میں لگاؤ رکھے۔ تُلا کے دس انش تک سورج کی دشا ہو تو استری و سنتان سے متفکر اور رنجیدہ ہو۔ زمین وغیرہ کے کاموں سے نقصان۔ اگنی سے خطرہ ہو غیر ملکی سفر درپیش ہو۔ برشچک کے سورج کی دشا میں بڑا ہمت والا رعب دار ہو زیر و اگنی سے خطرہ پائے۔ ماتا پتا کو سُکھ دے۔ پیچیدہ اور مشکل کام عقلمندی سے انجام دے۔ دھن کے سورج کی دشا میں راج کُل میں خاندان اور سادھو جن اچھے لوگوں سے مان پائے۔ استری پتر دھن کا سُکھ دھرم کارجوں میں ترقی کرے مکر کے سورج کی دشا میں استری پتر دھن وغیرہ سے فکرمندی۔ دوسروں کی اطاعت میں گذر اوقات ہو۔ کُنبھ کے سورج کی دشا میں نقصان و تنگدستی دلی صدمہ، دوسروں کی ماتحتی میں گذر اوقات ہو۔ مین کے سورج کی دشا میں استری سے لابھ۔ راج دربار سے سُکھ، پُتر کا رنج دیکھے۔ اگنی و زہر سے خطرہ۔ اچانک حادثہ پیش ہو۔

چندر دشا پھل :-

پورن اُچ کا اور شبھ گرہ یکت چندرماں ہو تو اسکی دشا میں ہر طرح سے عزت مان وڈیا، دھن وغیرہ حاصل کرنے والا ہوتا ہے۔ نیچ یا شترو میں رہنے سے چندرماں کی دشا میں لڑائی جھگڑا، سر درد، مالی نقصان وغیرہ پھل ہوتا ہے چندرماں میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں استری سُکھ، بدیش یاترا، جھگڑا، سر درد۔ برکھ میں ہو تو دھن اور واہن کا لابھ، استری سے پریم ماتا کی مرتیو۔ پتا کو دُکھ۔ متھن میں ہو تو غیر ملکی سفر، دھن جائیداد کا فائیدہ کرک میں ہو تو پوشیدہ مرض، دھن دولت کی بڑھتی، کلا پریم۔ سنگھ میں ہو تو عقلمند، مان عزت والا، دھن لابھ ہو۔ کنیا میں ہو تو بدیش یاترا، استری پراپتی ادب سے پریم، دھن لابھ۔ تُلا میں ہو تو مخالفت، فکر، ایمان ہو لیکن تجارت میں مالی منفعت، نازک حصہ میں بیماری۔ برشچک میں ہو تو فکر، بیماری، معمولی مالی فائدہ اور دھرم ہانی۔ دھن میں ہو تو سواری کا فائدہ لیکن مالی نقصان مکر میں ہو تو سُکھ، پُتر استری دھن کی حصولیابی، دماغی خلل والو روگ سے نقصان تکلیف۔ کُنبھ میں ہو تو عیش پرست، قرضخواہ، ناف کے اوپر اور نیچے درد، دانت و آنکھوں کی بیماری سے تکلیف۔ مین میں ہو تو چندرماں کی دشا میں دھن لابھ۔ پُتر لابھ، دشمنوں کی تباہی وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔

منگل دشا پھل :-

منگل اُچ، اپنے استھان یا مول ترکون میں ہو تو اس کی دشا میں عزت شہرت، عورت و اولاد کا سُکھ جرات و ہمت، مالی فائیدے وغیرہ پھل حاصل ہوتے ہیں۔ منگل میکھ راشی میں ہو تو اس کی دشا میں دھن لابھ شہرت اور اگنی سے دُکھ ہو۔ برکھ راشی میں ہو تو بیماری، دوسروں سے مالی مفاد، دوسروں کا بھلا کرنے والا ہو۔ متھن میں ہو تو غیر ملک میں قیام۔ چالاک۔ فضول خرچ، پت والو سے کشٹ اور کان کی بیماری سے دُکھ ہو۔ کرک میں ہو تو دھن وان، کلیش۔ بیوی اور اولاد سے دور قیام۔ سنگھ میں ہو تو حکمران سے فائدہ، ہتھیار اور آگ سے دُکھ، مالی اخراجات، کنیا میں ہو تو پُتر زمین دھن، اناج سے مالا مال۔ تُلا میں ہو تو استری دھن سے محروم، جھنجھٹ کلیش زیادہ، برشچک میں ہو تو اَن دھن سے مالا مال۔ آگ اور ہتھیار سے دُکھ پہنچے۔ دھن میں ہو تو راج دربار میں عزت، کاموں میں فتح، دولت کا حصول۔ مکر میں ہو تو اختیارات ملیں گے سونے ورتن سے فائیدہ، کام سدھ ہوں۔ کُنبھ میں ہو تو بدچلن مفلس، مریض۔ فضول خرچ اور تشویش مند۔ مین میں ہو تو قرضے سے دبا ہوا، فکرمند، چھوت کی بیماری، کھجلی اور درد وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

بُدھ دشا پھل :-

اوچ اپنی راشی میں ہونے اور بلوان بُدھ کی دشا میں تعلیم، سائنس، آرٹ اور زراعت میں ترقی، دھن لابھ۔ خاوند بیوی کو سُکھ، کھانسی، گیس اور پت سے تکلیف میکھ راشی میں ہو تو بدھ کی دشا میں دھن نقصان اور فریبی رجحان۔ برکھ راشی میں ہو تو دھن اور شہرت یافتہ، اولاد و بیوی کی فکر، زہر سے نقصان متھن میں ہو تو تھوڑا فائیدہ، معمولی تکلیف، ماتا کو سُکھ، کرک میں ہو تو دھن کا حصول، شعر و شاعری کی طرف رغبت، غیر ملک کا سفر۔ سنگھ میں ہو تو گیان، یش کی پراپتی، دھن کا ناش، کنیا میں ہو تو گرنتھوں کی رچنا اندرونی اہلیت و قابلیت میں اضافہ، دھن اور عیش و عشرت کا حصول برشچک میں ہو تو کام بگڑا، بدچلنی، فضول خرچی وغیرہ پھل دے۔ دھن میں ہو تو نیتا گری کرے، وزیر بننے کا یوگ اور حکومت حاصل ہو۔ مکر میں ہو تو نیچ آدمیوں سے دوستی، مالی نقصان، تھوڑا فائیدہ ہو۔ کُنبھ میں ہو تو رشتہ داروں کو تکلیف، افلاس، بیماری اور کمزوری وغیرہ رہے مین راشی میں ہو تو بُدھ کی دشا میں کھانسی، زہر اور آگ اور ہتھیار سے تکلیف، تھوڑا نقصان، کئی طرح کے جھنجھٹ وغیرہ پھل حاصل ہوں۔

برہسپت دشا پھل

برہسپت کی دشا میں گیان لابھ، دھن واہن لابھ وغیرہ سے دُکھ ہو۔ میکھ راشی میں برہسپت ہو تو اسکی دشا میں افسری حکیم استری دھن پتر کی پراپتی، مان عزت پائے۔ برکھ میں ہو تو مریض، غیر ملک میں قیام ہو تو حکمران سے لابھ، عیش و عشرت اور آرام و آسائش کا حصول، شہرت و عزت ملے۔ دوستی اعلےٰ رُتبہ اور وظیفہ ملے۔ سنگھ میں ہو تو بادشاہ سے عزت پائے استری پتر رشتہ دار لابھ خوشی، اناجوں اور دھن دولت سے مالامال۔ کنیا میں ہو تو رانی کی بدولت دھن لابھ حکومت میں یوگ دان دینا، سفر، جھگڑا۔ تُلا میں ہو تو پھوڑا پھنسی عقلمندی، ذہانت اور اندرونی اہلیت کی کمی، بے عزتی ہو دشمنی بڑھے۔ برچھک میں ہو تو پتر لابھ، صحتمندی، دھن لابھ، سارے قرضہ کی آدائیگی۔ دھن راشی میں تو سیناپتی، وزیر، ممبر شپ، اعلےٰ مراتب، کم لابھ۔ مکر میں ہو تو مالی کشٹ، پوشیدہ امراض، کنبھ میں ہو تو راجہ سے عزت اور مان، اسمبلی یا پارلیامنٹ کا ممبر، تعلیم و دولت کا حصول۔ مالی سنکھ مین میں ہو تو تعلیم دولت استری پتر سنکھ، خوشی حاصل ہو۔

شُکر دشا کا پھل

شکر کی دشا میں رتن، وستر، زیورات، عزت و ناموس: نئے کام کی شروعات، کام لیکن موسیقی سے لطف اندوز ہونے کا پھل حاصل ہو۔ میکھ راشی میں شکر ہو تو من میں چنچلتا، غیر ملکی سفر، گھبراہٹ، غصہ حسد، پرائی عورت سے محبت دھن ہانی۔ برکھ میں ہو تو تعلیم کا حصول، دھن کنیا سنکھ کی حصولیابی متھن میں ہو تو شعر و شاعری سے رغبت، خوشی، دھن لابھ، پتر ہانی، مویشیوں سے لابھ۔ کنیا میں ہو تو مالی سنکٹ، دُکھی، غیر ملکی سفر، استری پتر سے مخالفت کا سامنا۔ تُلا میں ہو تو شہرت ملے، غیر ملکی سفر، بے عزتی بھی ہو۔ برچھک میں ہو تو پرتاپ دان، کلیش، دھن ہانی، سنکھ، چھنتا، استری تکلیف ہو۔ دھن راشی میں ہو تو شعر و شاعری کا رجحان، اہلیت میں اضافہ، راجہ سے عزت مان ملے پتروں سے پیار۔ مکر میں ہو تو چھنتا، کشٹ، وات کف سے روگ۔ کنبھ میں ہو تو پرائی استری سے محبت، روگ، کشٹ، دھن ہانی اور مین دشا میں ہو تو راجہ سے دھن لابھ، بیوپار سے لابھ، کاروبار میں توسیع و ترقی، نیتا گری وغیرہ پھلوں کا حصول ہو۔

شنی دشا پھل

بلوان شنی کی دشا میں جاتک کو دھن، جن سواری پرتاپ، سفر، عزت، شہرت کے علاوہ روگ وغیرہ پھل حال ہوں۔

میکھ راشی میں شنی ہو تو شنی کی دشا میں آزادی، باہر قیام، نازک جگہ پر روگ، چمڑی روگ کسی رشتہ سے جدائی۔

برکھ میں ہو تو کوششوں میں کمی، وایو پیڑا چمڑا کلیش، دست کے روگ، راجہ سے عزت مان فتح حاصل ہو۔ متھن میں ہو تو قرضہ، کشٹ، چھنتا، غلامی۔ کرک میں ہو آنکھ کان کے روگ، رشتہ دار سے جدائی، دُکھ، مصیبت، افلاس۔ سنگھ میں تو روگ، کلیش، اقتصادی مشکلات۔ کنیا میں ہو تو مکان کی تعمیر، زمین بھر سنکھ ملے۔ تُلا میں ہو تو اناج دھن کا حصول، فتح حاصل ہو، خوشی ملے۔ عیش و عشرت کا سامان ملے۔ برچھک میں ہو تو سفر، کمینہ پن، کنجوسی، نیچ سنگدل معمولی اقتصادی تکلیف۔ دھن میں ہو تو راجہ سے عزت و احترام، پبلک میں شہرت ہو۔ مکر میں ہو تو اچانک دھن لابھ اور غیر ملکوں کے سفر سے فائیدہ ہو۔ دوڑ دھوپ زیادہ رہے گی۔ کنبھ میں ہو تو لاٹری سٹا وغیرہ سے فائیدہ ہو نیچ لوگوں کے صحبت ہو فضول خرچ بڑھینگے۔ مین میں ہو تو دھرم کرم کی طرف توجہ ہو گی۔ بھائی بہنوں اور اولاد کی طرف سے خوشی مبارک کاموں میں خرچ ہو۔

راہو کیتو کی انتر دشا

خانہ چہارم	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے جھگڑا	گردش زمانہ اور لڑائی جھگڑا وتکرار پیدا ہوں	والدین سے رنج تکلیف دوستوں سے تنازعہ	والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کریگا دھن کا خرچ بڑھیگا	خویش واقارب بگاڑ ہر کام میں نقصان۔	والدین سے رنج، دشمن سے خوف زر کا نقصان	خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج تکلیف	خوف دشمن والدین سے رنج لڑائی جھگڑا ہوگا۔
خانہ پنجم	اولاد سے رنج پہنچے مگر عقل کی ترقی ہو۔	بدرجہ اوسط فائدہ دھن کا سکھ، گھر میں مایوسی	زر کا خرچ کاروبار میں ہانی، اولاد سے رنج ہو	اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو	اولاد کا سکھ اور خوشی شوہر کی طرف سے بہتری	اولاد کا سکھ کشائش رزق اور آرام ملے	اولاد کیطرف سے خوف دل کو فکر و رنج ہو	اولاد کیطرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو۔
خانہ ششم	دشمن کا ناش دلکو راحت اور کوئی خوشی ملے	دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا	دشمن کا ناش دل کو خوشی ترقی رزق مرتبہ بلند	دشمن کا ناش اور بیماری کی شکائت رہے۔	خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکائت۔	خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان ہو	دشمن کا ناش دل کو خوشی حب مراد کامیابی	دشمن کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے۔
خانہ ہفتم	آزار کم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج	بہتر روزگار خوشی کامیابی عورت سے محبت	عورت سے رنج تکلیف دلی۔ امیدوں میں کامیابی	عورت سے محبت و بہتر روزگار اور کشائش	عورت کا سکھ اور ہر طرح سے نئے کام میں فائیدہ	عورت کا سکھ بہت محنت سے فائدہ لابھ	عورت سے رنج غم اور تکلیف پانچ نے کا خوف	عورت سے راج و تکلیف اور کنکلو تنازعہ ہو۔
خانہ ہشتم	جسم کو تکلیف بیماری اور جدائی	ہر کام میں تکلیف خوف آزار کلیش	جسم کو کلیش دردسر اور دلکو رنج	جسم کو تکلیف اور بخار کی شکائت۔	شریر کو تکلیف اور فکر اندیشہ	طبیعت کو فکر کلیش غم اور درد	آزار شکم اور تکلیف میں مبتلا	شریر کو کلیش امراض بادی وبواسیر
خانہ نہم	بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دراز میں توجہ کم کرے	دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ بڑھے	بیماری مورد لکو غم اور دھرم کرم میں توجہ کرے۔	قسمت یاور اور روزگار اچھا۔ دھرم میں توجہ رہے۔	دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کام میں توجہ	روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کام میں توجہ ہو	بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو	کھوٹے کرموں میں رغبت اور کمینے خیالات پیدا ہوں۔
خانہ دہم	کشائش رزق راج دربار سے فائدہ	زرومال کی ترقی راج دربار سے فائدہ	تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی	عزت و مرتبہ بلند راجدربار کامیابی	مرتبہ زیادہ دشمن ناش اور کامیابی	دھن سکھ وراجدربار میں عزت	دلی مراد حاصل ہو امرتبہ زیادہ	بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج۔
خانہ گیارھواں	دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ ملے	حب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ	ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حب المراد کامیابی ہو	ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے	ترقی اور مرتبہ بلند حب المراد کامیابی۔	دھن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند	ترقی روزگار ذی مرتبہ اور اقبال مند ہو۔	صاحب مرتبہ ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے
خانہ بارھواں	امراض چشم۔ دھن کا نقصان اور خرچ بڑھے	دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر پڑے۔	جسم کو تکلیف خرچ کی زیادتی دھن ہانی و رنج	دھن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی رہے	شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ زیادہ	زر کا نقصان خوف دشمن اور دلکو رنج	شریر کو تکلیف اور دھن کا نقصان	روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے۔

دشا شول وچار

مندرجہ ذیل واروں اور پچھتروں میں ان کے سامنے والی دشامیں سفر کرنے سے دشاشول کا دوش لگتا ہے۔ان دنوں سفر کرنے سے ناقص حالات پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔ بہت ضروری ہونے پر اس وار کے متعلق چیز کو کھانے سے دشاشول کچھ حد تک دور ہو جاتا ہے۔ جیسے اتوار کو گھی سوم وار کو دودھ کھیر۔ منگلوار کو گڑ بدھ وار کو تیل وجل ویروار کو دہی شکروار کو کچادودھ یاجون سنیچر وار تل وماش (اڑد) کو کھاکر اس دشامیں سفر کرنے سے دشاشول نہیں رہتا ہے۔

نقشہ دشاشول و پچھتر شول

نام وار	دشاشول	پچھتر خاص میں دوش
سنیچروار	مشرقی (پورب)	جیشٹا
منگلوار۔بدھوار	شمال (اتر)	اترابھالگنی
ویروار	جنوب (دکن)	پوربابھادرپدا
شکروار۔اتوار	مغرب (پچھم)	روہنی
بدھ وار۔ سنیچروار	مشرق شمال (پورب اتر)	جیشٹا۔اترابھالگنی
بدھوار۔اتوار	شمال۔مغرب اتر پچھم	اترابھالگنی
سوموار ویروار	جنوب۔ مشرق۔دکن۔ پورب	جیشٹا۔ پوربابھادرپدا
ویزوار شکروار	جنوب۔ مغرب۔دکن۔ پچھم	روہنی۔ پوربابھادرپدا

گھوڑے دوڑ میں ہار جیت کا سوال

گھوڑا دوڑ میں عموماً پانچ رنگ کے گھوڑے ہوتے ہیں۔ سفید سرخ زرد۔ ڈبھرڑبا اور کالا۔ دوڑ کے وقت آپ پانچوں رنگوں کی گولیاں بنالیں اور دوڑ کے وقت ایک گولی نکال لیں۔ جس رنگ کی گولی نکلے اسی رنگ پر بازی کا عنصر غالب رہے گا۔ دوسری ترکیب میں جس وقت پر جس ستارے کی ساعت ہوگی اس رنگ کا گھوڑا نکلے گا۔اور وہی دوڑ میں غالب رہے گا۔

سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت	سیارہ	وار	رنگت
سورج	اتوار	سرخی	بدھ	بدھوار	ڈبھرڑبا	شکر	شکروار	سفید
چندر	سوموار	سفید						
منگل	منگلوار	سرخ	برہسپت	ویروار	پیلا	سنیچر	سنیچروار	کالا

میری قسمت آج کیسی ہے

اگر کوئی ایسا سوال کرے کہ میری قسمت آج کیسی ہے تو ایسے پرشن میں سائل کے نام کے حرف شمار کرلو اور اس وقت چندرماں کو دیکھو کہ کس راشی میں ہے جس راشی میں چندرماں اس وقت پڑا ہو۔ اس کے اعداد موجب نقشہ اعداد راشی اور یوم کے اعداد جو نقشہ اعداد دیوم میں لکھے گئے ہیں۔ لے کر جمع کرلیں۔بعد ازاں ۲اعداد قانون کے اس میں اور زیادہ کردیں اور پھر کل مجموعہ کو ۷ پر تقسیم کریں۔اور اگر باقی ایک یا تین یا پانچ رہیں تو تمہارا طالع ابھی گردش میں ہے۔اگر ۲ یا ۴ رہیں تو نحوست گذر گئی۔ تھوڑے دنوں میں تمہاری دلی امیدیں بر آئیں گی۔اگر ۶ رہیں تو تمہارے دل کو وہم نے خراب کیا ہوا ہے اگر باقی صفر رہے تو تمہاری قسمت آج کل بعستہ ہے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالو گے اس میں نقصان اٹھاؤ گے اگر یقین نہ ہو تو دیکھو تمہارے سر میں زخم کا نشان ہے۔

چاروں یگوں کا بیان

چار یگ ایک بار گذر جانے پر برہما کا ایک دن ہوتا ہے۔انہی دنوں کے پرمان سے برہما کی آیو سو برس کی ہوتی ہے۔اس وقت برہما کی آیو پچاس برس گذر کر ۵۱ برس کے پہلے دن کا طلوع ہوکر ۱۳ گھڑی ۴۲ پل ۳ پل ۴۳ پرتی وپل گذر چکے ہیں۔برہما کے ایک دن میں ۱۴ منو ہوتے ہیں اور ایک منو میں ۷۱ مہایگ ست یگ ہوتے ہیں۔

کارتک شدی نومی بدھوار کو پہلے شرون پچھتر بردھی یوگ میں ست یوگ کا آغاز ہوا۔اس کی عمر ۱۷۲۸۰۰۰ برس کی تھی۔اس میں شری وشنو۔متسیہ۔کورم۔وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔متسیہ نے ویدوں کے چور شنکھاسُر کو مار کر برہما کو وید لاکر دیئے وراہ نے جل ادھار کیا۔کورم نے پرتھوی کی رکشا کی اور نرسنگھ ہرنیہ کشپ کو مارا۔اس یگ میں منشیہ کی اوسط عمر ایک لاکھ سال تھی۔بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ پچیہ ۲۰ وشوے تھے اس میں سورج گرہن بھی ۲۰ ہزار ہوئے۔

تریتا یُگ

بیساکھ شدی تیج سوموار کے دوسرے پہر روہنی پچھتر شوبھن یوگ میں تریتا یگ کا آغاز ہوا۔اس کی عمر ۱۲۹۶۰۰۰ برس تھی اس یگ میں تین اوتار وامن پرشورام اور رام چندرجی ہوئے ہیں۔وامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیر میں جاپ کیا اور بعد میں راجہ کو پاتال کا راجیہ دیا۔پرشورام نے گھمنڈی کشتری راجاؤں کو مار کر برہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندرجی نے راون کو مارا۔اس میں منش کی پورن آیو دس ہزار سال اور بالک اوستھا ایک ہزار برس تھی۔اس میں پچیہ ۱۵ اور وشوے ۵ تھے۔شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی سونے کا سکہ چلتا تھا اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔

دواپر یُگ

ماگھ بدی اماوس شکروار تیسرے پہر دھنیشٹا پچھتر وریان یوگ میں دواپر یگ کا آغاز ہوا۔اس کی آیو ۸۶۴۰۰۰ برس تھی اس میں بھگوان کرشن اور شری بلدیو نے دشٹوں کا ناش کر کے دھرم کا ادھار کیا۔اس میں پورن آیو ایک ہزار سال اور بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی جسم کی لمبائی سات ہاتھ اس میں پچیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ وشوے تھا اس میں اسوج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے۔

کل یُگ

بھادوں بدی تردوشی اتوار آدھی رات کے وقت اشلیکھا پچھتر، ق پات یوگ میں کل یگ کا آغاز ہوا۔اس کی آیو ۴۳۲۰۰۰ برس کی ہے اس میں دو اوتار بدھ اور کلکی ہیں ان میں بدھ اوتار تو ہو چکے ہیں۔جنھوں نے اہنسا کا پرچار کیا۔منشیہ کی آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے شریر کی لمبائی ۲/۱ ۳ ہاتھ ہے اس میں پچیہ ۵ اور پاپ ۱۵ وشوے ہے۔اس میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندر گرہن ہوں گے اس یگ میں گنگا تیرتھ پردھان ہوگا۔تانبے اور نکل کا سکہ چلے گا۔ راجیہ شاسن میں دھرم کا نام نہیں ہوگا۔لوگوں میں پاپ ورتی اور بھرشتاچار کی ماترا ادھک رہے گی۔

اعداد یوم

نام مراد	اتوار	سوموار	منگلوار	بدھوار	ویروار	شکروار	سنیچروار
اعداد	۵	۲۱	۱۴	۹	۸	۳	۱۱

علم ہندسہ کے ذریعہ اپنی قسمت معلوم کرنا

جن لوگوں کو اپنی پیدائش کا صحیح وقت، تاریخ یا سن وغیرہ معلوم نہ ہو تو وہ لوگ علم ہندسہ یعنی مول انک کے ذریعہ اپنے مقدر کا حال جان سکتے ہیں۔ نام راس اور نام کے اکھروں کی بنا پر اپنا مول انک جان کر چھپی ہوئی اپنی قوت (گنوں) کا صحیح طرح سے پتا لگایا جاسکتا ہے۔ اسی کے مطابق زندگی میں کامیابی حاصل کرسکتے ہیں۔ مول انک جاننے کے لئے دو تین طریقہ استعمال میں لائے جاتے ہیں ان میں سب سے آسان طریقہ انگریزی زبان کی بنا پر مول انک معلوم کرنا ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9
S	T	U	V	W	X	Y	Z	R
J	K	L	M	N	O	P	Q	I
A	B	C	D	E	F	G	H	

مثال کے طور پر اگر کسی کا نام راکیش کمار ہے تو اس کا مول ہندسہ اس طرح سے ہوگا۔

RAKESH KUMAR

RAKESH = 9+1+2+5+1+8 = 26 = 2+6 = 8

KUMAR = 2+3+4+1+9 = 19 = 1+9 = 10 = 1

8+1 = 9 مول ہندسہ (انک)

اس طرح راکیش کمار کا مول انک (ہندسہ 9 ہوگا) اسی سے اپنے نام کا مول انک جان سکتے ہیں۔

مول انک (۱) والے شخص

اس ہندسہ کی نمائندگی کرنے والا سورج (آفتاب) ہے۔ یکم ہندسہ والے شخص پکے ارادے، آزاد خیال اور اپنے اصول اور وقار پر قائم رہنے والے ہوتے ہیں۔ اپنے حق کو حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے کسی دوسرے شخص کی سختی برداشت نہیں کرسکتے ہیں۔ انک یکم والوں کو اتوار، منگلوار، شکروار اور سوموار مبارک دن ہوتے ہیں۔ پیلا اور سنہری رنگ خاص طور پر مفید رہتے ہیں۔ زندگی کے ۱۳۔ ۱۹۔ ۲۲۔ ۲۸۔ ۳۱۔ ۴۹۔ ۵۸ ویں سال خاص اہمیت والے ہوتے ہیں۔ ان اشخاص کو آنکھوں، گلے، خون اور ریت وغیرہ امراض کا ڈر رہتا ہے۔

مول انک دوئم (۲) کا پھل

اس انک کا مالک چندرماں ہے اس انک والے شخص یکم انک والے آدمیوں کی نسبت شانت منترت والے ہوتے ہیں۔ خیالوں میں کھوئے رہنا ادب سے لگاؤ۔ آرٹ اور خوب صورتی کو چاہنے والے اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں دلچسپی رکھنے والے ہوتے ہیں۔ سوموار اور شکروار ان کے لئے خاص مفید ہوں گے۔ سفید رنگ ٹھیک رہے گا۔ زندگی کے ۲۵۔ ۳۱۔ ۳۴۔ ۳۷۔ اور ۴۳ سال میں خاص واقعات پیش آئیں گے۔ انکو سوموار، منگلوار، اور شکروار مبارک ہوں گے۔

مول انک سوئم (۳) کا پھل

اس انک کا مالک برہسپت ہے اس انک والا شخص دھارمک۔ ایماندار، دیانتدار، دیا اور دھارمک اور اچھے کام کرنے والا ہوگا۔ ان کے لئے ویروار، اتوار اور سوموار مبارک ہوتے ہیں۔ قانون اور قاعدے کے پکے، اعلےٰ تعلیم محنتی اور رہنمائی کرنے میں ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان کے لئے منگلوار، ویروار اور پیلا رنگ اچھا ہے۔ زندگی کے ۳۰۔ ۳۸ اور ۴۵ ویں سال خوش نصیبی والے ہوتے ہیں۔

مول انک چہارم (۴) کا پھل

اس کا ستارہ منگل ہے، اس انک والے شخص نئی نئی چیزوں کے موجد ہوشیار، محنتی، بلند خیالات، تیز سبھاؤ اور زندگی میں جدوجہد کرنے والے ہوتے ہیں۔ دولت زیادہ جمع نہیں کرپاتے۔ ۴۔ ۱۳۔ ۲۲۔ ۴۔ ۵۸ اور ۵۹ ویں سال بھاگیہ میں ترقی کرنے والے ہونگے۔ سنیچر، اتوار اور سوموار شبھ دن ہیں نیلم پتھر خاص مفید رہے گا۔

مول انک پنجم (۵) کا پھل

اس کا مالک بدھ ہے اس انک والے شخص پھرتی سے کام کرنے والے جلد باز بیوپار اور اپنے کام میں ترقی کرنے والے اور چنچل من کے ہوتے ہیں۔ ہر طرح کے ماحول میں ڈھل جاتے ہیں اہم سال ۱۵۔ ۲۵۔ ۳۴۔ ۴۱۔ ۵۱۔ ۵۷ ہوتے ہیں۔ بدھوار اور شکروار کا دن اور سفید، ہرا رنگ خاص طور سے مفید رہتا ہے۔ پنا پتھر دھارن کرنے سے فائدہ ہوگا۔

مول انک ششم (۶) کا پھل

اس انک والے شخص سنگیت، فوٹوگرافی، مصوری اور خوبصورتی کو چاہنے والے اصول پسند اور خیالات میں گم رہتے ہیں۔ کسی دوسرے کے ماتحت رہنا پسند نہیں کرتے۔ منگل۔ جمعرات اور جمعہ کے دن اور نیلا گلابی رنگ شبھ ہے۔ اپنی قابلیت سے پیسہ کمانا جانتے ہیں۔ زندگی کے ۱۵۔ ۲۴۔ ۳۳۔ ۴۲ اور ۵۱ ویں سال قسمت کو بدلنے والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہفتم (۷) کا پھل

اس انک والے شخص کے نمایاں گرہ چندرماں اور نیپچون ہیں۔ ایسے بھاوک رد و بدل کرنے کے شوقین نئی نئی جگہوں پر گھومنا پسند کرتے ہیں۔ تنتر اور جادو دویا، آزاد خیالات، وقار والے اور خوبصورت کو جاننے والے ہوتے ہیں عام طور سے مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سوموار، اتوار کے دن اور ہرا رنگ مبارک ہے۔ ۱۶۔ ۲۶۔ ۳۴۔ ۴۳۔ ۵۱ اور ۶۱ ویں سال بھاگیہ میں تبدیلی والے ہوتے ہیں۔

مول انک ہشتم (۸) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ شنی ہے ایسے اشخاص اپنے میں مگن رہنے والے بیوہار کرنے میں ہوشیار، دُوراندیش بڑے محنتی اور پکے ارادے والے ہوتے ہیں اپنے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہر ممکن ذریعہ (واجب اور ناواجب) کا خیال کئے بنا اپناتے ہیں۔ جدوجہد پسند، دوراندیش اور گہرے علم والے ہوتے ہیں۔ گیس کے روگ سے پریشان ہوں۔ سوموار سنیچر وار اور گہرا نیلا رنگ پر خاص طور سے متفق رہتے ہیں۔ زندگی کا ۲۶۔ ۳۳۔ ۳۵۔ ۴۴ اور ۵۳ ویں سال بھاگیہ میں ترقی اور خوشحالی کے ضامن ہوں گے۔

مول انک نہم (۹) کا پھل

اس انک والے شخص کا نمایاں گرہ منگل ہے۔ یہ شخص صاف گو، خوددار بڑے محنتی۔ تیز مزاج مگر رحم دل ہوتے ہیں۔ تمام زندگی جدوجہد میں گذرتی ہے۔ خون میں خرابی کا اندیشہ رہتا ہے۔ شکروار، منگلوار اور ویروار کے دن مبارک اور لال و گلابی رنگ خاص طور سے موافق ہوتے ہیں۔ گوڑھ تانترک ودیا میں خاص دلچسپی ہوگی۔ زندگی کے ۷۔ ۲۱۔ ۳۶۔ ۴۵۔ ۴۴ اور ۶۳ ویں سال خاط طور پر زندگی میں ترقی لانے والے ہوتے ہیں۔

آپ کی زندگی اور رنگ

جس طرح رتنوں میں مبارک اور خوشحال بنانے کی خوبی ہوتی ہے۔اسی طرح کچھ خاص رنگوں کا بھی انسانی زندگی پر ضرور اثر پڑتا ہے۔یہ سارا نظارہ ہی رنگوں کا ایک میلہ اور خوبصورت چمن ہے۔پانی جیسی کچھ گنی چنی ہی چند ایک چیزیں ہوں گی جن کا اپنا اصلی رنگ نہ ہو۔جن جن چیزوں میں ان کو ڈالا یا ملایا جاتا ہے۔ان ان چیزوں کے رنگ اختیار کر لیتی ہے۔

نظارہ میں چھ رنگ اہم ہیں۔

ا۔کالا ۲۔نیلا ۳۔ہرا ۴۔پیلا ۵۔سفید ۶۔لال ان کے علاوہ سنگتی، گیروا، جامنی وغیرہ رنگ بھی دکھائی دیتے ہیں۔لیکن یہ سبھی اوپر بتائے ۶ رنگوں میں سے کسی دو رنگوں کا ملا کر تیار کئے جاتے ہیں۔ہر ایک رنگ کی خوبی کیا ہے اس کے مفصل بیان مندرجہ ذیل ہیں۔

کالا۔ جن کا بھاگیہ انک ۹ ہوگا ان کے لئے کالا رنگ فائدہ مند ہے۔ایسے آدمیوں کو کالا رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔مبارک تاریخیں ۹، ۱۸ اور ۲۷ ہیں۔کم سے کم ان تاریخوں پر تو کالے کپڑے ضرور پہنیں۔کالے رنگ کے پھل کھائیں۔۶ انک والے آدمیوں کے ساتھ کسی طرح کا میل نہ رکھیں۔

نیلا۔ جن کا بھاگیہ انک ۳ آتا ہے ان کے لئے نیلا رنگ فائدہ مند ہے نیلا رنگ کا قمیص تو ضرور پہنیں۔انہیں ۳، ۱۲، ۲۱ اور ۳۰ ان مبارک تاریخوں پر تو نیلے رنگ کے کپڑے ضرور پہننا چاہئے۔نیلے رنگ کی سیاہی کا استعمال کریں۔نیلے رنگ کی مٹھائی کھائیں دیوتا کو نیلے رنگ کے پھول چڑھائیں۔۹ بھاگیہ انک والے آدمیوں سے میل جول نہ رکھیں ان کو شنی کے رتن کا استعمال کرنا بھی فائدے مند رہے گا۔

ہرا۔ جن کا جنم انک ایک ہے ان کے لئے ہرا رنگ فائدے مند رہے گا۔ان کی مبارک تاریخ ۱، ۱۰، ۱۹، ۲۸ ہے۔ان تاریخوں پر ہرے رنگ کے کپڑے ضرور پہنیں۔ہر تلی بھاجی، ہرے رنگ کے پھل کھائیں۔۷ بھاگیہ انک والے آدمیوں کے ساتھ میل جول نہ رکھیں کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔پنا رتن کا استعمال کریں۔دولت ملے گی اور کاروبار میں برکت ہوگی۔

پیلا۔ جن کا بھاگیہ انک ۴ آتا ہے ان کے لئے پیلا رنگ فائدہ مند ہے۔پیلے رنگ کے کپڑے پہنیں ۴، ۱۳، ۲۲ ان کی مبارک تاریخیں ہیں۔ان دنوں پیلے کپڑے ضرور پہنیں۔جن کے بھاگیہ انک ا ہے ان کے ساتھ میل جول نہ رکھیں۔پکھراج رتن کا استعمال کریں۔

سفید۔ جن کا بھاگیہ انک ۸ ہے ان کے لئے سفید رنگ فائدہ مند ہے ۸، ۱۷، ۲۶ مبارک تاریخ میں سفید کپڑے ضرور پہنیں۔دودھ چاول دہی کھائیں اچھدر موتی کی انگوٹھی پہنیں فائدہ ہو۔جن کا بھاگیہ انک ۵ ہے ان لوگوں سے کسی طرح کا میل ملاپ نہ رکھیں بے عزت ہونا پڑے گا۔انگوٹھی کے استعمال سے بڑاپن اور دھن بھی ملے گا

آپ کا بھاگیہ (نصیب) کب طلوع ہوگا؟

۱۔ بھاگیہ کا مالک دھن بھاؤ میں خزانے کے گھر کا مالک بھاگیہ کے خانے میں گیا ہو تو ۳۲ ویں سال کے بعد بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۲۔ بھاگیہ کا مالک بھاگیہ کے خانہ میں ہو۔اور بدھ پراوچیہ راشی میں گیا ہو تو ۳۶ ویں سال کے بعد بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۳۔ برہسپت بھاگیہ کے مقام میں گیا ہوا ہے اور اس کا مالک کا کیندر (۱،۴،۷،۱۰) میں ہو تو ۲۰ ویں سال میں بھاگیہ کا طلوع ہوگا۔

۴۔ بھاگیہ کا مالک سورج ہو تو ۲۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۵۔ بھاگیہ کا مالک چندرماں ہو تو ۲۴ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۶۔ بھاگیہ کا مالک منگل ہو تو ۲۸ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۷۔ بھاگیہ کا مالک بدھ ہو تو ۳۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۸۔ بھاگیہ کا مالک برہسپت ہو تو ۱۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۹۔ بھاگیہ کا مالک شکر ہو تو ۲۵ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۰۔ بھاگیہ کا مالک سنیچر ہو تو ۳۶ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

۱۱۔ بھاگیہ کا مالک راہو ہو تو ۴۲ ویں سال میں بھاگیہ طلوع ہوگا۔

نوٹ۔اوپر لکھے یوگوں کے علاوہ اپنی دشا۔انتر دشا اور گوچر گرہوں کا خیال بھی کر لینا چاہئے۔

گرہوں کی دوستی و دشمنی کا بیان

کنڈلی میں جو گرہ جس استھان پر ہوتا ہے وہ اُس استھان سے دوسرے تیسرے چوتھے دسویں اور گیارھویں بارھویں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال متر ہوتا ہے اِس کے برعکس دوسرے استھان میں جو گرہ ہوتا ہے وہ اُس کا تت کال شترو کہنا چاہئے اگر کوئی گرہ تت کال متر ہوتا ہے نقشہ ذیل کے مطابق اُس کے گھر میں پایا جائے تو وہ دِلی متر اس کا نہایت دوست کہلاتا ہے۔ اِسی طرح شترو تت کال ہوتا ہے۔ اگر نقشہ میں شترو پایا جائے تو نہایت دشمن کہلاتا ہے۔ اگر متر ہو تو نہایت متر کہلاتا ہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
دوست گرہ	چندرماں منگل	سورج بدھ	سورج چندرماں برہسپت	سورج شکر منگل	سورج چندرماں منگل	سنیچر بدھ راہ	شکر بدھ راہ	سنیچر بدھ شکر	سنیچر بدھ شکر

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
مساوی گرہ	بدھ –	شکر منگل برہسپت	شکر سنیچر	برہسپت سنیچر منگل	سنیچر راہ	منگل برہسپت	برہسپت	برہسپت	برہسپت
دشمن گرہ	شکر سنیچر راہ	راہ کیت	بدھ راہ	چندرماں	شکر بدھ	سورج چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں	سورج منگل چندرماں

گرہوں کی نظرات (دریشٹی) کا بیان

کنڈلی کے اندر جس جس گھر میں گرہ پڑے ہوتے ہیں وہاں سے تیسرے دسویں بھاؤ میں اُن کی چوتھائی درشٹی ہوتی ہے۔ پانچویں نانویں بھاؤ میں آدھی ساتویں بھاؤ میں پورن درشٹی بھی جاتی ہے چوتھے آٹھویں تین پاؤ ۳/۴ درشٹی جیوتش شاستر میں کہی ہے۔ برہسپتی جس گھر میں ہوتا ہے اُس گھر سے ترکون بھاؤ پانچویں نانویں خانہ میں اُس کو پورن درشٹی ہوتی ہے۔ شنی کی اپنے استھان سے تیسرے یا دسویں اور منگل چوتھے اور آٹھویں استھان میں پورن درشٹی کہی گئی ہے۔ اِس کے علاوہ باقی سب گرہوں کی درشٹی تیز شنی منگل اور برہسپتی کی درشٹی بھی اپنے استھان سے ساتویں استھان پر پورن درشٹی مانی ہے۔

نام گرہ	سورج	چندرماں	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ و کیت
درشٹی خانہ	–	–	–	–	–	–	–	–
خانہ سوم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن	۱/۴
خانہ چہارم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴
خانہ پنجم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	–
خانہ ہفتم	پورن	نظر کامل	کامل	پورن	پورن	پورن	کامل	پورن
خانہ ہشتم	۳/۴	۳/۴	پورن	۳/۴	۳/۴	۳/۴	۳/۴	–
خانہ نہم	۱/۲	۱/۲	۱/۲	۱/۲	پورن	۱/۲	۱/۲	–
خانہ دہم	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	پورن

شرف وہبوط سیارگان

شرف یعنی اوچ اور ہبوط یعنی نیچ سے متصور ہے۔ جو گرہ اپنی راشی یا خانہ شرف میں وقت مطلوب کے ہوتا ہے طاقتور اور بلوان ہوتا ہے اور ثمرہ نیک ظاہر کرتا ہے جو ستارہ خانہ ہبوط نیچ راشی میں واقع ہوتا ہے وہ ناطاقت اور کمزور ہوتا ہے اور اُس کے گھر کے منسوبات سمجھ پریشان کرتا ہے نقصان پہنچاتا ہے۔ گرہوں سے شرف وہبوط کا وچار رنج ہے۔

نام گرہ	سورج	چندرر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیت
شرف اوچ راشی	میکھ	برکھ	مکر	کنیا	کرک	مین	تلا	کنیا	مین
اوچ درجہ	۱۰ درجہ	۳ درجہ	۲۷ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ	۲۰ درجہ
ہبوط نیچ راشی	تلا	برچھک	کرک	مین	مکر	کنیا	میکھ	دھن	متھن
نیچ درجہ	۱۰ درجہ ۱۸	۳ درجہ	۲۸ درجہ	۱۵ درجہ	۵ درجہ	۲۷ درجہ	۲۰ درجہ	۳۰ درجہ	۲۲ درجہ

مکیت اور وبال سیارگان

کنڈلی میں گرہ پڑے ہیں ان کو دیکھنا چاہئے کہ وہ خانہ خود یا خانہ وبال یا اوچ نیچ راشی میں پڑا ہے۔ پس جو گرہ جس گھر کا مالک ہے۔ اس سے ساتواں گھر اُس کا وبال یعنی ناقص ہوتا ہے۔ جیسے سورج کا سنگھ راس اپنا گھر ہے سنگھ سے شمار میں ساتویں راس کنبھ ہے جو سورج کے لئے وبال راشی ہے۔ اس لئے اس میں ہبوط ستارہ مثل حیران اور بیقرار رہے اور جو برج جس ستارہ کا ہو وہ شرف ہوتا ہے۔ اس سے ساتواں گھر اس کا ہبوط یعنی نیچ ہے۔ جیسے سورج کا میکھ شرف ہے اور میکھ سے شمار میں ساتویں راس تلا ہے جو سورج کی ہبوط یعنی نیچ راشی ہے۔ پس اِس طرح سے ہر ایک ستارہ کا اُوچ نیچ اور خانہ وبال وغیرہ کو دیکھنا چاہے۔

نام گرہ	سورج	چندر	منگل	بدھ	برہسپت	شکر	سنیچر	راہ	کیتو
خانہ عروج	سنگھ	کرک	میکھ برچھک	متھن کنیا	دھن مین	برکھ تلا	مکر کنبھ	متھن کنیا	متھن کنیا
خانہ وبال	کنبھ	مکر	تلا برکھ	دھن مین	متھن کنیا	برچھک میکھ	کرک سنگھ	دھن مین	دھن مین

ذہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

دنیا ہر ایک چیز پر وقت اور موقع کا اثر پڑتا ہے۔ تقررہ وقت پر کھانا کھانا۔ سونا اور کام ذغیرہ کرنا خود بخود آجاتے ہیں۔ اسی طرف وقت کی پابندی رکھنے سے مقررہ وقت پر بلا جپ کیئے ہوئے رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اہل ہندو میں سندھیا۔ گائتری جپ وغیرہ اور اہم اسلام میں نماز کا وقت ہوتے ہی اندر سے جپ کرنے کی خواہش ہونے لگتی ہے۔ جپ کے بناں ابھیاسی آدمی کو جوش کا عالم ہے۔ کھانا۔ سونا کام کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔ کسی دن جپ کرنے کا موقع نہ ملے تو آج کے دن کا کام پورا نہیں ہو سکا۔ یہ خیال بار بار اس کو محسوس ہوتا رہتا ہے۔ عادی ہو جانے سے جپ زندگی کا حصہ بن جاتا ہے۔ اس لئے جپ کرنے میں وقت اضرور لحاظ رکھ لینا چاہئے جس وقت صبح یا شام بیٹھنے سے طبیعت یکسورہ سکے۔ پرماتما میں دل لگ سکے ایسا کوئی وقت مقررہ کر لینا چاہئے۔ اور روزانہ اُسی وقت بیٹھنا چاہئے۔

پرانایام و حبس دم کی باقاعدہ مشق

پرانایام میں ناڑی شودھن کی مشق نہایت آسان ہے۔ اسکی مزاولت سے بڑے فائیدے حاصل ہوتے ہیں۔ اسی کی مشق سے عصابی کثافت یعنی ایڑا دِ گرماہتا بی ’پنگلا (رگ آفتابی) اور سکو کھشمنا (رگ لطیف) کی گندگی دور ہو جاتی ہے۔ اس کے ترکیب میں دائیں نتھنے کو انگوٹھے سے بند کرو۔ اور جیسا کہ پورک کی مشق میں بتایا گیا ہے۔ بائیں نتھنے سے ایک پوری اور گہری سانس اندر کی طرف کشید کر۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ یہ بھی تصور کرتے رہو۔ کہ تم اپنی تندرستی میں اضافہ کرنے کے لئے ہوا سے پران یعنی زندگی طاقت ماخذ کر رہے ہو شا سان کی باقاعدگی جاری رکھنے کیلئے اپنے اشٹ منتر کا جاپ یعنی رہ منتر جو کسی گورو نے باقاعدہ ہدایت کیا ہو۔ یا اشور کا نام یعنی اسم اعظم جو ایک مرشد یا عمل کی زیر ہدایت ہو جائے۔ دل ہی دل میں جاپ کرتے رہو اب نتھنوں کے بند کر لو۔ اور جتنی دیر سانس کی کشید کی تھی۔ اس سے دگنی دیر تک سانس روکے رہو۔ اس کے بعد بایاں نتھنا بند کر کے دائیں نتھنے سے ریچک کی طرح سانس آہستہ آہستہ باہر کی جانب خارج کرو۔ اس وقت ایک سیکنڈ کے لئے سانس روکنے کی ضرور نہیں ہے۔ دائیں نتھنے سے سانس خارج کرنے کے دوران میں بایاں نتھنا بند رہنا چاہئے۔ اس کے خارج ہونے کی مدت پورک کی مدت کے برابر ہونی واجب ہے۔ اس کے بعد پھر دائیں نتھنے سے سانس اندر کی جانب کھینچو۔ اور پھر پورک کے دُگنے وقت تک روکو۔ اور بعد بائیں نتھنے سے آہستہ آہستہ اتنی دیر تک خارج کرو۔ جتنی دیر تک پورک میں سانس اندر کی طرف کھینچی تھی یہ عمل ہر موقع پر پہلے تین چار بعدہ پانچ چھ مرتبہ ہونا چاہئے۔ اس شغل کی مزاولت چوبیس گھنٹہ کے اندر چار مرتبہ اعلیٰ الصبح دوپہر شام اور آدھی رات کے وقت لازمی اور مفید ہوتی ہے۔

پرانایام میں وقت کی پابندی

پرانایام شغل علے الصبح اور رات کے وقت کسی سنسان مقام پر کرنا چاہئے اس مشق میں بیٹھنے کی جگہ جس قدر صاف ستھری خوشنما اور شور غل سے پاک ہوگی۔ اس قدر دل سانت اور یکسو ہوگا۔ رشی منی جنگلوں میں اسلئے رہا کرتے تھے۔ شاستر کے اندر پرانایام اور جپ وغیرہ کرنے کی ہدایت سنسان جنگل میں اور ندی یا تالاب کے نزدیک کی گئی ہے۔ مگر آپ کو [illegible] جگہ نہ ملے تو گھر کے کسی

تنہا حصہ میں جہاں زمین صاف ہو۔ ہوا صاف آتی ہو بال بچوں کا اور عام لوگوں کا شور و شعب نہ ہو۔ کوئی مکھی مچھر وغیرہ کی بھنبھناہٹ بھی نہ ہو۔ اور نہ ہی کسی قسم کی بدبو پڑتی ہو۔ ایسے مقام پر پرانایام اور جپ وغیرہ کرنے کیلئے بیٹھنا چاہئے۔ پرانایام اور جپ کے واسطے علحٰدہ کمرہ مل جائے تو بہت اچھا ہے۔ اس مشق کے لئے مقام کو ایسا خوشنما بنالینا چاہئے کہ اس میں جاتے ہی دل خوش ہو اور شانتی کا اثر پیدا ہو جائے اور جپ کرنے کو خود بخود جی چاہنے لگے۔

پرانایام میں غذا کی پابندی

پرانایام اور جپ وغیرہ میں بیٹھنے کا کام ہے۔ جس قدر کام بیٹھنے کے ئیں کمزوری قاضمہ کا مرض پیدا کرنے والے ہیں۔ اس مشق میں کھانا کیا کھانا کس قدر کھانا اور کب کھانا چاہئے۔ ان باتوں کا جس کو ٹھیک ٹھیک علم ہوتا ہے۔ خرابی ناضمہ کیا کوئی بھی مرض اس کے پاس سے کبھی نہیں گذر سکتا۔ غذا کا زیادہ کھانا تندرستی کو برباد کرتا ہے۔ عمر کو گھٹاتا ہے۔ دکھوں کو پیدا کرتا ہے۔ خیلالات کو خراب کر دیتا ہے۔ دُنیا میں بھی برائی ہوتی ہے اس لئے سب سے پہلی بات یہ ہے کہ بھوک سے زیادہ کبھی نہ کھانا چاہئے جپ کرنے والا ہو یا بلا جپ کرنے والا۔ غذا سب کو ہلکی تازہ اور وقت پر تھوڑی کھانا چاہئے اس اصول کی پیروی کرنے والا کبھی بیماری نہیں ہوگا۔ جو مرض کسی دوا یا اور تہبیر سے آرام نہ ہوتا ہو۔ وہ جڑ سے جاتا رہے گا۔

ورزش کی پابندی

دُنیاوی زندگی میں ہر ایک انسان کو اور خاص کر جپ کرنے والے کو یا جن لوگوں کو ۶ یا ۸ گھنٹے بیٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے۔ ورزش ضروری کرنی چاہئے۔ جو ورزش نہیں کرتا۔ اس کی تندرستی کبھی قائم نہیں رہ سکتی۔ اور جو تندرست نہیں رہتا اس کا دل بھی کبھی خوش نہیں رہتا ہے۔ وہ کوئی کام عمدہ طریقہ سے نہیں کر سکتا۔ اس لئے ہزار کام چھوڑ کر سب سے پہلے جسم کو طاقتور بنانا یہ ہر آدمی کا پہلا فرض ہونا چاہئے۔ کیونکہ جسم ہی دُنیاوی فرائض کو سرانجام دینے اور آخر میں مکتی کو حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ جو انسان عیش اور لاپرواہی سے جسم کو برباد کر دیتا ہے۔ سب کچھ برباد کر دیتا ہے۔ جو جسم کی حفاظت کرتا ہے وہ سب چیز کی حفاظت کرتا ہے۔ اس لئے تندرستی۔ درازی عمر اور بشاعت کے لئے صاف ہوا اور ورزش ان دونوں چیزوں کی سخت ضرورت ہے۔ جو شخص ہمیشہ خانہ نشین رہ کر کبھی چہل قدمی نہیں کجرتا۔ اور چل پھر کر جسم کو حرکت نہیں دیتا وہ قبل از وقت موت کا شکار ہو جاتا ہے۔ ورزش کی کثرت میں سب سے اعلےٰ اور سب سے آسان ورزش پیدل چہل قدمی ہے۔ ایک دو میل نہیں۔ جس قدر گھنٹے بیٹھ کر جپ یا دوسرا کام کرنا پڑے اتنے میل تو ضرور چلنا چاہئے۔ اگر آٹھ گھنٹے بیٹھ کر کام کرنا پڑتا ہے۔ تو آٹھ گھنٹے بیٹھنے والے کو آٹھ میل ضروری چلنا واجب ہے۔ گھر سے چار میل تک جنگل کی طرف چلے جانا اور چار میل واپس آنا یہ کم سے کم ورزش ہے۔ اس سے زیادہ کرنے والے کو زیادہ فائیدہ ہے۔ جو باہر جانے سے مجبور ہیں۔ ان کو گھر ہی میں گھومنے کا طریقہ اختیار کر لینا چاہئے۔

پرانایام کی مشق میں فائیدے

آگے کی معلومات اگلے [illegible] میں دی جائے گی

ذہنی اور جسمانی تندرستی کیلئے یوگ اور پرانایام کی اہمیت

پرانایام کی مشق میں فائدے

پرانایام آجیات کی طرح مفید ہے۔ گھی دُودھ پھل اور دیگر مقوی اغذیہ سے انسان کو اتنا فائدہ نہیں پہنچتا جس قدر پرانایام سے پہنچتا ہے۔ اس میں خرچ ایک پائی کا بھی نہیں ہوتا۔ اس کے کرنے سے فائدے بیشمار ہیں۔ پیٹ کے درد، بدہضمی کی شکایت اور کمی اشتہاء کا یہ دشمن ہے۔ کھانسی دمہ اور تپ دق اس کے نام سے دور بھاگتے ہیں۔ کمزوری بددلی اور سستی پرانایام کرنے والے کے پاس پھٹکتی نہیں ہے۔ پرانایام ریاضت اور روشن ضمیری کی برداست طاقت ہے۔ اس کی روزانہ بلاناغہ مشق کرنے سے شاید امراض دُور ہوجاتے ہیں۔ جسم بالکل تندروست ہوجاتا ہے۔ اگر تندروست آدمی کرے تو۔ اس کی عقل طاقت جلال اور عمر میں ترقی ہوتی ہے۔ یہ کم سمجھی کی بات ہے کہ اس کے کرنے سے کبھی بھی بڑا نقصان ہوجاتا ہے۔ پرانایا سے نقصان کبھی کسی حالت میں جرا سا بھی نہیں ہوتا۔ شری بھگوت گیتا میں لکھا ہے کہ دولن کی ماں عقل ہے۔ جس کی عقل جتنی ہی تیز اور صاف ہوگی اُسی قدر علم اُسی قدر دولت وہ شخص پیدا کریگا۔ اس عقل کو ظاہر کرنے والا جلا دینے والا پرانایام کی طرح کا دوسرا کوئی طریقہ نہیں ہے۔ اس لئے انسان اور کچھ کرے یا نا کرے لیکن پرانایام ہر ایک آدمی کو روزانہ ضرور کرنا چاہئے۔

پرانایا یعنی ضبط انفاس کی مشق

علم تنفس کو پرانایام یعنی مشق ضبط انفاس بھی کہتے ہیں۔ شخصی مقاطیس یا بسی کرن کی طاقت حاصل کرنے کا یہ ایک نہایت اعلےٰ اور زبردست طریقہ ہے۔ اس مشق میں اعصاب کی مکمل صفائی ایک ماہ یا اس سے کچھ زیادہ عرصہ میں ہونے لگتی ہے۔ پانچ یا چھ ہفتے کی مشق کے بعد جسم ہلکا معلوم ہونے لگ جاتا ہے۔ سستی اور کاہلی دُور ہوجاتی ہے۔ ہر عضو میں چستی آجاتی ہے۔ بشاشت دل میں مسکن بنالیتی ہے۔ اور جسمانی حالت میں ایک انقلاب عظیم واقع ہوجاتا ہے۔ اس مشق میں بعض مرطبہ ایسا بھی معلوم ہونے لگتا ہے کہ بڑی عمدہ خوشبو کسی طرف سے آرہی ہے۔ حالانکہ خوشبو کا کہیں وجود بھی نہیں ہوتا۔ اِسکی مشق سے انسان کو دُوسرے کے دِل کا حال معلوم ہوجاتا ہے۔ جس کی خبر خد اس کی جات کو نہیں ہوتی۔ اُس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام میں ضروری باتوں کی پابندی

پرانایام کی مشق میں جس کے لئے گھی دودھ وغیرہ طاقتور چیزوں کے کھانے کا مناسب انتظام نہ ہو۔ اِس کو بہت زیادہ پرانایام نہ کرنا چاہئے کیونکہ پرانایام سے آکسیجن نامی ہوا اندر جاتی ہے۔ جو سائنس دانوں کے اصول کے مطابق آگ کا جزو ہے۔ یہی ہوا حرارت کو تیز کرتی ہے۔ یہی ہوا سب امراض کوُدور کر دیتی ہے۔ اِس عمل میں اگر گھی دُودھ نہیں کھایا جائیگا تو پرانایام سے سر درد وغیرہ خشکی کی خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ اس سادھن میں ایک بات اور بھی یادرکھنے کے قابل ہے کہ داہنے نتھنے سے نکلا ہوا سانس گرمی پیدا کرتا ہے۔ اور بائیں طرف سے سردی کی حرارت پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جس وقت گرمی زیادہ معلوم ہو تو داہنے نتھنے سے سانس کھینچ کر بائیں طرف نکال دینا چاہئے۔ اگر سردی زیادہ ہو تو بائیں سے کھینچ کر داہنے نتھنے سے خارج چاہئے۔ منہ کے ذریعہ سے بھی سانس باہر نکال دینا اچھا ہے۔ لیکن کھینچنا ہمیشہ ناک کے ذریعہ اچھا ہوتا ہے۔ کیونکہ ناک کے چھیدوں میں جھلی ہے۔ جس میں سے ہوا چھن کر اور صاف ہوکر اندر پہنچتی ہے۔ جو ہوا ہمارے اندر بھری رہتی ہے۔ وہ گندہ نا صاف بیماری پیدا کرنے والے اور بالکل نقصان دہ ہوتی ہے۔ اِس کو باہر نکال دینا اور صاف ہوا جسم میں جس قدر ممکن ہو بھر دینا ہی پرانایام کا خاص مقصد ہے۔ اسی لئے جنگل تالاب باغ باغیچہ وغیرہ مقامات پر جہاں صاف اور پاک ہوا کسرت سے دستیاب ہوسکے۔ پرانایام کرنا خاص طور پر مفید ہوتا ہے۔

پرنایام کے سلسلے میں چند ضروری مشقیں

پرانایام کے سلسلے میں اب ہم ایسی چند مشقوں کی حدایت کریں گے جن سے قواء جسمانی اور روحانی انکشاف میں طاقت اور توانائی حاصل ہوتا ہے اسی مشق میں دماغ اور پٹھے دونوں چیزوں سے کام لیا جاتا ہے۔ وہ خیالات جو روشن ضمیری اور انکشاف تلب میں پراگندہ اور منتشر کرنے والے ہوتے ہیں۔ دماغ سے خارج ہوجاتے ہیں۔ اِن مشقوں میں اور ریاضت پرانایام میں فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں دماغ سے بھی قریب قریب اسی قدر کام لیا جاتا ہے جتنا پٹھوں سے لیا جاتا ہے۔ اسی میں یکسوئی اور قوت ارادی دونوں کی مشق ساتھ ساتھ ہوتی ہے۔ یہ دونوں ایسی چیزیں ہیں جن کے بغیر ہر ایک طریقہ ریاضت بالکل بے سود ہوتا ہے۔ ان مشقوں میں دماغ کو یکسو کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ جب تک دماغی یکسوئی نہ ہوجائے۔ اِس وقت تک ان کو عمل میں لانا منع ہے۔ ان ریاضتوں کے کرنے سے کھوئی ہوئی تندرستی واپس ملتی ہے۔ اور ساری دماغی اُلجھن دور ہوجاتی ہے۔

پرانایام کے سلسلے میں پہلی مشق

جن شخصوں کے کمزور معدے ہیں۔ وہ سیدھے کھڑے ہوکر بازوؤں کو اس طرح پھیلا دیویں کہ وہ ایک خط مستقیم میں رہیں۔ اس کے بعد اپنے سارے جسم کو بائیں طرف موڑ کر گھما دیویں۔ پاؤں کی حرکت اس مشق میں ایک ہی جگہ بے جنبش رہے۔ اِس کے بعد پھر پہلی مرتبہ کی مانند دائیں طرف کو بدن موڑ لیویں۔ یہ جسم کا دائرہ حرکت کئی مرتبہ عمل میں لانا چاہئے۔ اس مشق میں پاؤں کی حالت میں

فرق نہ واقع ہونے پائیں۔ وہ ایک ہی جگہ پر قایم رہیں۔ اس عمل کے دوران میں تمہیں برابر اس خیال پر طبیعت کو یکسو کرنا چاہئے۔ کہ تمام قوائے ہاضمہ میں حرکت ہو رہی ہے۔ اور ان کو نہایت سرعت کے ساتھ فائیدہ پہنچ رہا ہے۔

دوسری مشق

اس مشق سے تمام پٹھوں کی ورزش ہو جاتی ہے۔ یہ مشق بہت آسان ہے اور ساتھ ہی ساتھ نفیس بھی ہے۔ اس مشق سے اپنے دونوں پاؤں ایک ساتھ جوڑ کر اور ہاتھوں کو ران پر رکھ کر سیدھے کھڑے ہو جاؤ۔ اس کے بعد رانوں کو جھکا کر جسم کو رفتہ رفتہ نیچے لے آؤ۔ اس مشق کے ساتھ اپنے دل میں آعصاب کا تصور کرتے رہنا اور تمام طاقت خرچ کر کے اُن پر زور پہنچانا چاہئے۔ اس کے بعد پھر پہلی ہی حالت قایم کرو۔ یہی عمل متواتر جاری رکھو جب تک تھک نہ جاؤ۔ اس مشق سے دل میں یہ تصور کرو کہ ہر ایک پٹھے کے متعلق اس میں حرکت ہو رہی ہے۔

تیسری مشق

اس مشق میں پور طاقت سے کام لیکر گہری سانس لی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں صاف ہوا بھر جاتی ہے۔ اس کے بعد اتنی ہی طاقت سے سانس کو باہر نکالنے میں جس سے پھیپھڑے بالکل خالی ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح سانس کی اندرونی اور بیرونی کشید متواتر جاری رہنے سے خون میں ایک نہیں حرکت پیدا ہو جاتی ہے۔ خون تمام جسم میں دوڑ جاتا ہے۔ اور جرائم امراض دُور ہو جاتے ہیں۔ اس میں محض دریا یا کسی اور چیز کی طرف رُخ کر کے جدھر سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں۔ کہ سینہ بھرا ہوا رہے اس کے بعد نتھنے کے ذریعہ سے آہستہ آہستہ حتے الامکان بڑی دیر تک ایک نہایت سانس کھینچی جاتی ہے۔ جس سے پھیپھڑوں میں ہوا جمع ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد فوراً ہی آہستہ آہستہ حتے الامکان پوری ہوا باہر نکال دی جاتی ہے۔ یہ مشق نہایت سادا ہے اور اس میں ذرا بھی وقت نہیں واقع ہوتی۔ اس کو عمل میں لانے سے انسان کی تندرستی میں اضافہ ہوتا ہے۔ امراض کہنے کے جرائم مرجاتے ہیں۔ اور قسم قسم کی بیماریاں دُور ہو جاتی ہے۔

چوتھی مشق

جس جانب سے صاف ہوا آ رہی ہے۔ اُدھر منہ کر کے سیدھے بیٹھ جاؤ اگر پدم آسن سے بیٹھا جائے تو بہتر ہے۔ اسکے بعد پھر ہونٹوں کو اس طرح آگے نکال دو جیسے سیٹی بجانے میں کیا جاتا ہے۔ دونوں ہونٹوں کے درمیان ذرا سا سوراخ رہنا چاہئے۔ پھر منہ سے آہستہ آہستہ سانس کو نکال دو۔ اندر کی طرف سانس لینے میں ایک آواز سی پیدا ہوتی ہے۔ اس مشق سے خون غیر معمولی طور پر صاف ہو جاتا ہے۔ تلی کی بیماری اور پرانے بخار کے لئے یہ عمل نہایت ہی فائیدہ مند ہے۔ اگر بھوک کم لگتی ہو یا خون میں زہر ہو گیا ہو تو یہ عمل

کرنے سے شکایت دُور ہو جاوے گی۔ درد قولنج کے دفعیہ میں یہ ایک نہایت انگیز علاج ہے۔ یہ مشق دن تین چار مرتبہ اگر دل چاہے تو اسے بھی زیادہ مرتبہ کی جا سکتی ہے۔ ایک مشق میں دس یا بارہ منٹ ...... سے ...... زیادہ وقت...... صرف...... نہ...... کرنا چاہئے۔

پانچویں مشق

جو مشق اُوپر بیان کی گئی ہے۔ اُسکے موافق سیدھے بیٹھ کر ہونٹوں کے ذریعہ سے اندر کی طرف سانس لو۔ جس سے آواز نکلتی ہو۔ اس میں ہونٹ باہر نکالنے کی ضروری نہیں۔ ہونٹ بند کر لینا چاہئے۔ اس قدر صرف گنجائش ہے۔ کہ سانس صرف اندر کھینچی جائے۔ اس کے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے جس قدر بھی ہو ممکن ہو سانس باہر کی طرف نکال نا چاہئے۔ جتنے کے معدہ اور پیٹ پیٹھ سے مل جائے۔ روزانہ دو یا تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مختلف امراض کے جرائم مرجاتے ہیں۔ اور بیماری پاس تک نہیں آسکتی۔ انسان طاقتور خوبصورت اور بشاش نظر آنے لگ جاتا ہے۔ کاہلی غنودگی اور اپاہج پن مٹ جاتا ہے۔ یہ مشقیں جو بتائی گئی ہیں۔ ان کے دوران میں اندر کی طرف سانس لیتے وقت اپنے دماغ کے اندر یہ تصور جما لینا چاہئے کہ تم آجیات پی رہے ہو۔ تمہارے بدن میں عالمگیر طاقت زندگی ہوا کے ذریعہ سے پہنچ رہی ہے۔ اور جذب ہو کر تمام امراض جسمانی کی بیخ کنی پر مائیل ہے۔ اگر کوئی عارضہ لاحق ہو تو اس عارضیہ کے دفعیہ کا تصور کرنا چاہئے۔ سانس کی باہر کے کشیدہ کے دوران میں خیال کرنا چاہئے کہ جسم سے تمام مادا فاسد باہر نکل رہا ہے۔ اور اجزا کے جسم میں پہنچ جانے سے بیماری پیدا ہو گئی تھی۔ وہ قطعاً خارج ہو رہے ہیں۔

چھٹی مشق

دنیاوی ضروریات اور غسل فارغ ہو کر منہ ہاتھ دھونے کے بعد جہاں تازہ صاف ہوا ہو۔ جہاں جوئی ذی روح آ کر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے۔ مشرق کی طرف رُک کر کے پلتھی مار کر بیٹھ جاؤ۔ یا جی چاہے تو کھڑے رہو۔ سر گردن اور جسم ایک سیدھ میں کر لو۔ اگر کھڑے ہو تو منہ تھوڑا آگے کو نکال دو اور دونوں کاندھے کچھ پیچھے کی طرف پھینک دو۔ کھڑے ہوئے کی صورت میں جسم کے کسی حصہ پر کسی قسم کا دباؤ نہ ڈالو اب پہلی مرتبہ زور سے سانس کو زور سے باہر نکال کر آہستہ آہستہ پھر نتھنوں کے ذریعے سے اندر کی طرف کشید کرو۔ جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ اس کے بعد پھر آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالتے رہو اور اندر کھینچتے رہو۔ سانس باہر نکالتے وقت یہ دیکھ لو کہ پیٹ بالکل پیٹھ سے لگا گیا ہے۔ اور سانس اندر لیتے وقت ایسا معلوم ہونا چاہئے کہ تمام جسم میں ہوا بھر رہی ہے بدن پھول رہا ہے اور مضبوط ہو رہا ہے۔ سانس لیتے وقت آہستہ آہستہ اپنے دونوں ہاتھ اُوپر اُٹھاتے جانا چاہئے۔ جس سے آپکو مشق کا وقت معلوم ہوتا جائے۔ اس کے بعد اپنے اُٹھے ہوئے ہاتھوں کو آہستہ آہستہ

نیچے کھینچتے جانا چاہئے۔ حتےٰ کہ وہ پاؤں کے انگوٹھوں سے چھو جائے۔ ایسا کرتے میں نہ تو زانو جھکنے پائیں اور نہ ہی سانس باہر نکلنے پائیں۔ اس طرح سے دوبارہ اپنے ہاتھ اُٹھا کر اُس طرح سر کی طرف لے جائیں اور سانس آہستہ آہستہ اندر کی طرف کھینچتے جائیں اسکے بعد پھر جب ان کو نیچے کی طرف اُتاریں تو ساتھ ساتھ پھیپھڑوں سے ہوا بھی خارج کرتے جائیں۔ جب پھیپھڑے ہوا سے بالکل بھر جائیں تو ناک سرے کی طرف ٹکٹکی جما کر دیکھیں اور اپنے دِل میں یہ خیال کو استحکام کے ساتھ داخل ہونے کی جگہ دیں۔ کہ آپ کے اندر ایک نہایت زبردست شخص مقناطیس سرایت کر رہی ہے۔ جس کی کشش کا تمام دُنیا مقابلہ نہی کر سکتی۔ اس مشق کو پرانایام کہتے ہیں۔ اس مشق کے اندر شروع شروع میں پورے عمل میں ایک منٹ سے زیادہ وقت نہ لگنا چاہئے۔ مہینہ پندرہ دن کرنے سے عمل کرنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے۔ کم از کم نصف گھنٹہ صبح اور نصف گھنٹہ شام کے وقت یہ عمل جاری رکھنا چاہئے۔ جتنی طاقت مشق سے بڑھتی اور عادت پڑتی جائے نہ آپکو اُسکی مدت میں اسی حساب جیسی کرنے کا بھی اختیار ہے۔ اس مشق میں باقاعدگی ہونی چاہئے۔

پرانایام کی ساتوی مشق

دُنیاوی ضرورِیات واسنان سے فارغ ہو کر صبح کے وقت ایک علیحدہ کمرہ میں بیٹھ جائیں۔ اُس وقت آپ یہ خیال دِل میں جمالیوے کہ یہ کمرہ وہ خلوت خانہ ہے۔ جہاں صرف خدا اور انسان کی ملاقات ہو سکتی ہے۔ اسکے بعد پھر نتھنوں کے ذریعہ سے ۶ مرتبہ گہری سانس باہر اور اندر کی طرف لے جائیں۔ منہ کے ذریعہ سے کبھی سانس نہ لیویں۔ دماغ کو یکسوں بنالیویں ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں۔ پھر اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ اُوپر لے جائیں۔ ایڑیاں دیوار سے لگا دیویں۔ سر ہتھیلیوں پر رہے جسم کا توازن کہنیوں سے تراش کریں۔ اس مشق کی موازلت میں ماہ تک برابر ہونی چاہئے۔

پرانایام کی آٹھویں مشق

پرانایام کی مشق کے لئے ایک کمرے میں جا کر سب کپڑے اُتار ڈالیں جس سے جسم کی ہر کت میں کسی قسم کا ہرج واقع نہ ہونا پائے۔ اسکے بعد ایک گہری سانس لیوے جس سے پھیپھڑے بالکل بھر جائیں۔ پھر سینے کو پھیلاوٹ دیویں۔ اور شکم اندر کی طرف کھینچے۔ اِس کے بعد چند سکنڈ بعد سینا سکوڑ لیویں۔ پھر شکم پھیلا دیں اور سانس کو اندر قائیم رکھیں۔ سانس اس طرح اندر کے رہنے کی حالت میں آپ کو کم از کم پانچ مرتبہ علےٰ متواتر سا یہ پھیلانا اور شکم سکوڑنا چاہئے۔ ایک ایک منٹ کا وقفہ دیکر کم از کم نصف گھنٹہ روزانہ اسکی مشق جاری رکھنا چاہئے۔ اس قسم کی اندرونی مشق سے نابھی کنوں کو بہت تقویت پہنچتی ہے۔ جو ایک زبردست مرکز مقناطیسی کشش کی ہوتی ہے۔ اس مشق میں دوسروں پر اثر کرنے اور دوسروں کا اثر قبول کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

پرانایام یعنی ضبط الفاس کی مشق

پرانایام کی اِس مشق کے دوران میں مقناطیسی کشش کی نشونماں کی خواہش مظبوطی کے ساتھ آپ کے دِل میں قائم ہونی چاہئے۔ اس مشق میں باقاعدگی روزانہ بلاناغہ جاری رکھنی واجب ہے۔ جب نابھی کنول میں پران یعنی زندگی کی طاقت اس طرح ترقی کرنے لگتی ہے تو اس سے خیال کی لہریں کشش ہونے لگتی ہیں۔ جن کا آخرکار ماتحت باخبری کی دُنیا میں اثر ہوتا ہے۔ اس سے فوراً مطلوبہ حالت پیدا ہونے لگتی ہے اِس مطلوبہ حالت میں اس طرح زیادتی تربیت کے آغاز کے ساتھ نو مہینے تک آپکی مشق کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اگر آپ راستی اعتقاد سے شوق کے ساتھ کام کرنے والے ہیں تو اس ارسہ میں بلا مزاحمت ایک زبردست مقناطیسی شخصیت پیدا ہو سکتی ہے جس کی بدولت آپ تمام دُنیا کو اپنی طرف کھینچ سکتے ہیں۔

پرانایام کی نویں مشق

پرانایام کی یہ مشق کرنے سے جب آپکی شخصیت میں مقناطیسی کشش پیدا ہو جائے تو۔ یہ نہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہ کمال یہیں پر ختم ہوا ہے۔ یہ محض ایک قوس کا نقشہ ہے۔ اس کا مکمل دائرہ ابھی بنا ہی نہیں ہے اس دائرے میں مخفی شخصیت کی نشونماں کرنے کے بعد (استغراق) کا عمل کرنا پڑتا ہے۔ اس عمل میں تقریباً ۱۵ منٹ تک راستی اور پورن اعتقاد سے مشق کرنی چاہئے۔ پرانایام کا اس مشق میں آپ ایک ایسے کشادہ میدان میں یا کبھی ایسے کمرہ میں چلے جائیں جہاں آپکے بنا دوسرے کی آمدورفت نہ پائی جائے آپ اس مشق کے لئے ایک ایسی جگہ پسند کر لیوں جو شور وشعب سے دُور ہو اور سناٹے کا جہاں عالم ہو جہاں کوئی زیرج آ کر اس خاموشی میں خلل انداز نہ ہو سکے وہاں آپ پدم آسن سے بیٹھ جائیں۔ تو بہتر ہے۔ ورنہ اسی طرح بیٹھے کہ نشست میں کسی قسم کی بھی تکلیف معلوم نہ ہوں اسکے بعد پرانایام کیجئے۔ اس مشق میں کم سے کم دس سانس باہر اور اندر کی طرف لینا اچئے۔ یعنی ایک سانس باہر نکال کر ذرا سی دیر تک باہر ہی روک لیویں۔ پھر آہستہ آہستہ کھینچ لیویں اسی طرح ذرا سی دیر اندر ہی روک کر آہستہ آہستہ باہر نکال دیویں۔ یہ ایک پرانایام ہوگا۔ اسی طرح دس پرانایام کرنا چاہئے۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ مقدس گائتری منتر یا اوم منتر کا جاپ کرتے رہنا چاہئے۔ یہ منتر سانس کے ساتھ ساتھ جاری رہنا چاہئے۔ اس سے آپ کے دِل و دماغ کو سکون حاصل ہوگا۔ اسکے بعد آپ کو ہوشیاری کے ساتھ پاؤں کے بل کھڑا ہو جانا چاہئے اور اپنے سامنے ایک آئینہ رکھ کر اپنے عکس کے ساتھ بات چیت کرنی چاہئے۔ جو کچھ آپ کہنا چاہتے ہو کہئے۔ خواہ وہ باتیں غیر معمولی۔ خواہ معمولی لفظ لیکن ہر جملے سے پہلے خوب غور کر لینا چاہئے۔ اس کے بعد اس کو مظبوط مکمل اور اُو پُر اعتماد لہجہ میں ادا کرنا چاہئے۔ ہر ایک رکن لفظی کو بار بار دوہرانا اور اس کو خوب موثر دینا واجب ہے۔ اس مشق میں آپ واقعی موثر حرکات سے ایک دوسرے شخص سے ہم کلام ہو رہے ہیں۔ مقناطیسی شخصیت کی نشونماں اور اس کے قیام وقرار کیلئے یہ مشق شاندار اور مفید ہے۔

ہری بھری سبزیوں سے مختلف مرض کے علاج

سبزیاں انسان کی بنیادی غذا نہیں، بلکہ ان کا کام غذا کو پُر لطف اور متوازن بنانا ہے۔ انسان کی فطری خوراک سبزیاں ہیں جو جسمانی مشینری کو درست حالت میں رکھتی ہیں۔ سبزیوں میں موجودہ خصوصیات سے اگر انسان آگاہ ہو جائے تو وہ ادویات اور ڈاکٹر سے چھٹکارہ حاصل کر سکتا ہے اسی موضوع پر ہم کچھ سبزیوں کے بارے میں بتا رہے ہیں کہ کس انداز میں اور کس کس جسمانی نقص کو دور کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں۔

کدو (گھیا)

بے حد مشہور اور پسندید سبزی ہے اس کی دو قسم ہیں۔ لمبا اور گول۔ اسے گھیا بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں نمکیات اور وٹامن اے۔ بی۔ سی موجود ہے۔

خصوصیت وعلاج : کدو دل و جگر اور دماغ کو قوت و فرحت دیتا ہے۔ بلڈ پریشر اور خون کی گرم کو کدو ختم کرنے میں لاثانی ہے۔ پیشاب کے امراض میں بے حد مفید ہے اور اگر پیشاب جل کر آتا ہے تو یہ اسے جلد ختم کر دیتا ہے۔ کدو کے بیجوں کا تیلا نکالا جاتا ہے۔ جو سر کے بالوں کو بڑھاتا اور طاقتور بناتا ہے۔ دردِ سر دور کرتا ہے۔ سر کو ٹھنڈک دیتا ہے۔ کدو کھانے سے دائمی قبض دور ہو جاتی ہے۔ کدو کے گودے میں مصری ملا کر حاملہ عورت کو کھلانے سے خوبصورت بچہ پیدا ہوتا ہے۔ کدو کا گودہ بچھو کے ڈنک والے مقام پر ملنے اور اسکا رس مریض کو پلانے سے درد بند ہو جاتا ہے۔ اور زہر اپنا اثر نہیں کرتا۔ آنکھوں تلے اندھیر آتا ہو اور سر چکراتا ہو تو کدو کاٹ کر اس کا ٹکرا پیشانی پر رکھنے سے درد سر کو آرام آجاتا ہے۔ کدو کے چھلکے پاؤں پر ملنے سے گرم کا خمار دُور ہو جاتا ہے۔ اور پاؤں کے جلن کو بے حد آرام ملتا ہے۔

ادرک

ادرک ایک ایسی بے مثال سبزی ہے جو اپنی حیثیت میں تو کھانے کے کام نہیں آتی بلکہ اسے مختلف کھانوں میں لذیذ بنانے اور اسکی تاثیر بدلنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ بہت سے امراض کا شافی علاج ہے۔ وٹامن سی اور بے شمار ضروریات بدنی کے ہمراہ اس کی تاثیر گرم خشک ہوتی ہے۔

خصوصیت وعلاج : ادرک کھانے کو ہضم کرنے میں معاون ہے۔ یہ قبض توڑتا ہے۔ نفخ کو پیٹ سے دور کرنے میں سب سے کامیاب ہے۔ معدے میں رطوبت اور بلغم کو ختم کرنے میں اور سب سے بہتر سبزی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ جگر کو بھی طاقت دیتا ہے۔ بلغم دور کرنے کے لئے ادرک ادوا اور غذا دونوں صورتوں میں بے حد مفید ہے۔ معدہ رطوبتیں جمع ہو کر جن لوگوں کا پیٹ بڑھا دیتی ہیں۔ اور وہ موٹے ہو جاتے ہیں۔ ان کے لئے ادرک ایک بے حد مفید اور کار آمد سبزی ہے۔ ایسے لوگ ادرک ایک تولہ لیں اور اسے باریک کتر کر ار توے پر ذرا سا پانی ڈال کر اسے بھون لیں اور جب یہ پانی خشک ہونے لگے تو چمچہ بھر گھی ڈال کر اسے بھون لیں اور روٹی کے ہمراہ اسے بطور سالن کھالیں۔ یہ بے حد لذیذ غذا تیار ہو جائے گی۔ جب کہ دوا کی حیثیت میں بھی یہ بے حد فائدہ دے گی۔ اس کا اس طریقے سے مسلسل استعمال پیٹ کی رطوبتیں ختم کر دیتی ہے اور انسان کو موٹاپے سے نجات مل جاتی ہے۔ ادرک کا رس شہد ملا کر چاٹنے سے سردی کی کھانسی کو آرام ملتا ہے۔ ادرک کا مربہّ کھانے اور جائفل چوستے رہنے سے فالج کا مریض شفا حاصل کرتا ہے۔ ادرک کا پانی نکال لیں اور اسے کان میں ڈالتے رہیں۔ کان درد کے لئے بے حد مفید ہے۔ پیٹ درد کے لئے ادرک کا مربہ سبھی دواؤں سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

پالک

پالک دنیا بھر میں پایا جانے والا ساگ ہے جو کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ یہ چھوٹے چھوٹے پتوں والی وہ مزے دار سبزی ہے جو سال بھر رہتی ہے۔ اس کے اجزاء میں نمکیات، فولاد، تانبہ اور وٹامن اے۔ بی۔ ایچ۔ سی اور پی ہیں۔ اس کا مزج سرد تر ہے۔

خاصیت وعلاج : سبھی سبزیوں سے زیادہ زود ہضم ہے اور معدہ کی جلن کو دور کرتا ہے۔ پیشاب آور سبزی ہے اور مثانہ میں اگر پتھری موجود ہو تو اسے خارج کرنے میں لاثانی ہے۔ مصفّی خون ہے۔ انتڑیوں کی سستی ختم کر کے ان میں حرکت لانے کا باعث ہے اور قبض اسی سے ختم ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ جو خشکی اور گرمی کا شکار ہوں انہیں پالک کا استعمال بکثرت کرنا مفید ہے۔ پیاس زیادہ لگنے اور پیشاب جل کر آنے کی صورت میں پالک کا استعمال یہ مرض دور کر دیتا ہے۔ دائمی قبض پالک کا کثرت سے استعمال کرنے سے مستقل ختم ہو جاتی ہے۔ زود ہضم ہے اور یہ معدہ و آنتوں کو نرم کرنے کا باعث ہے۔ بخار میں مبتلا لوگ اسے شوق سے اور بلا جھجک استعمال کریں۔ یہ بخار نزلہ۔ زکام۔ درد گردہ اور تبخیر معدہ کے لئے بے حد عمدہ غذا ہے۔ گلے کے درد کیلئے اس کے پتے ابال کر ان سے غرارے کرنا بے حد مفید ہے۔

پیاز

پیاز دنیا بھر میں مشہور عام سبزی ہے جس کے بغیر کوئی سالن پکانا ممکن نہیں۔ اور نہ ہی کوئی سالن اس کے بغیر مزے دار بنتا ہے۔ اسے مصالحہ کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور بطور سلاد بھی اسے کھایا جاتا ہے۔ چٹنی بھی تیار کی جاتی ہے۔ اس میں نشاستہ۔ پروٹین۔ نمکیات۔ فاسفورس اور وٹامن بی وای جی اسکے اجزاء ہیں۔

خصوصیت و علاج: پیاز وہ نعمت ہے کہ جب قوم بنی اسرائیل من وسلویٰ کھاتے کھاتے اکتا گئی تو اس نے حضرت موسیٰ سے پیاز۔ مسور اور لہسن کی تمنا کی تھی۔ پہلے پہل پیاز کی اہمیت سے کیمیادان۔ اور علم طب کے موجد آگاہ نہ تھے۔ مگر تحقیق جب اس میں وٹامن جی بھی دریافت کی گئی تو یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ وہ مفید عالم اور کامیاب غذا ہے جس کی کچھ اپنی خصوصیات ہیں اسے اگر کچی حالت سے سبزی کے طور پر پکایا جائے تو اس میں سے کچھ کم نہیں ہوتا بلکہ ۱/۲ کے حیاتین کی مقدار پکنے کے بعد بڑھ جاتی ہے۔ روم کے مشہور زمانہ حکیم پلائنی نے پیاز کے ستائیس وہ فائدے تحریر کی ہے۔ جو زندہ رہنے کے لئے سنگ میل ہیں۔ روم کا مشہور بادشاہ نیرو علم موسیقی اور گانے کا رسیا بھی تھا۔ وہ اپنی آواز کو سریلی بنانے کے لئے سال کے بارہ ماہ پیاز کا استعمال کرتا تھا۔ پاکستان کی ملکہ ترنم نور جہاں جو اپنی سریلی آواز کے لئے دنیا بھر میں لاثانی ہیں۔ اپنے ایک انٹرویو میں اپنی پسندیدہ سبزی پیاز بتلاتی ہیں اور مشہور عالم لوگوں نے بھی اپنی آواز کو سریلی بنانے کے لئے رنگ کو گورا کرنے کے لئے اور ذہن تیز کرنے کے لئے پیاز کو ذریعہ بنایا انہوں نے ٹوٹی ہوئی ہڈیاں جوڑنے میں بھی پیاز سے مدد لی ہے۔ آئرلینڈ کے لوگ اسے کھانسی، نزلہ وزکام کے لئے بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔ مصر والے اسے دیوتا خیال کرتے ہیں۔ اور اس کی پوجا کرتے ہیں۔ زمانہ وسطیٰ کے لوگ مریضوں کے پاس جانے سے پہلے ہاتھوں میں پیاز پکڑ لیا کرتے تھے یا پیاز کا پانی ہاتھوں میں لگالیا کرتے تھے تاکہ مریض سے چھوت یا جراثیم اثر نہ کریں۔ قدیم اطباء کا قول ہے کہ اگر بچھو یا بھڑ کاٹ لے تو پیاز کا پانی وہاں لگادیں۔ درد دُور ہو جائے گا اور زہر اپنا اثر نہ کرے گا۔ یہ بات طے شدہ ہے اگر ہاتھ میں پیاز کی گانٹھ ہو تو لو نہیں لگتی۔ کانوں کے امراض کے لئے بے حد مفید ہے اس کا عرق کانوں میں ٹپکانے سے ثقل سماعہ اور دوی و طنین کو فائدہ حاصل ہوتا ہے اور کانوں کی میل کو یہ عرق صاف کر دیتا ہے۔ پیاز کو پیس کر اس کا لیپ بالوں پر کر دینے سے بال سیاہ اُگنے شروع ہو جاتے ہیں۔ بدن پر سیاہ داغ موجود ہوں تو اس پر پیاز کا عرق لگاتے رہنے سے یہ ختم ہو جاتا ہے۔ کچا پیاز کھانے اور پیاز پاس رکھنے سے طاعون اور دوسری وبائی امراض قریب نہیں آسکتیں۔ پیاز آگ میں بھون لیں اور اس کا رس نکال کر گرم گرم پلائیں۔ پیٹ درد کو شفا حاصل ہو گی۔ ایام ہیضہ میں اگر پیاز کاٹ کر گھر میں رکھ لیں تو اس گھر میں ہیضہ کا داخلہ تک نہ ہو۔ پیاز کو آگ پر بھون لیں اور پھر اس کا چھلکا دور کر کے اسے گھی میں بریاں کریں۔ یہ گرم گرم پیاز بواسیر کے مسوں پر باندھ دیں۔ مسے ختم ہو جائیں گے اور درد فوری بند ہو جائے گا۔ نصف چھٹانک پیاز کا پانی صبح سویرے پلاتے رہنے سے گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جاتی ہے۔ یہ پانی نہار منہ پینا شرط ہے۔ پیاز چھیل کر اسے دھولیں اور اس پر کھانے والا نمک چھڑک لیں۔ جب شدید ہچکی آرہی ہو تو یہ مریض کو دیں ہچکی بند ہو جائے گی۔ کئی روز سے ہچکی آرہی ہو تو چند روز اسے کھانے سے ہمیشہ کے لئے ہچکی بند ہو جائے گی۔ پیاز کا رس ایک دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ نکسیر بند ہو جائے گی۔

ٹماٹر

دنیا بھر میں پھلوں اور سبزیوں میں بادشاہت تقسیم کی گئی ہے۔ سیب کو پھلوں کا بادشاہ مانا گیا ہے اور ٹماٹر کو سبزیوں کا بادشاہ تسلیم کیا گیا ہے۔ اسے سلاد کے طور کچا کھانا بے حد سود مند ہے۔ سبزیاں پکاتے وقت اسے ان سبزیوں میں شامل کر کے پکایا جاتا ہے۔ ہر چند اس سے کھانے کے لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ اس کے اجزاء میں فولاد، وٹامن اے۔ ایچ اور سی ہیں۔

خصوصیت و علاج :۔ ٹماٹر خون صاف کرتا ہے اور خشکی کو دُور کرتا ہے۔ وہم اور دہشت کو ختم کرتا ہے۔ دانتوں کے امراض میں یا دانتوں کو مضبوط بنانے اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے ٹماٹر کا استعمال بے حد ضروری اور اہم ہے۔ لاغر اور کمزور بچوں کو ہر صبح دھو کر چوسنے کے لئے ایک ٹماٹر دینا چاہئے۔ کیونکہ بچوں کی پرورش کے لئے اس میں سبھی اجزا موجود ہوتے ہیں۔ بچوں کو ٹماٹر کا جوس دیا جائے تو انہیں دانت نکالنے میں بے حد آسانی ہوتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ان کا معدہ بھی درست کام کرتا رہتا ہے۔ حاملہ خواتین ہر صبح ایک ٹماٹر چوس لیں یا اس کا رس نکال کر پی لیں ان کا معدہ درست کام کرتا رہے گا۔ اور قے متلی کی شکایت نہیں ہو گی۔ ہر دوپہر کھانے کے بعد مولی۔ چقندر۔ سلاد اور ٹماٹر کا استعمال ضرور کریں۔ اس طرح آپ ہمیشہ صحت مند رہیں گے اور آپ کا ہاضمہ درست رہے گا۔ جب کچا ٹماٹر کھایا جائے تو کچھ دیر پانی ہرگز نہ پینا چاہئے کیونکہ پانی پئے بغیر ٹماٹر میں موجود تیزابی معدے جو آپ کے لئے فائدہ بخش ہیں۔ معدے میں خوبی اپنا کام سرانجام دیں گے۔

احتیاط : ٹماٹر بادی اور بلغم پیدا کرنے کا موجب ہوتا ہے ٹماٹر زکام پیدا کرتا ہے۔ تپ دق کے مریضوں کے لئے ٹماٹر مفید سبزی نہیں۔ ہے۔ جو سینے و گلے کے مرض میں مبتلا ہیں وہ ٹماٹر استعمال نہ کریں۔

کریلا

کریلا ایک مشہور سبزی ہے جو کھانے کے ساتھ ساتھ محاورے میں بھی استعمال ہوتی ہے۔ "کریلا اور نیم چڑھا" تلخ مزاج لوگوں کے لئے یہ مثال عام ہے۔ پکانے سے پہلے اسے نمک لگا کر کاٹ کر دھوپ میں ذرا دیر رکھنے کے بعد ہو لیں اور پھر پکائیں کڑواہٹ کم ہو جائے گی۔ کریلے میں فولاد۔ کیلشیم، فاسفورس۔ پروٹین اور وٹامن بی و سی اس کے اجزا ہیں۔

خصوصیت وعلاج :۔ درد کو نفع دیتا ہے اور اعصاب کو طاقتور بناتا ہے۔ جوڑوں کے لئے درد اور گنٹھیا کو نفع دیتا ہے۔ بلغم کو ختم کر دیتا ہے اور اسے کھانے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ باہ کو طاقت دیتا ہے اور ورموں کو تحلیل کرنے میں لاثانی ہے۔ کریلے کا استعمال لقوہ اور فالج میں بے حد مفید ہے۔ کریلا جسم سے گردہ و مثانہ کی پتھری توڑ کر پیشاب سے خارج کر دیتا ہے۔ دمہ کے مریضوں کے لئے کریلا بے حد فائدہ بخش سبزی اور دوا ہے۔ تین ماشہ کریلے کا پانی ذیابطیس (شوگر) کے مریضوں کو پلانے سے مرض ختم ہو جاتا ہے۔ کریلے کا رس نمک نچوڑ کر ہیضہ کے مریض کو پلانے سے قے اور دست بند ہو جاتے ہیں۔ خونی وبادی بواسیر میں کریلا بے حد مفید ہے۔ نقرس اور جوڑوں کے درد والے اصحاب کریلا بھون کر گھی ملا کر کھائیں شفا ہو گی۔ چوں کے ہر مرض میں اس کے پتوں کو نچوڑ کر ان کا رس پلانے سے مرض قریب نہیں رہتا ہے۔ معدے سے ریح خارج کرنے میں کریلا لاجواب ہے۔ ہاضمہ کو تیز کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔

لہسن

